۸	الاعراف	۶	أَهَٰؤُلَاءِ الَّذِينَ أَقْسَمْتُمْ لَا يَنَالُهُمُ اللَّهُ بِرَحْمَةٍ ادْخُلُوا الْجَنَّةَ لَا خَوْفٌ عَلَيْكُمْ وَلَا أَنتُمْ تَحْزَنُونَ ۔ اب یہ وہی ہین کہ تم قسم کہاتے تھے نہ پہونچاویگا انکو کچھ رحمت چلے جاؤ جنت مین نہ ڈر ہے تمپر اور نہ تم غم کہاؤ ۔
״	״	״	وَلَقَدْ جِئْنَاهُم بِكِتَابٍ فَصَّلْنَاهُ عَلَىٰ عِلْمٍ هُدًى وَرَحْمَةً لِّقَوْمٍ يُؤْمِنُونَ ۔ اور ہمنے انکو پہنچادی ہے کتاب جو کھول کر بیان کی ہے خبرداری سے اور راہ بتاتی اور مہربانی ایمان والے لوگون کو ۔
״	״	۷	إِنَّ رَحْمَتَ اللَّهِ قَرِيبٌ مِّنَ الْمُحْسِنِينَ ۔ بیشک رحمت اللہ کی نزدیک ہے نیکی والون سے
״	״	״	وَهُوَ الَّذِي يُرْسِلُ الرِّيَاحَ بُشْرًا بَيْنَ يَدَيْ رَحْمَتِهِ ۔ اور وہی ہے کہ چلاتا ہے ہوائین خوشخبری

پارہ	سورہ	رکوع	
			دینے والی آگے رحمت اسکی کے۔
٨	الاعراف	٨	اَوَعَجِبْتُمْ اَنْ جَآءَكُمْ ذِكْرٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ عَلٰى رَجُلٍ مِّنْكُمْ لِيُنْذِرَكُمْ وَلِتَتَّقُوْا وَلَعَلَّكُمْ تُرْحَمُوْنَ ۔ کیا تمکو تعجب ہوا کہ آئی تمکو نصیحت تمہارے رب کی طرف سے ایک مرد کی زبانی تم میں سے کہ تم کو ڈر سناوے اور تم بچو اور شاید تم پر رحم ہو۔
〃	〃	٩	فَاَنْجَيْنٰهُ وَالَّذِيْنَ مَعَهٗ بِرَحْمَةٍ مِّنَّا ۔ پھر ہمنے نجات دی اسکو اور جو ساتھ اسکے تھے اپنی رحمت سے
٩	〃	١٨	قَالُوْا لَئِنْ لَّمْ يَرْحَمْنَا رَبُّنَا وَيَغْفِرْ لَنَا لَنَكُوْنَنَّ مِنَ الْخٰسِرِيْنَ ۔ کہنے لگے اگر نہ رحم کرے ہمپر رب ہمارا اور نہ بخشے تو بیشک ہم خراب ہونگے۔
〃	〃	〃	قَالَ رَبِّ اغْفِرْ لِيْ وَلِاَخِيْ وَاَدْخِلْنَا فِيْ رَحْمَتِكَ وَاَنْتَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِيْنَ ۔ کہا اے رب معاف کر مجھکو اور میرے بھائی کو اور ہمکو داخل کر اپنی رحمت میں اور تو ہے سب سے زیادہ رحم کرنیوالا
〃	〃	١٩	وَالَّذِيْنَ عَمِلُوا السَّيِّاٰتِ ثُمَّ تَابُوْا مِنْۢ بَعْدِهَا وَاٰمَنُوْٓا اِنَّ رَبَّكَ مِنْۢ بَعْدِهَا لَغَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۔ اور جنہوں نے کیے برے کام پھر بعد اسکے توبہ کی اور یقین لائے تو تیرا رب اسکے پیچھے بخشنے والا مہربان ہے۔
〃	〃	〃	وَفِيْ نُسْخَتِهَا هُدًى وَّرَحْمَةٌ لِّلَّذِيْنَ هُمْ لِرَبِّهِمْ يَرْهَبُوْنَ ۔ اور جو ان میں لکھا تھا راہ کی سوجھ ہے اور رحمت انکے واسطے جو اپنے رب سے ڈرتے ہیں۔
〃	〃	〃	اَنْتَ وَلِيُّنَا فَاغْفِرْ لَنَا وَارْحَمْنَا تو ہی ہے ہمارا کارساز سو بخش ہمکو اور رحم کر ہم پر۔
〃	〃	〃	وَرَحْمَتِيْ وَسِعَتْ كُلَّ شَيْءٍ فَسَاَكْتُبُهَا لِلَّذِيْنَ يَتَّقُوْنَ وَيُؤْتُوْنَ الزَّكٰوةَ وَالَّذِيْنَ هُمْ بِاٰيٰتِنَا يُؤْمِنُوْنَ ۔ اور رحمت میری شامل ہے ہر چیز کو سو وہ لکھ دونگا انکو جو ڈر رکھتے ہیں اور دیتے ہیں زکوۃ اور جو ہماری باتیں یقین کرتے ہیں۔
〃	〃	٢١	اِنَّ رَبَّكَ لَسَرِيْعُ الْعِقَابِ وَاِنَّهٗ لَغَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۔ تحقیق تیرا رب جلد عذاب کرنے والا ہے اور تحقیق وہ البتہ بخشنے والا مہربان ہے۔
〃	〃	٢٤	هٰذَا بَصَآئِرُ مِنْ رَّبِّكُمْ وَهُدًى وَّرَحْمَةٌ لِّقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ ۔ یہ سوجھ کی باتیں ہیں تمہارے رب کی طرف سے اور ہدایت اور رحمت ہے واسطے اس قوم کو کہ ایمان لاتے ہیں
〃	〃	〃	وَاِذَا قُرِئَ الْقُرْاٰنُ فَاسْتَمِعُوْا لَهٗ وَاَنْصِتُوْا لَعَلَّكُمْ تُرْحَمُوْنَ ۔ اور جب قرآن پڑھا جاوے تو اس طرف کان رکھو اور چپ رہو شاید تم پر رحم ہو۔
١٠	الانفال	٩	وَاتَّقُوا اللّٰهَ ۭ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۔ اور ڈرتے رہو اللہ سے اللہ ہے بخشنے والا مہربان ہے

پارہ	سورۃ	رکوع	
١٠	الانفال	١٠	إِنْ يَعْلَمِ اللّٰهُ فِي قُلُوبِكُمْ خَيْرًا يُؤْتِكُمْ خَيْرًا مِمَّا أُخِذَ مِنْكُمْ وَيَغْفِرْ لَكُمْ وَاللّٰهُ غَفُورٌ رَحِيمٌ اگر جانے گا اللہ تمہارے دل میں کچھ نیکی تو دیگا تمکو بہتر اس سے جو تم سے چھن گیا اور تمکو بخشے گا اور اللہ ہے بخشنے والا مہربان۔
١٠	التوبۃ	١	فَإِنْ تَابُوا وَأَقَامُوا الصَّلٰوةَ وَآتَوُا الزَّكٰوةَ فَخَلُّوا سَبِيلَهُمْ إِنَّ اللّٰهَ غَفُورٌ رَحِيمٌ پھر اگر وہ توبہ کریں اور کھڑی رکھیں نماز کو اور دیا کریں زکوۃ تو چھوڑ دو انکی راہ اللہ ہے بخشنے والا مہربان
״	״	٣	يُبَشِّرُهُمْ رَبُّهُمْ بِرَحْمَةٍ مِنْهُ وَرِضْوَانٍ وَجَنّٰتٍ لَهُمْ فِيهَا نَعِيمٌ مُقِيمٌ خوشخبری دیتا ہے انکو پروردگار انکا اپنی طرف سے مہربانی کی اور رضامندی کی اور باغوں کی جنمیں انکو آرام ہے ہمیشہ کا
״	״	٨	وَرَحْمَةٌ لِلَّذِينَ آمَنُوا مِنْكُمْ (ذات پاک رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم) اور رحمت ہے ایمان والوں کے حق میں تم میں سے۔
״	״	١٢	وَاللّٰهُ غَفُورٌ رَحِيمٌ اور اللہ بخشنے والا مہربان ہے۔
١١	״	״	سَيُدْخِلُهُمُ اللّٰهُ فِي رَحْمَتِهِ (طلب قرب الہی و دخول در رحمت خدا است) البتہ شتاب داخل کرے گا انکو اللہ اپنی رحمت میں۔
״	״	״	إِنَّ اللّٰهَ غَفُورٌ رَحِيمٌ بیشک اللہ بخشنے والا مہربان ہے۔
״	״	١٣	وَآخَرُونَ اعْتَرَفُوا بِذُنُوبِهِمْ (تا) إِنَّ اللّٰهَ غَفُورٌ رَحِيمٌ (اقرار ذنوب سبب مغفرت و رحمت است) اور کتنے اور ہیں کہ انہوں نے مان لیا اپنا گناہ۔
١١	یونس	٢	وَإِذَا أَذَقْنَا النَّاسَ رَحْمَةً مِنْ بَعْدِ ضَرَّاءَ مَسَّتْهُمْ إِذَا لَهُمْ مَكْرٌ فِي آيَاتِنَا اور جب چکھاتے ہیں ہم لوگوں کو مزہ اپنی مہر کا بعد ایک تکلیف کے جو انکو پہنچی تھی اسیوقت بناتے ہیں حیلے ہماری قدرتوں میں
״	״	٦	وَهُدًى وَرَحْمَةٌ لِلْمُؤْمِنِينَ اور ہدایت اور رحمت واسطے مسلمانوں کے۔ قُلْ بِفَضْلِ اللّٰهِ وَبِرَحْمَتِهِ فَبِذٰلِكَ فَلْيَفْرَحُوا هُوَ خَيْرٌ مِمَّا يَجْمَعُونَ کہہ اللہ کے فضل سے اور اسکی مہر سے سو اسی پر چاہیے خوشی کریں یہ بہتر ہے ان چیزوں سے جو سمیٹتے ہیں
״	״	٩	وَنَجِّنَا بِرَحْمَتِكَ مِنَ الْقَوْمِ الْكَافِرِينَ اور چھڑا دے ہمکو مہربانی کر اپنی رحمت سے اس منکر قوم سے
١٢	ھود	٢	وَلَئِنْ أَذَقْنَا الْإِنْسَانَ مِنَّا رَحْمَةً ثُمَّ نَزَعْنَاهَا مِنْهُ إِنَّهُ لَيَئُوسٌ كَفُورٌ اور اگر ہم چکھا دیں آدمی کو اپنی طرف سے مہر پھر وہ چھین لیں اس سے تو وہ نا امید ناشکر ہو۔
״	״	٤	قَالَ لَا عَاصِمَ الْيَوْمَ مِنْ أَمْرِ اللّٰهِ إِلَّا مَنْ رَحِمَ کہا نوح نے نہیں کوئی بچانے والا آج کے دن اللہ کے حکم سے مگر جس پر وہ رحم کرے۔

پارہ	سورۃ	رکوع	
١٢	هود	٤	وَاِلَّا تَغْفِرْ لِیْ وَتَرْحَمْنِیْٓ اَکُنْ مِّنَ الْخٰسِرِیْنَ ۝ اور اگر تو نہ بخشے مجھکو اور رحم نہ کرے تو میں ہو جاؤں گا ٹوٹا پانے والوں میں سے۔
〃	〃	٧	رَحْمَتُ اللّٰهِ وَبَرَکَاتُهٗ عَلَیْکُمْ اَهْلَ الْبَیْتِ ۝ اللہ کی رحمت اور برکتیں تم پر اے گھر والو۔
〃	〃	٨	وَاسْتَغْفِرُوْا رَبَّکُمْ ثُمَّ تُوْبُوْٓا اِلَیْهِ ۭ اِنَّ رَبِّیْ رَحِیْمٌ وَّدُوْدٌ ۝ اور گناہ بخشواؤ اپنے رب سے اور اسکی طرف رجوع لاؤ بے شک میرا رب مہربان ہے محبت والا۔
〃	〃	〃	نَجَّیْنَا شُعَیْبًا وَّالَّذِیْنَ اٰمَنُوْا مَعَهٗ بِرَحْمَةٍ مِّنَّا ۝ بچا دیا ہم نے شعیب کو اور جو لوگ ایمان لائے تھے اُسکے ساتھ اپنی رحمت سے۔
〃	〃	١٠	وَلَا یَزَالُوْنَ مُخْتَلِفِیْنَ ۝ اِلَّا مَنْ رَّحِمَ رَبُّکَ ۝ (مخالف ہونا انکا دین حق سے ثابت ہوتا) اور ہمیشہ رہتے ہیں اختلاف میں مگر جن پر رحم کیا تیرے رب نے۔
١٣	یوسف	٧	اِنَّ النَّفْسَ لَاَمَّارَةٌۢ بِالسُّوْٓءِ اِلَّا مَا رَحِمَ رَبِّیْ ۝ بیشک جی تو سکھاتا ہے برائی مگر جو رحم کیا میرے رب نے
〃	〃	〃	اِنَّ رَبِّیْ غَفُوْرٌ رَّحِیْمٌ ۝ بے شک میرا رب بخشنے والا ہے مہربان۔
〃	〃	〃	نُصِیْبُ بِرَحْمَتِنَا مَنْ نَّشَآءُ وَلَا نُضِیْعُ اَجْرَ الْمُحْسِنِیْنَ ۝ پہنچاتے ہیں ہم رحمت اپنی جسکو چاہیں اور ضائع نہیں کرتے ہم نیکی والوں کا۔
〃	〃	٨	فَاللّٰهُ خَیْرٌ حٰفِظًا ۝ وَّهُوَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِیْنَ ۝ سو اللہ بہتر ہے نگہبان اور وہی ہے سب مہربانوں سے مہربان
〃	〃	١٠	یَغْفِرُ اللّٰهُ لَکُمْ وَهُوَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِیْنَ ۝ بخشے اللہ تمکو اور وہ ہے سب مہربانوں سے مہربان
〃	〃	١١	قَالَ سَوْفَ اَسْتَغْفِرُ لَکُمْ رَبِّیْ ۭ اِنَّهٗ هُوَ الْغَفُوْرُ الرَّحِیْمُ ۝ کہا میں بخشواؤں گا تمکو اپنے رب سے وہی ہے بخشنے والا مہربان۔
〃	〃	١٢	وَهُدًى وَّرَحْمَةً لِّقَوْمٍ یُّؤْمِنُوْنَ ۝ اور قرآن ہدایت و رحمت ہے واسطے اُن لوگوں کے جو ایمان لاتے ہیں
〃	الرعد	٤	وَهُمْ یَکْفُرُوْنَ بِالرَّحْمٰنِ ۭ اور کافر منکر ہوتے ہیں رحمٰن سے۔
١٤	الحجر	٤	نَبِّئْ عِبَادِیْٓ اَنِّیْٓ اَنَا الْغَفُوْرُ الرَّحِیْمُ ۝ وَاَنَّ عَذَابِیْ هُوَ الْعَذَابُ الْاَلِیْمُ ۝ خبر سنا دو میرے بندوں کو کہ میں ہوں اصل بخشنے والا مہربان اور یہ بھی کہ میرا عذاب وہی دکھ دینے والا ہے۔
〃	〃	〃	قَالَ وَمَنْ یَّقْنَطُ مِنْ رَّحْمَةِ رَبِّهٖٓ اِلَّا الضَّآلُّوْنَ ۝ کہا ابراہیم نے اور کون آس توڑے اپنے رب کی رحمت سے سوائے قوم گمراہ کے۔
〃	النحل	١	اِنَّ رَبَّکُمْ لَرَءُوْفٌ رَّحِیْمٌ ۝ (چند آیات از مبین و یازدہ آیات از پس تا غفور رحیم در بیان مشام رحمت) بے شک تمہارا رب بڑا شفقت والا مہربان ہے۔

پارہ	سورۃ	رکوع	
۱۴	النحل	۲	إِنَّ اللّٰهَ لَغَفُورٌ رَّحِيمٌ ۔ بے شک اللہ ضرور بخشنے والا مہربان ہے ۔
۔۔	۔۔	۶	فَإِنَّ رَبَّكُمْ لَرَءُوفٌ رَّحِيمٌ ۔ (چند آیات از پیش و پس بیان آنکہ نزول قرآن رحمت داون از عذاب کمال رحمت الٰہی ست) ہیں بیشک تمہارا رب بڑا نرم ہے مہربان ۔
۔۔	۔۔	۸	وَمَا أَنزَلْنَا عَلَيْكَ الْكِتَابَ إِلَّا لِتُبَيِّنَ لَهُمُ الَّذِي اخْتَلَفُوا فِيهِ وَهُدًى وَرَحْمَةً لِّقَوْمٍ يُؤْمِنُونَ ۔ اور ہمنے اتاری تجھپر کتاب صرف اسیواسطے کہ کھول سناوے تو انکو جس میں جھگڑ رہے ہیں اور سوجھانے کو اور رحمت واسطے قوم مومنین کے ۔
۔۔	۔۔	۱۲	وَنَزَّلْنَا عَلَيْكَ الْكِتَابَ تِبْيَانًا لِّكُلِّ شَيْءٍ وَهُدًى وَرَحْمَةً وَبُشْرَىٰ لِلْمُسْلِمِينَ ۔ اور اتاری ہمنے تجھپر کتاب بیان کرنیوالی ہر چیز کی اور راہ کی سوجھ اور رحمت اور خوشخبری حکم برداروں کو ۔
۔۔	۔۔	۱۴	إِنَّ رَبَّكَ مِن بَعْدِهَا لَغَفُورٌ رَّحِيمٌ ۔ بیشک تیرا رب ان پچھلے بخشنے والا مہربان ہے ۔
۔۔	۔۔	۱۵	فَإِنَّ اللّٰهَ غَفُورٌ رَّحِيمٌ ۔ پس بے شک اللہ بخشنے والا مہربان ہے ۔
۔۔	۔۔	۰	ثُمَّ تَابُوا مِن بَعْدِ ذَٰلِكَ وَأَصْلَحُوا إِنَّ رَبَّكَ مِن بَعْدِهَا لَغَفُورٌ رَّحِيمٌ ۔ پھر توبہ کی اسکے پیچھے اور سنوار پکڑی تیرا رب ان باتوں کے پیچھے بخشنے والا مہربان ہے ۔
۱۵	بنی اسرائیل	۱	عَسَىٰ رَبُّكُمْ أَن يَرْحَمَكُمْ ۚ وَإِنْ عُدتُّمْ عُدْنَا ۔ (وعید و ارحمت را عوبر گناہ بنا پہ کرم) نزدیک ہے کہ رب تمہارا تمکو رحم کرے اور اگر وہی کروگے تو ہم پھر وہی کرینگے ۔
۔۔	۔۔	۳	وَقُل رَّبِّ ارْحَمْهُمَا كَمَا رَبَّيَانِي صَغِيرًا ۔ (طلب رحمت حق سبحانہ وتعالے براے والدین) اور کہہ اے رب ان پر رحم کر جیسا پالا انہوں نے مجھکو چھوٹا ۔
			وَإِمَّا تُعْرِضَنَّ عَنْهُمُ ابْتِغَاءَ رَحْمَةٍ مِّن رَّبِّكَ تَرْجُوهَا فَقُل لَّهُمْ قَوْلًا مَّيْسُورًا ۔ اور اگر تو تغافل کرے انسے انتظار میں مہربانی کے اپنے رب کی طرف جسکی توقع رکھتا ہے تو کہہ انکو بات نرمی کی ۔
۔۔	۔۔	۶	إِن يَشَأْ يَرْحَمْكُمْ أَوْ إِن يَشَأْ يُعَذِّبْكُمْ ۔ اگر چاہے تمپر رحم کرے اور اگر چاہے تمپر عذاب کرے
۔۔	۔۔	۔۔	وَيَرْجُونَ رَحْمَتَهُ وَيَخَافُونَ عَذَابَهُ ۔ (جنکو مشرک پکارتے ہیں) اور امید رکھتے ہیں اسکی رحمت کی اور ڈرتے ہیں اسکے عذاب سے ۔
۔۔	۔۔	۔	إِنَّهُ كَانَ بِكُمْ رَحِيمًا ۔ بے شک وہ ہے تمپر مہربان ۔
۔۔	۔۔	۹	وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْآنِ مَا هُوَ شِفَاءٌ وَرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِينَ وَلَا يَزِيدُ الظَّالِمِينَ إِلَّا خَسَارًا

پارہ	سورة	رکوع	
			اور ہم اتارتے ہین قرآن مین سے جس سے روگ چنگے ہون اور رحمت ایمان والون کو اور نہین زیادہ کرتا ظالمون کو مگر نقصان ۔
۱۵	بنی اسرائیل	۱۰	اِلَّا رَحْمَةً مِّنْ رَّبِّكَ ط (محفوظ داشتن وحی رحمت حق تعالیٰ ست) مگر مہربانی سے تیرے رب کی
〃	〃	۱۱	قُلْ لَّوْ اَنْتُمْ تَمْلِكُوْنَ خَزَآئِنَ رَحْمَةِ رَبِّيْٓ اِذًا لَّاَمْسَكْتُمْ خَشْيَةَ الْاِنْفَاقِ ط وَكَانَ الْاِنْسَانُ قَتُوْرًا ہ کہہ اگر تمہارے ہاتھ مین ہوتی میرے رب کی رحمت کے خزانے تو ضرور بند کر رکھتے اس ڈر سے کہ خرچ ہو جاوین اور ہے انسان دل کا تنگ ۔
〃	〃	۱۲	قُلِ ادْعُوا اللّٰهَ اَوِ ادْعُوا الرَّحْمٰنَ ط کہہ اللہ کو پکارو یا رحمن کو ۔
〃	الکہف	۸	وَرَبُّكَ الْغَفُوْرُ ذُو الرَّحْمَةِ ط لَوْ يُؤَاخِذُهُمْ بِمَا كَسَبُوْا لَعَجَّلَ لَهُمُ الْعَذَابَ ط اور تیرا رب بڑا بخشنے والا ہے رحمت والا اگر انکو پکڑے تاکہ انکے کیے پر تو جلد ڈالتا انپر عذاب
۱۶	〃	۱۱	قَالَ هٰذَا رَحْمَةٌ مِّنْ رَّبِّيْ ج (دیوار کردن عمل خیر کا رحمت رب کی ہے) کہا ذوالقرنین نے یہ ایک رحمت ہے میرے رب کی ۔
〃	مریم	۱	ذِكْرُ رَحْمَتِ رَبِّكَ عَبْدَهٗ زَكَرِيَّا ہ (قبول کردن دعا وعطا فرزند صالح رحمت خدا است) یہ مذکور ہے تیرے رب کی رحمت کا اپنے بندے زکریا پر ۔
〃	〃	۲	قَالَتْ اِنِّيْٓ اَعُوْذُ بِالرَّحْمٰنِ مِنْكَ اِنْ كُنْتَ تَقِيًّا ہ کہا مریم نے مجھکو رحمن کی پناہ تجھ سے اگر تو پرہیزگار ہے ۔
			رحمن اسم حق سبحانہ وتعالیٰ کہ معنے آن نہایت رحم کنندہ است و درین سورۃ شانزدہ بار آمدہ است چنانچہ بعضے ازان مذکور میشود ۔
〃	〃	〃	وَلِنَجْعَلَهٗٓ اٰيَةً لِّلنَّاسِ وَرَحْمَةً مِّنَّا ج اور تاکہ کرین ہم بیٹے کو لوگون کو لیے نشانی اور رحمت ہماری طرف سے
〃	〃	۳	يٰٓاَبَتِ اِنِّيْٓ اَخَافُ اَنْ يَّمَسَّكَ عَذَابٌ مِّنَ الرَّحْمٰنِ (سطیعان شیطان را رحمن عذاب میکند مقام نہایت خوف ست) اے باپ میرے مین ڈرتا ہون کہین آلگے تجھکو عذاب رحمن کی طرف سے
〃	〃	〃	وَوَهَبْنَا لَهُمْ مِّنْ رَّحْمَتِنَا وَجَعَلْنَا لَهُمْ لِسَانَ صِدْقٍ عَلِيًّا ہ اور دیا ہم نے انکو اپنی رحمت سے اور کی ہم نے واسطے انکے زبان راستی کی بلند ۔
〃	〃	۴	وَوَهَبْنَا لَهٗ مِنْ رَّحْمَتِنَآ اَخَاهُ هٰرُوْنَ نَبِيًّا ہ اور بخشا ہم نے اسکو اپنی رحمت سے بھائی اُس کا ہارون نبی ۔
〃	طٰہٰ	۱	اَلرَّحْمٰنُ عَلَى الْعَرْشِ اسْتَوٰى ہ وہ بہت مہربان ہے تخت کے اوپر قائم ہوا ۔

پارہ	سورۃ	رکوع	
			اور جو نہ ہوتا اللہ کا فضل تم پر اور اسکی رحمت دنیا اور آخرت میں البتہ تم پر پڑتی اُس چرچا کرنے میں کوئی آفت بڑی ۔
۱۸	النور	۲	وَلَوْلَا فَضْلُ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَتُهٗ وَاَنَّ اللّٰهَ رَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ ۔ اور اگر نہ ہوتا فضل اللہ کا تم پر اور اسکی رحمت اور یہ کہ اللہ نرمی کرنے والا ہے مہربان تو کیا کچھ ..... ہوتا ۔
〃	〃	۳	وَلَوْلَا فَضْلُ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَتُهٗ مَا زَكٰى مِنْكُمْ مِّنْ اَحَدٍ اَبَدًا وَّلٰكِنَّ اللّٰهَ يُزَكِّيْ مَنْ يَّشَاۗءُ ۔ اور اگر نہ ہوتا اللہ کا فضل تم پر اور اُسکی رحمت نہ سنورتا تم میں ایک شخص کبھی ولیکن اللہ سنوارتا ہے جس کو چاہے ۔
〃	〃	〃	وَلْيَعْفُوْا وَلْيَصْفَحُوْا اَلَا تُحِبُّوْنَ اَنْ يَّغْفِرَ اللّٰهُ لَكُمْ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۔ اور چاہیے معاف کریں اور درگذر کریں کیا تم نہیں چاہتے کہ اللہ تمکو معاف کرے اور اللہ بخشنے والا مہربان ہے ۔
〃	الفرقان	۱	اِنَّهٗ كَانَ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ۔ بےشک وہ بخشنے والا مہربان ہے ۔
۱۹	〃	۳	اَلْمُلْكُ يَوْمَىِٕذِ الْحَقُّ لِلرَّحْمٰنِ ۔ راج اُس روز سچا ہے رحمٰن کا ۔
〃	〃	۵	وَهُوَ الَّذِيْٓ اَرْسَلَ الرِّيٰحَ بُشْرًۢا بَيْنَ يَدَيْ رَحْمَتِهٖ ۔ اور وہی ہے جس نے چلائیں باویں خوشخبری لانے والیاں اسکی رحمت کے آگے ۔
〃	〃	〃	اَلرَّحْمٰنُ فَسْـَٔلْ بِهٖ خَبِيْرًا ۔ وہ بڑی مہربانی والا سو پوچھ اس سے جو اسکی خبر رکھتا ہو ۔
〃	〃	〃	وَاِذَا قِيْلَ لَهُمُ اسْجُدُوْا لِلرَّحْمٰنِ قَالُوْا وَمَا الرَّحْمٰنُ ۔ اور جب کہئے انکو سجدہ کرو رحمٰن کو کہیں رحمٰن کیا ہے ۔
〃	〃	۶	وَعِبَادُ الرَّحْمٰنِ الَّذِيْنَ يَمْشُوْنَ عَلَي الْاَرْضِ هَوْنًا (چند آیات) اور بندے رحمٰن کے وہ ہیں جو چلتے ہیں زمین پر دبے پاؤں ۔
〃	〃	〃	وَكَانَ اللّٰهُ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ۔ اور ہے اللہ بخشنے والا مہربان ۔
۱۹	الشعرا	۱	وَمَا يَاْتِيْهِمْ مِّنْ ذِكْرٍ مِّنَ الرَّحْمٰنِ مُحْدَثٍ اِلَّا كَانُوْا عَنْهُ مُعْرِضِيْنَ ۔ (نصیحت یعنی تازہ و نور سبب آن نعمت الہی ست) اور نہیں پہنچتی اُن پاس کوئی نصیحت رحمٰن کی نئی جس سے منہ نہیں موڑتے ۔
〃	〃	〃	وَاِنَّ رَبَّكَ لَهُوَ الْعَزِيْزُ الرَّحِيْمُ ۔ (این آیت درین سورت ہشت بار مکرر آمده است در بیان صفت عزت و رحمت و ہر یکے تنہا ست) بیشک تیرا رب وہی ہے زبردست رحم والا ۔
〃	〃	۱۱	وَتَوَكَّلْ عَلَي الْعَزِيْزِ الرَّحِيْمِ ۔ اور بھروسا کر اوس زبردست رحم والے پر ۔
	النمل	۱	اِلَّا مَنْ ظَلَمَ ثُمَّ بَدَّلَ حُسْـنًۢا بَعْدَ سُوْۗءٍ فَاِنِّىْ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۔ مگر جس نے زیادتی کی پھر

پارہ	سورۃ	رکوع	
			بدل کر نیکی کی برائی کے پیچھے تو مین بخشنے والا مہربان ہون۔
۱۹	النمل	۲	وَأَدْخِلْنِي بِرَحْمَتِكَ فِي عِبَادِكَ الصَّالِحِينَ اور داخل کر مجھکو ساتھ رحمت اپنی کے اپنے نیک بندون مین
"	"	"	وَإِنَّهُ بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَٰنِ الرَّحِيمِ ٥ وہ خط سلیمان کا شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا
"	"	۴	لَوْلَا تَسْتَغْفِرُونَ اللَّهَ لَعَلَّكُمْ تُرْحَمُونَ ٥ کیون نہین گناہ بخشواتے اللہ سے شاید تمپر رحم ہو
۲۰	"	۵	وَمَن يُرْسِلُ الرِّيَاحَ بُشْرًا بَيْنَ يَدَيْ رَحْمَتِهِ ٥ اور کون چلاتا ہے باوین خوشخبری لاتیان اُس کی رحمت سے آگے۔
"	"	۶	وَإِنَّهُ لَهُدًى وَرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِينَ ٥ (کسے کہ از قرآن ہدایت نیابد بے خوف است) اور بیشک یہ قرآن ہے ہدایت اور رحمت واسطے ایمان والون کے۔
"	القصص	۲	إِنَّهُ هُوَ الْغَفُورُ الرَّحِيمُ ٥ بیشک وہی ہے بخشنے والا مہربان۔
"	"	۵	وَلَٰكِن رَّحْمَةً مِّن رَّبِّكَ لِتُنذِرَ قَوْمًا مَّا أَتَاهُم مِّن نَّذِيرٍ ولیکن رحمت پروردگار اپنے کی سے بھیجا تاکہ تو ڈر سنادے اُس قوم کو۔
"	"	۷	وَمِن رَّحْمَتِهِ جَعَلَ لَكُمُ اللَّيْلَ وَالنَّهَارَ لِتَسْكُنُوا فِيهِ وَلِتَبْتَغُوا مِن فَضْلِهِ وَلَعَلَّكُمْ تَشْكُرُونَ ٥ اور اپنی مہربانی سے بنا دیا تمکو رات اور دن کہ اُس مین چین بھی پکڑو اور تلاش بھی کرو اُسکا فضل اور شاید تم شکر کرو
"	"	۹	وَمَا كُنتَ تَرْجُو أَن يُلْقَىٰ إِلَيْكَ الْكِتَابُ إِلَّا رَحْمَةً مِّن رَّبِّكَ اور تو توقع نہ رکھتا تھا کہ اُتاری جاویگی تجھپر کتاب مگر رحمت کرنے سے رب کی طرف سے۔
"	العنکبوت	۳	وَالَّذِينَ كَفَرُوا بِآيَاتِ اللَّهِ وَلِقَائِهِ أُولَٰئِكَ يَئِسُوا مِن رَّحْمَتِي وَأُولَٰئِكَ لَهُمْ عَذَابٌ أَلِيمٌ ٥ اور جو لوگ منکر ہوئے اللہ کی باتون سے اور اُسکے ملنے سے وہ ناامید ہوئے میری رحمت سے اور انکو عذاب درد دینے والا ہے۔
۲۱	"	۵	أَوَلَمْ يَكْفِهِمْ أَنَّا أَنزَلْنَا عَلَيْكَ الْكِتَابَ يُتْلَىٰ عَلَيْهِمْ إِنَّ فِي ذَٰلِكَ لَرَحْمَةً وَذِكْرَىٰ لِقَوْمٍ يُؤْمِنُونَ ٥ کیا انکو بس نہین کہ ہمنے اُتاری تجھپر کتاب کہ اُنپر پڑھی جاتی ہے بیشک اس مین مہربانی ہے اور سمجھانا اُن لوگون کو جو ایمان لاتے ہین۔
"	الروم	۱	يَنصُرُ مَن يَشَاءُ وَهُوَ الْعَزِيزُ الرَّحِيمُ ٥ مدد کرتا ہے جسکی چاہتا ہے اور وہی ہے زبردست رحم والا۔
"	"	۴	ثُمَّ إِذَا أَذَاقَهُم مِّنْهُ رَحْمَةً إِذَا فَرِيقٌ مِّنْهُم بِرَبِّهِمْ يُشْرِكُونَ ٥ پھر جب چکھاتا ہے انکو اپنی طرف سے کچھ مہربانی تبھی ایک لوگ اُنمین اپنے رب کا شریک لگے بتانے۔
"	"		وَإِذَا أَذَقْنَا النَّاسَ رَحْمَةً فَرِحُوا بِهَا اور جب چکھاوین ہم لوگون کو کچھ رحمت خوش ہوجاتے ہین اُس سے

پارہ	سورۃ	رکوع	
۲۱	الروم	۵	وَمِنْ اٰيٰتِهٖٓ اَنْ يُّرْسِلَ الرِّيَاحَ مُبَشِّرٰتٍ وَّلِيُذِيْقَكُمْ مِّنْ رَّحْمَتِهٖ (الآیہ) اور اسکی نشانیون مین ایک یہ ہو کہ چلاتا ہی بادین خوشخبری لانیوالیان اور چکہاوے تمکو کچھ مزہ اپنی رحمت سے
〃	لقمٰن	۱	هُدًى وَّرَحْمَةً لِّلْمُحْسِنِيْنَ ۰ الَّذِيْنَ يُقِيْمُوْنَ الصَّلٰوةَ وَيُؤْتُوْنَ الزَّكٰوةَ وَهُمْ بِالْاٰخِرَةِ هُمْ يُوْقِنُوْنَ ۰ قرآن مجید ہدایت اور رحمت ہو واسطے نیکو کارون کے ۔
〃	السجدہ	۱	ذٰلِكَ عٰلِمُ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ الْعَزِيْزُ الرَّحِيْمُ ۰ یہ جاننے والا ہے چھپے اور کھلے کا زبردست مہربان
〃	الاحزاب	۱	وَكَانَ اللّٰهُ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ۰ اور ہے اللہ بخشنے والا مہربان ۔
〃	〃	۳	اِنَّ اللّٰهَ كَانَ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ۰ بے شک اللہ ہے بخشنے والا مہربان ۔
۲۲	〃	۶	وَكَانَ بِالْمُؤْمِنِيْنَ رَحِيْمًا ۰ اور ہے ایمان والونپر مہربان ۔
〃	〃	〃	وَكَانَ اللّٰهُ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ۰ اور ہے اللہ بخشنے والا مہربان ۔
〃	〃	۸	وَكَانَ اللّٰهُ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ۰ اور ہے اللہ بخشنے والا مہربان ۔
〃	〃	۹	وَكَانَ اللّٰهُ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ۰ اور ہے اللہ بخشنے والا مہربان ۔
〃	یٰس	۱	تَنْزِيْلَ الْعَزِيْزِ الرَّحِيْمِ ۰ اتارا ہوا زبردست رحم والے کا ۔
〃	〃	〃	وَخَشِيَ الرَّحْمٰنَ بِالْغَيْبِ ۰ (از رحمن بادید ترسید) اور ڈرے رحمن سے بن دیکھے ۔
۲۳	〃	۲	اِنْ يُّرِدْنِ الرَّحْمٰنُ بِضُرٍّ لَّا تُغْنِ عَنِّيْ شَفَاعَتُهُمْ شَيْئًا وَّلَا يُنْقِذُوْنِ ۰ کہ اگر چاہے مجھپر رحمن تکلیف کچھ کام نہ آوے مجھکو انکی سفارش اور نہ وہ مجھکو چھوڑاوینگے ۔
〃	〃	۳	وَاِذَا قِيْلَ لَهُمُ اتَّقُوْا مَا بَيْنَ اَيْدِيْكُمْ وَمَا خَلْفَكُمْ لَعَلَّكُمْ تُرْحَمُوْنَ ۰ (تقوی موجب رحمت ہست) اور جب کہا جاتا ہو واسطے انکو ڈرو اس عذاب سے کہ آگو تمہارے ہی اور جو پیچھے تمہارے ہو شاید کہ تم پر رحم ہو جاوے
〃	〃	۴	هٰذَا مَا وَعَدَ الرَّحْمٰنُ وَصَدَقَ الْمُرْسَلُوْنَ ۰ (وعدہ حشر از آثار رحمت است) یہ وہ ہے جو وعدہ دیا تہا رحمن نے اور سچ کہا تہا پیغمبرون نے ۔
〃	〃	〃	سَلٰمٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِيْمٍ ۰ سلام بولنا ہے رب مہربان سے ۔
〃	الزمر	۱	اَمَّنْ هُوَ قَانِتٌ اٰنَآءَ الَّيْلِ سَاجِدًا وَّقَآئِمًا يَّحْذَرُ الْاٰخِرَةَ وَيَرْجُوْا رَحْمَةَ رَبِّهٖ ۰ بھلا ایک جو بندگی مین لگا ہے گہڑیون رات کی سجدہ کرتا ہے اور کہڑا خطرہ رکھتا ہے آخرت کا اور امید رکھتا ہے اپنے رب کی مہر کی ۔
۲۴	〃	۴	اَوْ اَرَادَنِيْ بِرَحْمَةٍ هَلْ هُنَّ مُمْسِكٰتُ رَحْمَتِهٖ ۰ یا وہ چاہے مجھپر مہر تو وہ مین کہ روک رکھیں اسکی مہر
〃	〃	۶	لَا تَقْنَطُوْا مِنْ رَّحْمَةِ اللّٰهِ ۭ اِنَّ اللّٰهَ يَغْفِرُ الذُّنُوْبَ جَمِيْعًا ۰ مت آس توڑو اللہ کی مہر سے

پارہ	سورۃ	رکوع	بیان
			بے شک اللہ بخشتا ہے سب گناہ۔
۲۴	الزمر	۶	اِنَّهٗ هُوَ الْغَفُوْرُ الرَّحِيْمُ ۔ وہ جو ہے وہی ہے بخشنے والا مہربان۔
〃	المومن	۱	رَبَّنَا وَسِعْتَ كُلَّ شَيْءٍ رَّحْمَةً وَّعِلْمًا اے رب ہمارے ہر چیز سمائی ہے تیری رحمت اور خبر میں
〃	〃	〃	وَمَنْ تَقِ السَّيِّاٰتِ يَوْمَئِذٍ فَقَدْ رَحِمْتَهٗ وَذٰلِكَ هُوَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ۔ اور جسکو تو بچاوے برائیوں سے اس دن اسپر مہر کی تو نے اور یہ جو ہے یہی ہے بڑی مراد پانی۔
〃	حٰمٓ السجدہ	۱	تَنْزِيْلٌ مِّنَ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۔ اتارا ہوا ہے بڑے مہربان رحم والے سے۔
〃	〃	۴	نُزُلًا مِّنْ غَفُوْرٍ رَّحِيْمٍ ۔ مہمانی ہے اس بخشنے والے مہربان سے۔
۲۵	〃	۶	وَلَئِنْ اَذَقْنٰهُ رَحْمَةً مِّنَّا (غافل شدن بعد نزول رحمت) اور اگر ہم چکھاویں اس کو کچھ اپنی رحمت دیکر اپنی طرف سے۔
〃	الشوریٰ	۱	اَلَآ اِنَّ اللّٰهَ هُوَ الْغَفُوْرُ الرَّحِيْمُ ۔ خبردار ہو بیشک اللہ وہی ہے معاف کرنیوالا مہربان۔
〃	〃	۳	وَلٰكِنْ يُّدْخِلُ مَنْ يَّشَآءُ فِيْ رَحْمَتِهٖ ولیکن داخل کرتا ہے جسکو چاہے اپنی مہر میں۔
〃	〃	۳	وَهُوَ الَّذِيْ يُنَزِّلُ الْغَيْثَ مِنْ بَعْدِ مَا قَنَطُوْا وَيَنْشُرُ رَحْمَتَهٗ ۔ اور وہی ہے جو اتارتا ہے مینہ پیچھے اس سے کہ آس توڑ چکے اور پھیلاتا ہے اپنی رحمت۔
〃	〃	۵	وَاِنَّآ اِذَآ اَذَقْنَا الْاِنْسَانَ مِنَّا رَحْمَةً فَرِحَ بِهَا ۚ وَاِنْ تُصِبْهُمْ سَيِّئَةٌۢ بِمَا قَدَّمَتْ اَيْدِيْهِمْ فَاِنَّ الْاِنْسَانَ كَفُوْرٌ ۔ اور بیشک ہم جب چکھاتے ہیں آدمی کو اپنی طرف سے رحمت خوش ہو جاتا ہے ساتھ اسکے اور اگر پہنچتی ہے انکو کچھ برائی بدلا اپنی کمائی کا تو انسان بڑا ناشکر ہے۔
〃	الزخرف	۳	اَهُمْ يَقْسِمُوْنَ رَحْمَتَ رَبِّكَ ۔ کیا وہ بانٹتے ہیں تیرے رب کی رحمت۔
〃	〃	〃	وَرَحْمَتُ رَبِّكَ خَيْرٌ مِّمَّا يَجْمَعُوْنَ ۔ اور تیرے رب کی رحمت بہتر ہے ان چیزوں سے جو کہ جمع کرتے ہیں۔
〃	الدخان	۱	اِنَّا كُنَّا مُرْسِلِيْنَ ۚ رَحْمَةً مِّنْ رَّبِّكَ ۔ بیشک ہم ہیں بھیجنے والے رحمت سے تیرے رب کی۔
〃	〃	۲	يَوْمَ لَا يُغْنِيْ مَوْلًى عَنْ مَّوْلًى شَيْـًٔا وَّلَا هُمْ يُنْصَرُوْنَ ۔ اِلَّا مَنْ رَّحِمَ اللّٰهُ ۔ جس دن کام نہ آوے کوئی رفیق کسی رفیق کے کچھ اور نہ انکو مدد پہنچے مگر جسپر رحم کرے اللہ۔
〃	〃	〃	اِنَّهٗ هُوَ الْعَزِيْزُ الرَّحِيْمُ ۔ بے شک وہی ہے زبردست رحم والا۔
〃	الجاثیہ	۲	هٰذَا بَصَآئِرُ لِلنَّاسِ وَهُدًى وَّرَحْمَةٌ لِّقَوْمٍ يُّوْقِنُوْنَ ۔ یہ قرآن سوجھ کی باتیں ہیں لوگوں کے واسطے اور راہ کی اور رحمت ان لوگوں کو جو یقین لاتے ہیں۔

پارہ	سورۃ	رکوع	بیان اللہ کے رحمت حق سبحانہ و تعالی
۲۵	الجاثیۃ	۴	فَاَمَّا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ فَیُدْخِلُهُمْ رَبُّهُمْ فِیْ رَحْمَتِهٖ ؕ ذٰلِكَ هُوَ الْفَوْزُ الْمُبِیْنُ ۔ سو جو لوگ ایمان لائے اور کام کیے اچھے سو انکو داخل کریگا انکا رب اپنی رحمت میں یہ جو ہے یہی ہے صریح مراد ملنی۔
۲۶	الاحقاف	۲	وَمِنْ قَبْلِهٖ كِتٰبُ مُوْسٰۤى اِمَامًا وَّرَحْمَةً ؕ اور پہلے اس قرآن سے تھی کتاب موسیٰ کی پیشوا اور رحمت
〃	الفتح	۳	لِیُدْخِلَ اللّٰهُ فِیْ رَحْمَتِهٖ مَنْ یَّشَآءُ ۚ تو کہ داخل کرے اللہ اپنی رحمت میں جسکو چاہے
〃	الحجرات	۱	وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِیْمٌ ۔ اور اللہ بخشنے والا مہربان ہے۔
〃	〃	〃	فَاَصْلِحُوْا بَیْنَ اَخَوَیْكُمْ وَاتَّقُوا اللّٰهَ لَعَلَّكُمْ تُرْحَمُوْنَ ۔ سو ملاپ کرا دو اپنے دو بھائیوں کو اور ڈرتے رہو اللہ سے شاید تمپر رحم ہو۔
〃	〃	۲	وَاتَّقُوا اللّٰهَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ تَوَّابٌ رَّحِیْمٌ ۔ اور ڈرتے رہو اللہ سے بیشک اللہ معاف کرنے والا مہربان ہے
〃	〃	〃	اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِیْمٌ ۔ بیشک اللہ بخشنے والا مہربان ہے۔
〃	ق	۳	مَنْ خَشِیَ الرَّحْمٰنَ بِالْغَیْبِ وَجَآءَ بِقَلْبٍ مُّنِیْبِ ۙ ادْخُلُوْهَا بِسَلٰمٍ ۔ جو ڈرا رحمٰن سے بن دیکھے اور آیا لے ساتھ دل جو رجوع کرنیوالا ہے داخل ہو اُسمیں ساتھ سلامتی کے
۲۷	الطور	۱	اِنَّهٗ هُوَ الْبَرُّ الرَّحِیْمُ ۔ بیشک وہی ہے نیک سلوک رحم والا۔
〃	الرحمن	۱	اَلرَّحْمٰنُ ۔ عَلَّمَ الْقُرْاٰنَ ۔ (تا چند آیات بیان تنہا متعدد) رحمٰن نے سکھایا قرآن۔
〃	الحدید	۱	وَاِنَّ اللّٰهَ بِكُمْ لَرَءُوْفٌ رَّحِیْمٌ ۔ بیشک اللہ تمپر نرمی رکھتا ہے مہربان۔
〃	〃	۴	یٰۤاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ وَاٰمِنُوْا بِرَسُوْلِهٖ یُؤْتِكُمْ كِفْلَیْنِ مِنْ رَّحْمَتِهٖ (الآیہ) اے ایمان والو ڈرتے رہو اللہ سے اور ایمان لاؤ اُسکے رسول پر دیوے تمکو دو حصے اپنی رحمت سے
〃	〃	〃	وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِیْمٌ ۔ اور اللہ معاف کرنے والا ہے مہربان۔
۲۸	التغابن	۲	وَاِنْ تَعْفُوْا وَتَصْفَحُوْا وَتَغْفِرُوْا فَاِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِیْمٌ ۔ اور اگر معاف کرو اور درگذر کرو اور بخشو تو اللہ ہے بخشنے والا مہربان۔
۲۹	الملک	۲	مَا یُمْسِكُهُنَّ اِلَّا الرَّحْمٰنُ ؕ انکو کوئی نہیں تھام رہا رحمٰن کے سوا۔
〃	〃	〃	اَمَّنْ هٰذَا الَّذِیْ هُوَ جُنْدٌ لَّكُمْ یَنْصُرُكُمْ مِّنْ دُوْنِ الرَّحْمٰنِ ؕ بھلا وہ کون ہے جو فوج ہے تمہاری مدد کرے گی تمہاری رحمٰن کے سوا۔
〃	〃	〃	قُلْ اَرَءَیْتُمْ اِنْ اَهْلَكَنِیَ اللّٰهُ وَمَنْ مَّعِیَ اَوْ رَحِمَنَا ۙ تو کہہ بھلا دیکھو تو اگر ہلاک کرے مجھکو اللہ اور میرے ساتھ والوں کو یا ہمپر رحم کرے۔

پارہ	سورۃ	رکوع	
۲۹	الملک	۲	قُلْ هُوَ الرَّحْمٰنُ اٰمَنَّا بِهٖ تو کہہ وہی رحمن ہے ایمان لائے ہم ساتھ اُسکے۔
〃	المزمل	۲	وَاسْتَغْفِرُوا اللّٰهَ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ اور معافی مانگو اللہ سے بیشک اللہ بخشنے والا مہربان ہے۔
〃	الدھر	۲	يُدْخِلُ مَنْ يَّشَآءُ فِيْ رَحْمَتِهٖ داخل کرتا ہے جسکو چاہتا ہے اپنی رحمت مین۔
۳۰	النبأ	۲	رَبِّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا الرَّحْمٰنِ جو رب ہے آسمانون کا اور زمین کا اور جو انکے بیچ ہے بڑی مہر والا۔
〃	〃	〃	لَا يَتَكَلَّمُوْنَ اِلَّا مَنْ اَذِنَ لَهُ الرَّحْمٰنُ وَقَالَ صَوَابًا کوئی نہین بولتا مگر جسکو حکم دیا رحمن نے اور کہا اُسنے بات ٹھیک۔

تنزیہ و تسبیح حق سبحانہ و تعالی

پارہ	سورۃ	رکوع	
۱	البقرہ	۴	وَنَحْنُ نُسَبِّحُ بِحَمْدِكَ وَنُقَدِّسُ لَكَ اور ہم پاکی بیان کرتے ہین تیری خوبیون اور یاد کرتے ہین تیری پاک ذات کو
〃	〃	〃	قَالُوْا سُبْحٰنَكَ لَا عِلْمَ لَنَآ اِلَّا مَا عَلَّمْتَنَا بولے پاک ہے تو ہمکو معلوم نہین مگر جتنا تو نے سکھایا
۳	آل عمران	۴	وَاذْكُرْ رَّبَّكَ كَثِيْرًا وَّسَبِّحْ بِالْعَشِيِّ وَالْاِبْكَارِ اور یاد کر اپنے رب کو بہت اور تسبیح کر شام اور صبح کو
〃	〃	۲۰	رَبَّنَا مَا خَلَقْتَ هٰذَا بَاطِلًا سُبْحٰنَكَ فَقِنَا عَذَابَ النَّارِ اے رب ہمارے تو نے یہ عبث نہین بنایا تو پاک ہے عیب سے سو ہم کو بچا دوزخ کے عذاب سے۔
۶	النساء	۲۳	سُبْحٰنَهٗٓ اَنْ يَّكُوْنَ لَهٗ وَلَدٌ اس لائق نہین کہ اُسکی اولاد ہو۔
۷	المائدہ	۱۶	قَالَ سُبْحٰنَكَ مَا يَكُوْنُ لِيْٓ اَنْ اَقُوْلَ مَا لَيْسَ لِيْ بِحَقٍّ کہا تو پاک ہے مجھکو نہین بن آتا کہ کہون جو مجھکو نہین پہونچتا۔
	الانعام	۱۳	سُبْحٰنَهٗ وَتَعٰلٰى عَمَّا يَصِفُوْنَ پاک ہے وہ اور بہت دور ہے ان باتون سے جو بتاتے ہین۔
۹	الاعراف	۱۷	فَلَمَّآ اَفَاقَ قَالَ سُبْحٰنَكَ تُبْتُ اِلَيْكَ وَاَنَا اَوَّلُ الْمُؤْمِنِيْنَ پھر جب ہوش مین آیا کہا تیری ذات پاک ہے مینے توبہ کی تیرے پاس اور مین سب سے پہلے ایمان لایا۔
〃	〃	۲۴	اِنَّ الَّذِيْنَ عِنْدَ رَبِّكَ لَا يَسْتَكْبِرُوْنَ عَنْ عِبَادَتِهٖ وَيُسَبِّحُوْنَهٗ وَلَهٗ يَسْجُدُوْنَ بیشک جو لوگ پاس ہین تیرے رب کے نہین تکبر کرتے اُسکی بندگی سے اور یاد کرتے ہین اُسکی پاک ذات کو اور اُسی کو سجدہ کرتے ہین۔
۱۰	التوبہ	۵	سُبْحٰنَهٗ عَمَّا يُشْرِكُوْنَ وہ پاک ہے اُن کے شریک بنانے سے۔
۱۱	یونس	۱	دَعْوٰىهُمْ فِيْهَا سُبْحٰنَكَ اللّٰهُمَّ وَتَحِيَّتُهُمْ فِيْهَا سَلٰمٌ انکی دعا اسجگہ یہ کہ پاک

پارہ	سورۃ	رکوع	
			ذات تیری یا اللہ اور ملاقات انکی سلام۔
۱۱	یونس	۲	سُبْحَانَهٗ وَتَعَالٰى عَمَّا يُشْرِكُوْنَ ۝ وہ پاک ہے اور بہت دور ہے اس سے جو شریک کرتے ہیں
〃	〃	۷	قَالُوا اتَّخَذَ اللّٰهُ وَلَدًا سُبْحَانَهٗ هُوَ الْغَنِيُّ ۝ (تا آخر) کہتے ہیں ٹھہرا لی ہے اللہ نے اولاد وہ پاک ہے
۱۳	یوسف	۱۲	وَسُبْحَانَ اللّٰهِ وَمَآ اَنَا مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ ۝ اور اللہ پاک ہے اور میں نہیں شریک بنانے والا۔
〃	الرعد	۲	وَيُسَبِّحُ الرَّعْدُ بِحَمْدِهٖ وَالْمَلٰٓئِكَةُ مِنْ خِيْفَتِهٖ اور تسبیح کرتا ہے گرجنے والا ساتھ
			تعریف اسکی کے اور فرشتے ڈر اسکے سے۔
۱۴	الحجر	۶	وَلَقَدْ نَعْلَمُ اَنَّكَ يَضِيْقُ صَدْرُكَ بِمَا يَقُوْلُوْنَ ۝ فَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ وَكُنْ مِّنَ السّٰجِدِيْنَ
			اور ہم ہی جانتے ہیں کہ تیرا جی رکتا ہے انکی باتوں سے سو تو یاد کر خوبیاں اپنے رب کی اور ہو سجدہ کرنے والوں میں
〃	النحل	۱	سُبْحَانَهٗ وَتَعَالٰى عَمَّا يُشْرِكُوْنَ ۝ وہ پاک ہے اور اوپر ہے انکے شریک بتانے سے۔
〃	〃	۷	وَيَجْعَلُوْنَ لِلّٰهِ الْبَنٰتِ سُبْحٰنَهٗ وَلَهُمْ مَّا يَشْتَهُوْنَ ۝ اور ٹھہراتے ہیں اللہ کو بیٹیاں
			وہ اس لائق نہیں اور آپ کو جو دل چاہے۔
۱۵	بنی اسرائیل	۱	سُبْحٰنَ الَّذِيْٓ اَسْرٰى بِعَبْدِهٖ (الآیہ) پاک ذات ہے جو لے گیا اپنے بندے کو
〃	〃	۵	سُبْحٰنَهٗ وَتَعٰلٰى عَمَّا يَقُوْلُوْنَ عُلُوًّا كَبِيْرًا ۝ وہ پاک ہے اور برتر ہے انکی باتوں سے بہت دور
〃	〃	۵	تُسَبِّحُ لَهُ السَّمٰوٰتُ وَالْاَرْضُ وَمَنْ فِيْهِنَّ اسکی پاکی بولتے ہیں آسمان ساتوں اور
			زمین اور جو کوئی ان میں ہے۔
〃	〃	۵	وَاِنْ مِّنْ شَيْءٍ اِلَّا يُسَبِّحُ بِحَمْدِهٖ وَلٰكِنْ لَّا تَفْقَهُوْنَ تَسْبِيْحَهُمْ اور کوئی چیز نہیں جو
			نہیں پڑھتی خوبیاں اسکی لیکن تم نہیں سمجھتے انکا پڑھنا۔
〃	〃	۱۰	قُلْ سُبْحَانَ رَبِّيْ هَلْ كُنْتُ اِلَّا بَشَرًا رَّسُوْلًا ۝ کہہ سبحان اللہ میں کون ہوں مگر ایک آدمی ہوں بھیجا ہوا
〃	〃	۱۲	وَيَقُوْلُوْنَ سُبْحٰنَ رَبِّنَآ اِنْ كَانَ وَعْدُ رَبِّنَا لَمَفْعُوْلًا ۝ اور کہتے ہیں اہل علم پاک ہے
			ہمارا رب بے شک ہمارے رب کا وعدہ البتہ ہونا ہے۔
۱۶	مریم	۱	فَخَرَجَ عَلٰى قَوْمِهٖ مِنَ الْمِحْرَابِ فَاَوْحٰٓى اِلَيْهِمْ اَنْ سَبِّحُوْا بُكْرَةً وَّعَشِيًّا ۝ پھر نکلا زکریا
			اپنی قوم کے پاس حجرے سے تو اشارت سے کہا انکو تسبیح کرو صبح اور شام۔
〃	〃	۲	مَا كَانَ لِلّٰهِ اَنْ يَّتَّخِذَ مِنْ وَّلَدٍ سُبْحٰنَهٗ اللہ ایسا نہیں کہ رکھے اولاد وہ پاک ذات ہے
〃	طٰہٰ	۸	وَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ قَبْلَ طُلُوْعِ الشَّمْسِ وَقَبْلَ غُرُوْبِهَا وَمِنْ اٰنَاۗئِ الَّيْلِ فَسَبِّحْ
			وَاَطْرَافَ النَّهَارِ لَعَلَّكَ تَرْضٰى ۝ اور پڑھتا رہ خوبیاں اپنے رب کی سورج نکلنے سے

پارہ	سورۃ	رکوع	
			پہلے اور ڈوبنے سے پہلے اور کچھ گھڑیوں میں رات کی پڑھا کر اور دن کی حدوں پر شاید کہ تو راضی ہو
۱۷	الانبیاء	۲	یُسَبِّحُوْنَ الَّیْلَ وَالنَّهَارَ لَا یَفْتُرُوْنَ ۔ اور اللہ کے نزدیک رہنے والی تسبیح کرتے ہیں رات اور دن نہیں تھکتے
〃	〃	〃	فَسُبْحٰنَ اللّٰهِ رَبِّ الْعَرْشِ عَمَّا یَصِفُوْنَ ۔ سو پاک ہے اللہ صاحب تخت کا اُن باتوں سے جو بتاتے ہیں
〃	〃	〃	وَقَالُوا اتَّخَذَ الرَّحْمٰنُ وَلَدًا سُبْحٰنَهٗ بَلْ عِبَادٌ مُّكْرَمُوْنَ ۔ اور کہتے ہیں رحمن نے کر لیا کوئی بیٹا وہ اس لائق نہیں لیکن وہ بندے ہیں جنکو عزت دی ہے ۔
〃	〃	۶	وَسَخَّرْنَا مَعَ دَاوٗدَ الْجِبَالَ یُسَبِّحْنَ وَالطَّیْرَ ۔ اور تابع کیے تھے داؤد کے ساتھ پہاڑ تسبیح کہتے تھے اور اڑتے جانور ۔
〃	〃	〃	لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ اِنِّیْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ ۔ کوئی حاکم نہیں سوا تیرے تو بے عیب ہے میں تھا گنہگاروں سے ۔
۱۸	المؤمنون	۵	سُبْحٰنَ اللّٰهِ عَمَّا یَصِفُوْنَ ۔ پاک ہے اللہ اُس چیز سے کہ بیان کرتے ہیں ۔
〃	النور	۲	سُبْحٰنَكَ هٰذَا بُهْتَانٌ عَظِیْمٌ ۔ اللہ تو پاک ہے یہ بہتان ہے بڑا قصے افک عائشہؓ
〃	〃	۵	یُسَبِّحُ لَهٗ فِیْهَا بِالْغُدُوِّ وَالْاٰصَالِ ۔ رِجَالٌ (الآیہ) تسبیح کرتے ہیں اللہ کی اُن گھروں میں صبح اور شام وہ مرد جو ۔
〃	〃	۶	اَلَمْ تَرَ اَنَّ اللّٰهَ یُسَبِّحُ لَهٗ مَنْ فِی السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَالطَّیْرُ صٰٓفّٰتٍ كُلٌّ قَدْ عَلِمَ صَلَاتَهٗ وَتَسْبِیْحَهٗ وَاللّٰهُ عَلِیْمٌۢ بِمَا یَفْعَلُوْنَ ۔ تو نے نہ دیکھا کہ اللہ کی پاکی بولتا ہے جو کوئی آسمانوں میں ہے اور زمین میں ہے اور اڑتے جانور پر کھولے ہر ایک نے جان رکھی ہے اپنی طرح کی بندگی اور تسبیح اور اللہ کو معلوم ہے جو کرتے ہیں ۔
〃	الفرقان	۲	قَالُوْا سُبْحٰنَكَ مَا كَانَ یَنْۢبَغِیْ لَنَآ اَنْ نَّتَّخِذَ مِنْ دُوْنِكَ مِنْ اَوْلِیَآءَ ۔ اور کہیں گے معبود مشرکوں کے تو پاک ہے نہیں تھا لائق ہمکو کہ پکڑیں ہم سوائے تیرے کارساز ۔
۱۹	〃	۵	وَتَوَكَّلْ عَلَی الْحَیِّ الَّذِیْ لَا یَمُوْتُ وَسَبِّحْ بِحَمْدِهٖ ۔ اور بھروسا کر اُس جیتے پر جو نہیں مرتا اور یاد کر اُسکی خوبیاں ۔
〃	النمل	۱	وَسُبْحٰنَ اللّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ۔ اور پاک ہے ذات اللہ کی جو صاحب سارے جہان کا ۔
۲۰	القصص	۷	سُبْحٰنَ اللّٰهِ وَتَعٰلٰی عَمَّا یُشْرِكُوْنَ ۔ اور اللہ نرالا ہے اور بہت اوپر ہے اُس سے کہ شریک بتاتے ہیں
۲۱	الروم	۲	فَسُبْحٰنَ اللّٰهِ حِیْنَ تُمْسُوْنَ وَحِیْنَ تُصْبِحُوْنَ ۔ سو پاک اللہ کی یاد ہے جب شام کرو اور صبح کرو
〃	〃	۴	سُبْحٰنَهٗ وَتَعٰلٰی عَمَّا یُشْرِكُوْنَ ۔ وہ نرالا ہے اور بہت اوپر ہے اُس سے جو شریک بتاتے ہیں

پارہ	سورۃ	رکوع	
۲۱	السجدۃ	۲	خَرُّوْا سُجَّدًا وَّسَبَّحُوْا بِحَمْدِ رَبِّهِمْ وَهُمْ لَا يَسْتَكْبِرُوْنَ ۔ گر پڑتے ہیں سجدہ کر کر اور پاک ذات کو یاد کریں اپنے رب کی خوبیوں سے اور وہ بڑائی نہیں کرتے۔
۲۲	الاحزاب	۶	يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اذْكُرُوا اللّٰهَ ذِكْرًا كَثِيْرًا وَّسَبِّحُوْهُ بُكْرَةً وَّاَصِيْلًا ۔ اے ایمان والو یاد کرو اللہ کو بہت سی یاد اور پاکی بولو اسکی صبح اور شام۔
〃	السبا	۵	قَالُوْا سُبْحٰنَكَ اَنْتَ وَلِيُّنَا مِنْ دُوْنِهِمْ ۔ اور کہیں گے فرشتے پاک ذات تیری ہم تیری طرف ہیں نہ انکی طرف۔
۲۳	یٰس	۳	سُبْحٰنَ الَّذِيْ خَلَقَ الْاَزْوَاجَ كُلَّهَا ۔ پاک ذات ہے جس نے بنائے جوڑے سب چیز کے
〃	〃	۵	فَسُبْحٰنَ الَّذِيْ بِيَدِهٖ مَلَكُوْتُ كُلِّ شَيْءٍ وَّاِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ ۔ سو پاک ہے وہ ذات جس کے ہاتھ ہے حکومت ہر چیز کی اور اُسی کی طرف پھر جاؤ گے۔
〃	الصّٰفّٰت	۵	فَلَوْلَآ اَنَّهٗ كَانَ مِنَ الْمُسَبِّحِيْنَ ۔ لَلَبِثَ فِيْ بَطْنِهٖٓ اِلٰى يَوْمِ يُبْعَثُوْنَ ۔ پھر اگر نہ ہوتا کہ وہ تھا یاد کرتا پاک ذات کو تو رہتا اُسکے پیٹ میں قیامت کے دن تک۔
〃	〃	〃	سُبْحٰنَ اللّٰهِ عَمَّا يَصِفُوْنَ ۔ اللہ نرالا ہے اُن باتوں سے جو بتاتے ہیں۔
〃	〃	〃	وَاِنَّا لَنَحْنُ الْمُسَبِّحُوْنَ ۔ اور بے شک ہم ہیں پاکی بولنے والے ف یعنے فرشتے۔
〃	〃	〃	سُبْحٰنَ رَبِّكَ رَبِّ الْعِزَّةِ عَمَّا يَصِفُوْنَ ۔ پاک ذات ہے تیرے رب کی عزت والے کی اُن باتوں سے جو بیان کرتے ہیں
〃	ص	۲	اِنَّا سَخَّرْنَا الْجِبَالَ مَعَهٗ يُسَبِّحْنَ بِالْعَشِيِّ وَالْاِشْرَاقِ ۔ ہم نے تابع کیے پہاڑ اُسکے پاکی بولتے شام کو اور صبح کو۔
〃	الزمر	۱	سُبْحٰنَهٗ هُوَ اللّٰهُ الْوَاحِدُ الْقَهَّارُ ۔ وہ پاک ہے وہی اللہ اکیلا غالب۔
۲۴	〃	۷	سُبْحٰنَهٗ وَتَعٰلٰى عَمَّا يُشْرِكُوْنَ ۔ وہ پاک ہے اور بہت اوپر ہے اس سے کہ شریک بناتے ہیں
〃	〃	۸	وَتَرَى الْمَلٰٓئِكَةَ حَآفِّيْنَ مِنْ حَوْلِ الْعَرْشِ يُسَبِّحُوْنَ بِحَمْدِ رَبِّهِمْ ۔ اور تو دیکھے فرشتے گھیر رہے ہیں عرش کے گرد پاکی بولتے ہیں اپنے رب کی خوبیاں۔
〃	المؤمن	۱	اَلَّذِيْنَ يَحْمِلُوْنَ الْعَرْشَ وَمَنْ حَوْلَهٗ يُسَبِّحُوْنَ بِحَمْدِ رَبِّهِمْ (الآیہ) وہ جو اٹھا رہے ہیں عرش کو اور جو اُسکے گرد ہیں پاکی بولتے ہیں اپنے رب کی خوبیاں۔
〃	〃	۶	وَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ بِالْعَشِيِّ وَالْاِبْكَارِ ۔ اور پاکی بول اپنے رب کی خوبیاں شام کو اور صبح کو۔
〃	حٰمٓ السجدۃ	۵	فَالَّذِيْنَ عِنْدَ رَبِّكَ يُسَبِّحُوْنَ لَهٗ بِالَّيْلِ وَالنَّهَارِ وَهُمْ لَا يَسْـَٔمُوْنَ ۔ تو جو لوگ تیرے رب کے نزدیک ہیں پاکی بولتے ہیں اسکی رات اور دن اور وہ نہیں تھکتے۔

پارہ	سورۃ	رکوع	
			اللہ کی پاکی بولتا ہے جو کچھ ہے آسمانوں مین اور زمین مین بادشاہ پاک ذات زبردست حکمت والا
۲۸	التغابن	۱	يُسَبِّحُ لِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ع (تا چہار آیات بیان صفات حق تعالی) پاکی بولتا ہے اللہ کی جو کچھ ہے آسمانوں مین اور زمین مین۔
۲۹	القلم	۱	قَالَ اَوْسَطُهُمْ اَلَمْ اَقُلْ لَّكُمْ لَوْلَا تُسَبِّحُوْنَ ٥ کہا انکے بھائی نے کیا مین نہیں کہا تہا تمکو کیون نہین تسبیح کرتے ہو۔
〃	〃	〃	قَالُوْا سُبْحٰنَ رَبِّنَآ اِنَّا كُنَّا ظٰلِمِيْنَ ٥ کہا انہون نے پاک ذات ہے ہمارے رب کی بیشک ہم ہی تھے تقصیروار
〃	الحاقۃ	۲	فَسَبِّحْ بِاسْمِ رَبِّكَ الْعَظِيْمِ ٥ پس پاکی بیان کر اپنے رب کی جو ہے سب سے بڑا۔
〃	الدھر	۲	وَمِنَ الَّيْلِ فَاسْجُدْ لَهٗ وَسَبِّحْهُ لَيْلًا طَوِيْلًا ٥ اور کچھ رات مین سجدہ کر اسکو اور پاکی بول اسکی بڑی رات تک۔
۳۰	الاعلی	۱	سَبِّحِ اسْمَ رَبِّكَ الْاَعْلَى ٥ پاکی بول اپنے رب کے نام کی جو سب سے بلند ہے۔
〃	النصر	۱	فَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ وَاسْتَغْفِرْهُ اِنَّهٗ كَانَ تَوَّابًا ٥ (سورہ ۱۔ آیات با تسبیح حمد مقرون است) اب پاکی بول اپنے رب کی خوبیان اور گناہ بخشوا اس سے بیشک وہ معاف کرنیوالا ہے

حمد حق سبحانہ وتعالی

پارہ	سورۃ	رکوع	
۰	الفاتحۃ	۱	اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ٥ سب تعریف اللہ کو ہے جو صاحب سارے جہان کا۔
۱	البقرۃ	۴	وَنَحْنُ نُسَبِّحُ بِحَمْدِكَ وَنُقَدِّسُ لَكَ ١ اور ہم پڑھتے ہین تیری خوبیان اور یاد کرتے ہین تیری پاک ذات کو
۷	الانعام	۱	اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَجَعَلَ الظُّلُمٰتِ وَالنُّوْرَ ٥ سب تعریف اللہ کو ہے جسنے بنائے آسمان اور زمین اور ٹہیرایا اندہیرا اور اوجالا۔
〃	〃	۵	فَقُطِعَ دَابِرُ الْقَوْمِ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ٥ پہر کٹ گئی جڑ ان ظالمون کی اور سراہیے کام اللہ کا جو رب ہے سارے جہان کا۔
۸	الاعراف	۵	وَقَالُوا الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ هَدٰىنَا لِهٰذَا وَمَا كُنَّا لِنَهْتَدِيَ لَوْلَآ اَنْ هَدٰىنَا اللّٰهُ ع اور کہا انہون نے سراہیے اللہ کو جسنے ہمکو یہان تک راہ دی اور ہم نہ تہے راہ پانیوالے اگر نہ راہ دیتا ہم کو اللہ
۱۰	التوبۃ	۱۴	اَلتَّآئِبُوْنَ الْعٰبِدُوْنَ الْحٰمِدُوْنَ (الآیہ) توبہ کرنے والے بندگی کرنیوالے حمد کرنے والے
۱۱	یونس	۱	وَاٰخِرُ دَعْوٰىهُمْ اَنِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ٥ اور تمام انکی دعا پر یہ کہ سب تعریف اللہ کو جو صاحب سارے جہان کا

پارہ	سورۃ	رکوع	
۱۳	الرعد	۲	وَيُسَبِّحُ الرَّعْدُ بِحَمْدِهٖ وَالْمَلٰٓئِكَةُ مِنْ خِيْفَتِهٖ ۚ اور تسبیح کرتا ہے گرجنے والا ساتھ تعریف اسکی کے اور فرشتے ڈر سے اسکے
"	ابراہیم	۶	اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ وَهَبَ لِيْ عَلَى الْكِبَرِ اِسْمٰعِيْلَ وَاِسْحٰقَ ۔ شکر ہے اللہ کو جسنے بخشا مجھکو بڑی عمر میں اسمٰعیل اور اسحق۔
۱۴	الحجر	۶	فَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ وَكُنْ مِّنَ السّٰجِدِيْنَ ۔ سو تو یاد کر خوبیان اپنے رب کی اور ہو سجدہ کرنے والون مین
"	النحل	۱۰	اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ ۭ بَلْ اَكْثَرُهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ۔ سب تعریف اللہ کو ہے پہر اکثر لوگ نہیں جانتے۔
۱۵	بنی اسرائیل	۵	وَاِنْ مِّنْ شَيْءٍ اِلَّا يُسَبِّحُ بِحَمْدِهٖ ۔ اور کوئی چیز نہین جو نہین پڑہتی خوبیان اسکی۔
"	"	"	يَوْمَ يَدْعُوْكُمْ فَتَسْتَجِيْبُوْنَ بِحَمْدِهٖ وَتَظُنُّوْنَ اِنْ لَّبِثْتُمْ اِلَّا قَلِيْلًا ۔ جسدن تمکو پکاریگا پہر چلے آؤگے سراہتے اسکو اور اٹکلوگے کہ دیر نہین لگی تمکو مگر تہوڑی۔
"	"	۱۲	وَقُلِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ لَمْ يَتَّخِذْ وَلَدًا وَّلَمْ يَكُنْ لَّهٗ شَرِيْكٌ فِي الْمُلْكِ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ وَلِيٌّ مِّنَ الذُّلِّ وَكَبِّرْهُ تَكْبِيْرًا ۔ اور کہہ سراہیے اللہ کو جسنے نہین رکھی اولاد اور نہ کوئی اسکا ساجھی سلطنت مین اور نہ کوئی اسکا مددگار ذلت کے وقت پر اور اسکی بڑائی کر بڑا جانکر
"	الکہف	۱	اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْٓ اَنْزَلَ عَلٰي عَبْدِهِ الْكِتٰبَ وَلَمْ يَجْعَلْ لَّهٗ عِوَجًا ۔ سراہیے اللہ کو جسنے اتاری اپنے بندے پر کتاب اور نہ رکھی اُس مین کچہ کجی۔
۱۶	طٰہٰ	۸	وَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ قَبْلَ طُلُوْعِ الشَّمْسِ وَقَبْلَ غُرُوْبِهَا ۔ اور پڑہتا رہ خوبیان اپنے رب کی سورج نکلنے سے پہلے اور ڈوبنے سے پہلے۔
۱۸	المؤمنون	۲	فَقُلِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ نَجّٰىنَا مِنَ الْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ ۔ تو کہہ شکر اللہ کا جسنے نجات دی ہمکو قوم کافرون کی سے۔
۱۹	الفرقان	۵	وَتَوَكَّلْ عَلَي الْحَيِّ الَّذِيْ لَا يَمُوْتُ وَسَبِّحْ بِحَمْدِهٖ ۔ اور بہروسا کر اُس زندہ پر جو نہین مرتا اور یاد کر اُس کی خوبیان۔
"	النمل	۲	وَقَالَا الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ فَضَّلَنَا عَلٰي كَثِيْرٍ مِّنْ عِبَادِهِ الْمُؤْمِنِيْنَ ۔ اور بولے شکر اللہ کا جس نے ہمکو بڑہایا اپنے بہت بندون ایمان والون پر۔
"	"	۵	قُلِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ وَسَلٰمٌ عَلٰي عِبَادِهِ الَّذِيْنَ اصْطَفٰى ۔ تو کہہ تعریف ہے اللہ کو اور سلام ہے اسکے بندون پر جنکو اسنے پسند کیا۔
۲۰	"	۷	وَقُلِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ سَيُرِيْكُمْ اٰيٰتِهٖ فَتَعْرِفُوْنَهَا ۔ اور کہہ تعریف ہے سب اللہ کو آگے دکہاوے گا تمکو نشانیان اپنی۔

پارہ	سورۃ	رکوع	
۲۴	المؤمن	۶	وَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ بِالْعَشِيِّ وَالْاِبْكَارِ ۔ اور پاکی بول اپنے رب کی خوبیان شام کو اور صبح کو
؍؍	؍؍	۷	اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۔ سب خوبی ہے اللہ کو جو رب ہے سارے جہان کا۔
۲۵	الشوریٰ	۱	وَالْمَلٰٓئِكَةُ يُسَبِّحُوْنَ بِحَمْدِ رَبِّهِمْ وَيَسْتَغْفِرُوْنَ لِمَنْ فِي الْاَرْضِ ۔ اور فرشتے پاکی بولتے ہین خوبیان اپنے رب کی اور گناہ بخشواتے ہین زمین والون کے۔
؍؍	الجاثیۃ	۴	فَلِلّٰهِ الْحَمْدُ رَبِّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۔ سو اللہ کو ہے سب خوبی جو رب ہے آسمانون کا اور رب ہے زمین کا رب سارے جہان کا۔
۲۶	قٓ	۳	وَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ قَبْلَ طُلُوْعِ الشَّمْسِ وَقَبْلَ الْغُرُوْبِ ۔ اور پاکی بول خوبیان اپنے رب کی پہلے سورج نکلنے سے اور پہلے ڈوبنے سے۔
۲۷	الطور	۲	فَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ حِيْنَ تَقُوْمُ ۔ اور پاکی بول اپنے رب کی خوبیان جس وقت تو اٹھتا ہے
۲۸	التغابن	۱	لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ۔ اسی کا راج ہے اور اسی کو تعریف ہے اور وہی ہر چیز کر سکتا ہے۔
۳۰	البروج	۱	اَنْ يُّؤْمِنُوْا بِاللّٰهِ الْعَزِيْزِ الْحَمِيْدِ الَّذِيْ ۔ یہ کہ ایمان لائے اللہ پر جو زبردست ہے خوبیون سراہا۔
؍؍	النصر	۱	فَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ وَاسْتَغْفِرْهُ (در پارہ ۳۰ آیات تسبیح با حمد مقرون ست) اب پاکی بول اپنے رب کی خوبیان اور گناہ بخشوا اس سے۔

صفت کلام ربانی کتاب آسمانی

پارہ	سورۃ	رکوع	
۱	البقرۃ	۱	ذٰلِكَ الْكِتٰبُ لَا رَيْبَ فِيْهِ هُدًى لِّلْمُتَّقِيْنَ ۔ (چند آیات تا الْمُفْلِحُوْنَ) اس کتاب مین کچھ شک نہین راہ بتلاتی ہے ڈر والون کو۔
؍؍	؍؍	۳	وَاِنْ كُنْتُمْ فِيْ رَيْبٍ مِّمَّا نَزَّلْنَا عَلٰى عَبْدِنَا فَاْتُوْا بِسُوْرَةٍ مِّنْ مِّثْلِهٖ (و آیت لِلْكٰفِرِيْنَ معجزہ والی ہونا قرآن مجید) اگر ہو تم شک مین اس کلام سے جو اتارا ہے ہمنے اپنے بندے پر تو لے آؤ ایک سورت اس قسم کی۔
؍؍	؍؍	۸	خُذُوْا مَآ اٰتَيْنٰكُمْ بِقُوَّةٍ وَّاذْكُرُوْا مَا فِيْهِ لَعَلَّكُمْ تَتَّقُوْنَ ۔ پکڑو جو ہمنے دیا تمکو زور سے اور یاد کرتے رہو جو اس مین ہے شاید تمکو ڈر ہو
؍؍	؍؍	۹	وَمِنْهُمْ اُمِّيُّوْنَ لَا يَعْلَمُوْنَ الْكِتٰبَ اِلَّآ اَمَانِيَّ وَاِنْ هُمْ اِلَّا يَظُنُّوْنَ ۔ اور بعضے ان مین ان پڑھ ہین خبر نہین رکھتے کتاب کی مگر باندھ لی اپنی آرزوئین اور نہین ان پاس مگر اپنے خیال

پارہ	سورہ	رکوع	
〃	〃	۱۱	وَلَمَّا جَآءَهُمْ كِتٰبٌ مِّنْ عِنْدِ اللّٰهِ (الآیۃ ملعون یہودن منکران کتاب آسمانی) اور جب پہونچے انکو کتاب اللہ کی طرف سے ۔
〃	〃	〃	وَهُوَ الْحَقُّ مُصَدِّقًا لِّمَا مَعَهُمْ ﴿۱﴾ اور وہ ٹھیک ہے تحقیق ہے سچ بتاتا اُن پاس والی کو ۔
〃	〃	〃	خُذُوْا مَآ اٰتَيْنٰكُمْ بِقُوَّةٍ وَّاسْمَعُوْا ﴿۱۰﴾ پکڑو جو ہمنے تمکو دیا زور سے اور سنو ۔
〃	〃	۱۲	قُلْ مَنْ كَانَ عَدُوًّا لِّجِبْرِيْلَ فَاِنَّهٗ نَزَّلَهٗ عَلٰى قَلْبِكَ بِاِذْنِ اللّٰهِ مُصَدِّقًا لِّمَا بَيْنَ يَدَيْهِ وَهُدًى وَّبُشْرٰى لِلْمُؤْمِنِيْنَ ۔ تو کہہ جو کوئی ہوگا دشمن جبرئیل کا سو اُسنے اُتارا ہے یہ کلام تیرے دل پر اللہ کے حکم سے سچ بتاتا اُس کلام کو جو اُسکے آگے ہے اور راہ دکھاتا اور خوشی سناتا ایمان والون کو ۔
〃	〃	〃	وَلَقَدْ اَنْزَلْنَآ اِلَيْكَ اٰيٰتٍۢ بَيِّنٰتٍ ۚ وَمَا يَكْفُرُ بِهَآ اِلَّا الْفٰسِقُوْنَ ۔ اور البتہ تحقیق ہمنے اُتارین تیری طرف آیتین واضح اور ناشکر ہونگے انسے مگر وہی جو بے حکم ہین ۔
〃	〃	〃	نَبَذَ فَرِيْقٌ مِّنَ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ كِتٰبَ اللّٰهِ وَرَآءَ ظُهُوْرِهِمْ كَاَنَّهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ۔ پہینک دی ایک جماعت نے کتاب پانیوالون مین کتاب اللہ کی پیٹھ کے پیچھے گویا انکو معلوم نہین ۔
۲	〃	۲۹	وَلَا تَتَّخِذُوْٓا اٰيٰتِ اللّٰهِ هُزُوًا ۔ اور مت ٹہراؤ اللہ کی کتاب کو ہنسی ۔
〃	〃	〃	وَاذْكُرُوْا نِعْمَتَ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ وَمَآ اَنْزَلَ عَلَيْكُمْ مِّنَ الْكِتٰبِ وَالْحِكْمَةِ يَعِظُكُمْ بِهٖ ۚ وَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ ۔ اور یاد کرو احسان اللہ کا جو تمپر ہے اور وہ جو اُتاری تمپر کتاب اور کام کی باتین کہ تمکو سمجہاوے اور ڈرتے رہو اللہ سے اور جان رکہو کہ اللہ سب چیز جانتا ہے ۔
〃	〃	۳۱	كَذٰلِكَ يُبَيِّنُ اللّٰهُ لَكُمْ اٰيٰتِهٖ لَعَلَّكُمْ تَعْقِلُوْنَ ۔ اس طرح بیان کرتا ہے اللہ تمہارے واسطے اپنی آیتین شاید تم سمجہو ۔
۳	〃	۳۶	كَذٰلِكَ يُبَيِّنُ اللّٰهُ لَكُمُ الْاٰيٰتِ لَعَلَّكُمْ تَتَفَكَّرُوْنَ ۔ یون سمجہاتا ہے اللہ تمکو آیتین کہ تم فکر کرو
〃	آل عمران	۱	نَزَّلَ عَلَيْكَ الْكِتٰبَ بِالْحَقِّ مُصَدِّقًا لِّمَا بَيْنَ يَدَيْهِ وَاَنْزَلَ التَّوْرٰىةَ وَالْاِنْجِيْلَ ۙ مِنْ قَبْلُ هُدًى لِّلنَّاسِ وَاَنْزَلَ الْفُرْقَانَ ۔ اُتاری تجہپر کتاب تحقیق ثابت کرتی اگلی کتاب کو اور اُتاری تہی توریت اور انجیل اس سے پہلے لوگون کی ہدایت کو اور اُتارا انصاف ۔
〃	〃	〃	اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِاٰيٰتِ اللّٰهِ لَهُمْ عَذَابٌ شَدِيْدٌ ۭ وَاللّٰهُ عَزِيْزٌ ذُو انْتِقَامٍ ۔ جو لوگ منکر ہین اللہ کی آیتون سے انکو سخت عذاب ہے اور اللہ زبردست ہے بدلہ لینے والا ۔

پارہ	سورۃ	رکوع	
۳	آل عمران	۱	هُوَ الَّذِيٓ اَنْزَلَ عَلَيْكَ الْكِتٰبَ مِنْهُ اٰيٰتٌ مُّحْكَمٰتٌ هُنَّ اُمُّ الْكِتٰبِ وَاُخَرُ مُتَشٰبِهٰتٌ (تا اُولُوا الْاَلْبَابِ بیان تاویل آیات متشابہات) وہی ہے جس نے اتاری تجھ پر کتاب اس میں بعضی آیتیں پکی ہیں وہ اصل ہیں کتاب کی اور دوسری ہیں کئی طرف ملتی۔
۴	〃	۱۱	وَاعْتَصِمُوْا بِحَبْلِ اللّٰهِ جَمِيْعًا وَّلَا تَفَرَّقُوْا (تا آخر) اور مضبوط پکڑو رسی اللہ کی سب مل کر اور پھوٹ نہ ڈالو۔
〃	〃	〃	كَذٰلِكَ يُبَيِّنُ اللّٰهُ لَكُمْ اٰيٰتِهٖ لَعَلَّكُمْ تَهْتَدُوْنَ۔ اسی طرح کھولتا ہے اللہ تم پر نشانیاں اپنی شاید تم راہ پاؤ۔
〃	〃	۱۷	لَقَدْ مَنَّ اللّٰهُ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ اِذْ بَعَثَ فِيْهِمْ رَسُوْلًا مِّنْ اَنْفُسِهِمْ يَتْلُوْا عَلَيْهِمْ اٰيٰتِهٖ وَيُزَكِّيْهِمْ وَيُعَلِّمُهُمُ الْكِتٰبَ وَالْحِكْمَةَ ۚ وَاِنْ كَانُوْا مِنْ قَبْلُ لَفِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ۔ تحقیق اللہ نے احسان کیا ایمان والوں پر جو بھیجا انہیں رسول انہیں میں کا پڑھتا ہے ان پر آیتیں اس کی اور سنوارتا ہے ان کو اور سکھاتا ہے ان کو کتاب و کام کی بات اور وہ تو پہلے سے صریح گمراہ تھے۔
۵	النساء	۷	اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِيْنَ اُوْتُوْا نَصِيْبًا مِّنَ الْكِتٰبِ يَشْتَرُوْنَ الضَّلٰلَةَ وَيُرِيْدُوْنَ اَنْ تَضِلُّوا السَّبِيْلَ۔ تو نے نہ دیکھا ان کو جن کو ملا ہے کچھ ایک حصہ کتاب سے خریدتے ہیں گمراہی اور چاہتے ہیں کہ تم بھی بہک جاؤ راہ سے۔
۵	〃	۷	يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ اٰمِنُوْا بِمَا نَزَّلْنَا مُصَدِّقًا لِّمَا مَعَكُمْ مِّنْ قَبْلِ اَنْ نَّطْمِسَ وُجُوْهًا (الآیۃ) اے کتاب والو ایمان لاؤ اس چیز پر جو نازل کیا ہے ہم نے سچا بتاتا تمہارے پاس والی کو پہلے اس سے کہ ہم مٹا ڈالیں کتنے منہ۔
〃	〃	۸	اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِيْنَ اُوْتُوْا نَصِيْبًا مِّنَ الْكِتٰبِ (تا درستی آیات کہ حکایت آنانکہ با وجود فہمیدن کتاب آسمانی ناشکری می کنند و در و نکوہی کنند و مورد لعنت شوند) تو نے نہ دیکھے جن کو ملا کچھ حصہ کتاب کا
〃	〃	〃	اَمْ يَحْسُدُوْنَ النَّاسَ عَلٰى مَآ اٰتٰىهُمُ اللّٰهُ مِنْ فَضْلِهٖ ۚ فَقَدْ اٰتَيْنَآ اٰلَ اِبْرٰهِيْمَ الْكِتٰبَ وَالْحِكْمَةَ وَاٰتَيْنٰهُمْ مُّلْكًا عَظِيْمًا۔ یا حسد کرتے ہیں لوگوں کا اس پر جو دیا ان کو اللہ نے اپنے فضل سے سو ہم نے تو دی ہے اولاد ابراہیم کو کتاب اور علم اور ان کو دی ہے بڑی سلطنت۔
〃	〃	〃	فَمِنْهُمْ مَّنْ اٰمَنَ بِهٖ وَمِنْهُمْ مَّنْ صَدَّ عَنْهُ ۭ وَكَفٰى بِجَهَنَّمَ سَعِيْرًا۔ پھر ان میں کسی نے اس کو مانا اور کوئی اس سے اٹکا رہا اور دوزخ بس ہے جلتی آگ۔
〃	〃	〃	اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِاٰيٰتِنَا سَوْفَ نُصْلِيْهِمْ نَارًا (تا حکیما) بیان عذاب شدید لان آیات

پارہ	سورۃ	رکوع	
			جو لوگ منکر ہوئے ہماری آیتون سے انکو ہم ڈالینگے آگ مین ۔
۵	النساء	۹	وَاِذَا قِيْلَ لَهُمْ تَعَالَوْا اِلٰى مَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ (تا بليغا بيان تباہی حال قبول نکنندگان حکم قرآن مجید) اور جب انکو کہا جاتا ہے آؤ اللہ کے حکم کی طرف جو اُتارا ہے اللہ نے ۔
״	״	״	وَلَوْ اَنَّهُمْ فَعَلُوْا مَا يُوْعَظُوْنَ بِهٖ لَكَانَ خَيْرًا لَّهُمْ وَاَشَدَّ تَثْبِيْتًا ۔ (تا پنج آیات) اور اگر یہی کرین جو انکو نصیحت ہوتی ہے تو انکے حق مین بہتر ہو اور زیادہ ثابت رہین دین مین
״	״	۱۱	اَفَلَا يَتَدَبَّرُوْنَ الْقُرْاٰنَ ۭ وَلَوْ كَانَ مِنْ عِنْدِ غَيْرِ اللّٰهِ لَوَجَدُوْا فِيْهِ اخْتِلَافًا كَثِيْرًا ۔ کیا غور نہین کرتے قرآن مین اور اگر یہ ہوتا کسی اور کا سوا اللہ کے تو پاتے اس مین بہت تفاوت
״	״	۱۲	وَمَنْ اَصْدَقُ مِنَ اللّٰهِ حَدِيْثًا ۔ اور اللہ سے سچی کس کی بات ہے ۔
״	״	۱۶	اِنَّآ اَنْزَلْنَآ اِلَيْكَ الْكِتٰبَ بِالْحَقِّ لِتَحْكُمَ بَيْنَ النَّاسِ بِمَآ اَرٰىكَ اللّٰهُ ۔ ہمنے اتاری تیری طرف کتاب سچی کہ تو انصاف کرے لوگون مین جو سمجھاوے تجھکو اللہ ۔
״	״	۲۰	وَقَدْ نَزَّلَ عَلَيْكُمْ فِي الْكِتٰبِ اَنْ اِذَا سَمِعْتُمْ اٰيٰتِ اللّٰهِ يُكْفَرُ بِهَا وَيُسْتَهْزَاُ بِهَا فَلَا تَقْعُدُوْا مَعَهُمْ حَتّٰى يَخُوْضُوْا فِيْ حَدِيْثٍ غَيْرِهٖٓ ۔ اِنَّكُمْ اِذًا مِّثْلُهُمْ ۭ اِنَّ اللّٰهَ جَامِعُ الْمُنٰفِقِيْنَ وَالْكٰفِرِيْنَ فِيْ جَهَنَّمَ جَمِيْعًا ۔ اور حکم اتار چکا تمپر کتاب مین کہ جب سنو اللہ کی آیتون پر انکار ہوتا اور ہنسی ہوتی تو نہ بیٹھو انکے ساتھ جب تک مشغول ہون کسی اور بات مین اسکے سوا نہین تو تم بھی انکے برابر ہوئے بیشک اللہ اکٹھا کریگا منافقون کو اور کافرون کو دوزخ مین ایک جگہ ۔
۶	״	۲۴	يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ قَدْ جَاۗءَكُمْ بُرْهَانٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ وَاَنْزَلَ عَلَيْكُمْ نُوْرًا مُّبِيْنًا ۔ فَاَمَّا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا بِاللّٰهِ وَاعْتَصَمُوْا بِهٖ فَسَيُدْخِلُهُمْ فِيْ رَحْمَةٍ مِّنْهُ وَفَضْلٍ ۙ وَّيَهْدِيْهِمْ اِلَيْهِ صِرَاطًا مُّسْتَقِيْمًا ۔ اے لوگو تم پاس پہونچ چکی سند تمہارے رب کی طرف سے اور اتاری ہمنے تمپر روشنی واضح سو جو یقین لائے اللہ پر اور اسکو مضبوط پکڑا تو انکو داخل کریگا اپنی مہر مین اور فضل مین اور پہونچاویگا انکو اپنی طرف سیدھی راہ پر ۔
۶	المائدہ	۳	قَدْ جَاۗءَكُمْ مِّنَ اللّٰهِ نُوْرٌ وَّكِتٰبٌ مُّبِيْنٌ ۔ يَّهْدِيْ بِهِ اللّٰهُ مَنِ اتَّبَعَ رِضْوَانَهٗ سُبُلَ السَّلٰمِ وَيُخْرِجُهُمْ مِّنَ الظُّلُمٰتِ اِلَى النُّوْرِ بِاِذْنِهٖ وَيَهْدِيْهِمْ اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ۔ تمپر آئی ہے اللہ کی طرف سے روشنی اور کتاب بیان کرتی جس سے اللہ راہ پر لاتا ہے اور جو کوئی تابع ہوا اسکی رضا کا بچاؤ کی راہ پر اور نکالتا ہے اندھیرے سے روشنی مین اپنے حکم سے اور انکو چلاتا ہے سیدھی راہ ۔

پارہ	سورۃ	رکوع	
۶	المائدہ	۷	اِنَّآ اَنْزَلْنَا التَّوْرٰىةَ (تا آخر آیت هُمُ الْكٰفِرُوْنَ ۝ کتاب آسمانی کے ساتھ حکم لگانے کی نہایت ترغیب و تاکید) ہم نے اتاری توریت۔
〃	〃	〃	وَمَنْ لَّمْ يَحْكُمْ بِمَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْكٰفِرُوْنَ ۝ هُمُ الظّٰلِمُوْنَ ۝ هُمُ الْفٰسِقُوْنَ ۝ اور جو کوئی حکم نہ کرے اللہ کی اتاری پر سو وہی لوگ ہیں منکر وہی لوگ ہیں بے انصاف وہی لوگ ہیں بے حکم۔
〃	〃	〃	وَاَنْزَلْنَآ اِلَيْكَ الْكِتٰبَ بِالْحَقِّ مُصَدِّقًا لِّمَا بَيْنَ يَدَيْهِ مِنَ الْكِتٰبِ وَمُهَيْمِنًا عَلَيْهِ فَاحْكُمْ بَيْنَهُمْ بِمَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ (تا تختلفون) اور تجھ پر اتاری ہمنے کتاب تحقیق سچا کرتی اگلی کتابوں کو اور سب پر شامل سو تو حکم کر انمین جو اتارا اللہ نے۔
〃	〃	〃	وَاَنِ احْكُمْ بَيْنَهُمْ بِمَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ (تا آخر) اور یہ فرمایا کہ حکم کر جو اللہ نے اتارا۔
〃	〃	〃	وَمَنْ اَحْسَنُ مِنَ اللّٰهِ حُكْمًا لِّقَوْمٍ يُّوْقِنُوْنَ ۝ اور اللہ سے بہتر کون ہے حکم کرنے والا یقین رکھتے لوگوں کو۔
〃	〃	۹	وَلَوْ اَنَّهُمْ اَقَامُوا التَّوْرٰىةَ وَالْاِنْجِيْلَ وَمَآ اُنْزِلَ اِلَيْهِمْ مِّنْ رَّبِّهِمْ لَاَكَلُوْا مِنْ فَوْقِهِمْ وَمِنْ تَحْتِ اَرْجُلِهِمْ (قائم رہنا کتاب آسمانی پر موجب حصول برکت ہے) اور اگر وہ لوگ قائم رکھتے توریت اور انجیل اور جو اترا انکو انکے رب کی طرف سے تو کھاتے اپنے اوپر سے اور پاؤن کے نیچے سے ف مسلمانوں کو قرآن مجید کو قائم رکھنا چاہیے
〃	〃	۱۰	اُنْظُرْ كَيْفَ نُبَيِّنُ لَهُمُ الْاٰيٰتِ ثُمَّ انْظُرْ اَنّٰى يُؤْفَكُوْنَ ۝ دیکھ ہم کیسے بتاتے ہیں انکو نشانیاں پھر دیکھ کیسے الٹے جاتے ہیں۔
〃	〃	۱۱	وَاِذَا سَمِعُوْا مَآ اُنْزِلَ اِلَى الرَّسُوْلِ (تا ستہ آیات تعصب تقلید سے خالی ہو کر بگوش انصاف سننا قرآن کا موجب اثبات سعادت ہے) اور جب سنتے ہیں جو اترا رسول پر۔
〃	〃	۱۴	وَاِذَا قِيْلَ لَهُمْ تَعَالَوْا اِلٰى مَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ (مذمت تقلید برخلاف قرآن) اور جب کہتے انکو آؤ طرف جو اللہ نے نازل کیا۔
〃	الانعام	۲	وَاُوْحِيَ اِلَيَّ هٰذَا الْقُرْاٰنُ لِاُنْذِرَكُمْ بِهٖ وَمَنْۢ بَلَغَ ۝ اور اترا ہے مجھکو یہ قرآن کہ تمکو اس سے خبردار کروں اور جسکو یہ پہنچے۔
〃	〃	۴	مَا فَرَّطْنَا فِي الْكِتٰبِ مِنْ شَيْءٍ ثُمَّ اِلٰى رَبِّهِمْ يُحْشَرُوْنَ ۝ چھوڑی نہیں ہمنے لکھنے مین کوئی چیز پھر اپنے رب کی طرف اکٹھے ہونگے۔

پارہ	سورۃ	رکوع	
٧	الانعام	٦	وَاَنْذِرْ بِهِ الَّذِیْنَ یَخَافُوْنَ اَنْ یُّحْشَرُوْٓا اِلٰى رَبِّهِمْ لَیْسَ لَهُمْ مِّنْ دُوْنِهٖ وَلِیٌّ وَّلَا شَفِیْعٌ لَّعَلَّهُمْ یَتَّقُوْنَ ٥ اور خبردار کردے اس قرآن سے انکو جو ڈرتے ہیں کہ جمع ہونگے اپنے رب کے پاس انکا کوئی نہیں اسکے سوا حمایتی نہ سفارشی الا شاید وہ بچتے رہیں -
″	″	٨	وَذَكِّرْ بِهٖٓ اَنْ تُبْسَلَ نَفْسٌۢ بِمَا كَسَبَتْ (تا یکفرون ٥) اور قرآن کے ساتھ نصیحت دے انکو کہ گرفتار نہ ہو جاوے کوئی اپنے کیے میں -
″	″	١١	وَهٰذَا كِتٰبٌ اَنْزَلْنٰهُ مُبٰرَكٌ مُّصَدِّقُ الَّذِیْ بَیْنَ یَدَیْهِ وَلِتُنْذِرَ اُمَّ الْقُرٰى وَمَنْ حَوْلَهَا وَالَّذِیْنَ یُؤْمِنُوْنَ بِالْاٰخِرَةِ یُؤْمِنُوْنَ بِهٖ وَهُمْ عَلٰى صَلَاتِهِمْ یُحَافِظُوْنَ ٥ اور یہ کتاب ہے کہ ہمنے اتاری برکت والی سچا بتاتی اپنی اگلی کو اور تو ڈراوے اصل بستی کو اور انکو گرد اسکے ہیں اور جنکو یقین ہے آخرت کا وہ اسکو مانتے ہیں اور وہ اپنی نماز کی حفاظت کرتے ہیں ف اصل بستی مکہ اسکے گرد سارا جہان -
٨	″	١٤	اَفَغَیْرَ اللّٰهِ اَبْتَغِیْ حَكَمًا وَّهُوَ الَّذِیْٓ اَنْزَلَ اِلَیْكُمُ الْكِتٰبَ مُفَصَّلًا کیا اب سوا اللہ کے کسی اور کو منصف کرون اور اسنے اتاری تم کو کتاب واضح -
″	″	″	وَالَّذِیْنَ اٰتَیْنٰهُمُ الْكِتٰبَ یَعْلَمُوْنَ اَنَّهٗ مُنَزَّلٌ مِّنْ رَّبِّكَ بِالْحَقِّ فَلَا تَكُوْنَنَّ مِنَ الْمُمْتَرِیْنَ ٥ اور جنکو ہمنے کتاب دی ہے وہ جانتے ہیں کہ بیشک قرآن اترا ہوا ہے تیرے رب کی طرف سے ساتھ حق کے سو تو مت ہو شک لانے والوں سے -
″	″	١٥	وَهٰذَا صِرَاطُ رَبِّكَ مُسْتَقِیْمًا قَدْ فَصَّلْنَا الْاٰیٰتِ لِقَوْمٍ یَّذَّكَّرُوْنَ ٥ اور یہ راہ تیرے رب کی سیدھی ہمنے کھول دی نشانیاں دھیان کرنے والوں کو -
″	″	١٩	وَاَنَّ هٰذَا صِرَاطِیْ مُسْتَقِیْمًا فَاتَّبِعُوْهُ وَلَا تَتَّبِعُوا السُّبُلَ فَتَفَرَّقَ بِكُمْ عَنْ سَبِیْلِهٖ ذٰلِكُمْ وَصّٰىكُمْ بِهٖ لَعَلَّكُمْ تَتَّقُوْنَ ٥ اور یہ کہ یہ راہ ہے میری سیدھی سو اسپر چلو اور مت چلو کئی راہیں پھر متفرق کر دینگے تمکو اسکی راہ سے یہ کہہ دیا ہے تمکو شاید تم بچتے رہو -
″	″	٢٠	وَهٰذَا كِتٰبٌ اَنْزَلْنٰهُ مُبٰرَكٌ فَاتَّبِعُوْهُ وَاتَّقُوْا لَعَلَّكُمْ تُرْحَمُوْنَ ٥ اَنْ تَقُوْلُوْٓا اِنَّمَآ اُنْزِلَ (تا یصدفون ٥) اور یہ کتاب ہے کہ ہمنے اتاری برکت کی سو اسپر چلو اور بچتے رہو شاید تمپر رحم ہو اسواسطے کہ کبھی کہو
″	″	″	فَقَدْ جَآءَكُمْ بَیِّنَةٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ وَهُدًى وَّرَحْمَةٌ فَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنْ كَذَّبَ بِاٰیٰتِ اللّٰهِ وَصَدَفَ عَنْهَا سو آچکی تمکو تمہارے رب سے دلیل اور ہدایت اور مہربانی اب اس سے بے انصاف کون جو جھٹلاوے

پارہ	سورۃ	رکوع	متن
۲۶	الاحقاف	۴	يَا قَوْمَنَا أَجِيبُوا دَاعِيَ اللَّهِ وَآمِنُوا بِهِ يَغْفِرْ لَكُمْ مِنْ ذُنُوبِكُمْ وَيُجِرْكُمْ مِنْ عَذَابٍ أَلِيمٍ اے قوم ہماری قبول کرو واسطے بُلانے والے کے اللہ کی طرف سے اور ایمان لاؤ ساتھ اُس کے بخشے گا واسطے تمہارے گناہ تمہارے اور پناہ دیگا تمکو عذاب درد دینے والے سے۔
״	״	״	وَمَنْ لَمْ يُجِبْ دَاعِيَ اللَّهِ فَلَيْسَ بِمُعْجِزٍ فِي الْأَرْضِ وَلَيْسَ لَهُمْ مِنْ دُونِهِ أَوْلِيَاءُ أُولَئِكَ فِي ضَلَالٍ مُبِينٍ اور جو کوئی نہ مانے پکارنے والے اللہ کے کو پس نہیں عاجز کرنے والا بیچ زمین کے اور نہیں واسطے اُسکے دوست یہ لوگ ہیں بیچ گمراہی ظاہر کے۔
״	محمد	۴	إِنَّ الَّذِينَ كَفَرُوا وَصَدُّوا عَنْ سَبِيلِ اللَّهِ وَشَاقُّوا الرَّسُولَ مِنْ بَعْدِ مَا تَبَيَّنَ لَهُمُ الْهُدَى لَنْ يَضُرُّوا اللَّهَ شَيْئًا وَسَيُحْبِطُ أَعْمَالَهُمْ تحقیق جو لوگ کہ کافر ہوئے اور بند کیا انہوں نے راہ خدا کے سے اور مخالفت کی رسول کی پیچھے اُسکے کہ ظاہر ہوئی واسطے اُنکے ہدایت ہرگز نہ ضرر کرینگے اللہ کو کچھ البتہ نابود کریگا عملوں اُنکے کو۔
״	״	״	يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا أَطِيعُوا اللَّهَ وَأَطِيعُوا الرَّسُولَ وَلَا تُبْطِلُوا أَعْمَالَكُمْ اے لوگو جو ایمان لائے ہو کہا مانو اللہ کا اور کہا مانو رسول کا اور مت باطل کرو عملوں اپنوں کو۔

پارہ	سورۃ	رکوع	بیان اطاعت اللہ و رسول و عمل بر قرآن و حدیث
۲۶	الفتح	۱	اِنَّآ اَرْسَلْنٰكَ شَاهِدًا وَّمُبَشِّرًا وَّنَذِيْرًا لِّتُؤْمِنُوْا بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ وَتُعَزِّرُوْهُ وَتُوَقِّرُوْهُ وَتُسَبِّحُوْهُ بُكْرَةً وَّاَصِيْلًا ۝ (جسنے اللہ اور رسول کے فرمانے پر عمل نہ کیا اسنے کیا وقر کیا اللہ اور رسول صلی اللہ علیہ وسلم کا) تحقیق ہم نے بھیجا ہمنے تجھکو گواہی دینے والا اور خوشخبری دینے والا اور ڈرانے والا تو کہ ایمان لاؤ تم ساتھ اللہ کے اور رسول اسکے کے اور قوت دو اسکو اور تعظیم کرو اسکی اور تسبیح کرو اللہ کو صبح اور شام۔
〃	〃	〃	فَاِنْ تُطِيْعُوْا يُؤْتِكُمُ اللّٰهُ اَجْرًا حَسَنًا ۚ پس اگر مانو گے تم دیویگا تمکو اللہ ثواب اچھا۔
〃	〃	〃	وَاِنْ تَتَوَلَّوْا كَمَا تَوَلَّيْتُمْ مِّنْ قَبْلُ يُعَذِّبْكُمْ عَذَابًا اَلِيْمًا ۝ اور اگر پھر جاؤ تم جیسا پھر گئے تھے تم پہلے اس سے عذاب کریگا تمکو عذاب درد دینے والا۔
〃	〃	〃	وَمَنْ يُّطِعِ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ يُدْخِلْهُ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ ۚ وَمَنْ يَّتَوَلَّ يُعَذِّبْهُ عَذَابًا اَلِيْمًا ۝ اور جو کوئی فرمانبرداری کرے اللہ کی اور رسول اسکے کی داخل کریگا اسکو بہشتوں میں چلتی ہیں نیچے انکے سے نہریں اور جو کوئی پھر جاویگا عذاب کریگا اسکو عذاب درد دینے والا
〃	〃	۳	لَقَدْ رَضِيَ اللّٰهُ عَنِ الْمُؤْمِنِيْنَ اِذْ يُبَايِعُوْنَكَ تَحْتَ الشَّجَرَةِ (تا چند آیات بیان ثواب عہد کنندگان بر متابعت رسول صلی اللہ علیہ وسلم) البتہ تحقیق راضی ہوا اللہ مسلمانوں سے جس وقت کہ بیعت کرتے تھے تجھ سے نیچے درخت کے۔
〃	〃	۴	هُوَ الَّذِيْٓ اَرْسَلَ رَسُوْلَهٗ بِالْهُدٰى وَدِيْنِ الْحَقِّ (رسول صلی اللہ علیہ وسلم کا بھیجنا ساتھ ہدایت کو اسواسطے ہو کہ لوگ حکم پر عمل کریں) وہ ہے جس نے بھیجا پیغمبر اپنے کو ساتھ ہدایت کے اور دین حق کے۔
〃	〃	〃	مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ ۚ (رسول کا وجود مہمل نہیں ہوتا بلکہ تا کہ سب اسکی اطاعت کریں محمد رسول اللہ کا)
〃	الحجرات	۲	وَاِنْ تُطِيْعُوا اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ لَا يَلِتْكُمْ مِّنْ اَعْمَالِكُمْ شَيْـًٔا ۚ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۝ اور اگر فرمانبرداری کرو اللہ کی اور رسول اسکے کی نہیں کم دیگا تمکو عملوں تمہاروں میں سے کچھ تحقیق اللہ بخشنے والا مہربان ہے۔
۲۷	النجم	۱	وَمَا يَنْطِقُ عَنِ الْهَوٰى ۝ اِنْ هُوَ اِلَّا وَحْيٌ يُّوْحٰى ۝ (پھر کیوں اطاعت نہ کیجاوے) اور نہیں بولتا وہ خواہش اپنی سے نہیں وہ مگر وحی کہ بھیجی جاتی ہے۔
〃	الحدید	۳	سَابِقُوْٓا اِلٰى مَغْفِرَةٍ مِّنْ رَّبِّكُمْ وَجَنَّةٍ (تا آخر یعنے بہت جلد اطاعت کرو اور حکم بجا لاؤ) جلد چلو طرف بخشش پروردگار اپنے کی اور بہشت کی۔

پارہ	سورۃ	رکوع	
۲۷	الحدید	۳	لَقَدْ اَرْسَلْنَا رُسُلَنَا بِالْبَیِّنٰتِ وَاَنْزَلْنَا مَعَهُمُ الْکِتٰبَ وَالْمِیْزَانَ لِیَقُوْمَ النَّاسُ بِالْقِسْطِ ۔ تحقیق بھیجا ہمنے پیغمبروں اپنوں کو ساتھ دلیل ظاہر کے اور اتاری ہمنے ساتھ انکے کتاب اور ترازو تاکہ اعتدال لوگ قائم رکھیں لوگ عدل کو ۔
۲۸	المجادلہ	۱	اِنَّ الَّذِیْنَ یُحَآدُّوْنَ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ کُبِتُوْا کَمَا کُبِتَ الَّذِیْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ وَقَدْ اَنْزَلْنَآ اٰیٰتٍۢ بَیِّنٰتٍ ۚ (دو آیت تا شهید) تحقیق جو لوگ اختلاف کرتے ہیں اللہ اور رسول اسکے کا ہلاک کیے گئے جیسے ہلاک کیے گئے وہ لوگ کہ پہلے انسے تھے اور تحقیق اتاری ہمنے نشانیاں ظاہر
”	”	۲	فَلَا تَتَنَاجَوْا بِالْاِثْمِ وَالْعُدْوَانِ وَمَعْصِیَتِ الرَّسُوْلِ وَتَنَاجَوْا بِالْبِرِّ وَالتَّقْوٰی ۚ (مشورہ واسطے بجالانے حکم خدا اور رسول کے) پس مت مصلحت کرو ساتھ گناہ کے اور تعدی اور نافرمانی رسول کے اور مصلحت کرو ساتھ نیکی کاری کے اور پرہیزگاری کے ۔
”	”	”	فَاَقِیْمُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتُوا الزَّکٰوةَ وَاَطِیْعُوا اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ ۚ وَاللّٰهُ خَبِیْرٌۢ بِمَا تَعْمَلُوْنَ ۔ پس قائم رکھو نماز کو اور دو زکوٰۃ کو اور فرمانبرداری کرو اللہ کی اور رسول اسکے کی اور اللہ خبردار ہے ساتھ اس چیز کے کہ کرتے ہو تم ۔
”	”	۳	اِنَّ الَّذِیْنَ یُحَآدُّوْنَ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗۤ اُولٰٓئِکَ فِی الْاَذَلِّیْنَ ۔ تحقیق جو لوگ کہ مقابلہ کرتے ہیں اللہ اور رسول اسکے سے یہ لوگ بیچ بہت ذلیل ہونے والوں کے ۔
”	”	”	لَا تَجِدُ قَوْمًا یُّؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَالْیَوْمِ الْاٰخِرِ یُوَآدُّوْنَ مَنْ حَآدَّ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ (تا الْمُفْلِحُوْنَ) نہ پاویگا تو کسی قوم کو ایمان لاتے ہوں ساتھ اللہ کے اور دن پچھلے کے دوستی کریں اس شخص سے کہ مقابلہ کرتا ہے اللہ کا اور رسول اسکے کا ۔
”	الحشر	۱	ذٰلِکَ بِاَنَّهُمْ شَآقُّوا اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ ۚ (عذاب دنیا بسبب مخالفت خدا و رسول) یہ بسبب اسکے ہے کہ انہوں نے مخالفت کی اللہ کی اور رسول اسکے کی ۔
”	”	”	وَمَنْ یُّشَآقِّ اللّٰهَ فَاِنَّ اللّٰهَ شَدِیْدُ الْعِقَابِ ۔ اور جو کوئی مخالفت کرے اللہ کی پس تحقیق اللہ سخت عذاب کرنے والا ہے ۔
”	”	”	وَمَآ اٰتٰکُمُ الرَّسُوْلُ فَخُذُوْهُ وَمَا نَهٰکُمْ عَنْهُ فَانْتَهُوْا ۚ وَاتَّقُوا اللّٰهَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ شَدِیْدُ الْعِقَابِ ۔ اور جو کچھ کہ دیوے تم کو رسول پس لے لو اسکو اور جو کچھ کہ منع کرے تمکو اس سے پس باز رہو اور ڈرو اللہ سے تحقیق اللہ سخت عذاب کرنے والا ہے ۔
”	الصف	۱	یٰۤاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا لِمَ تَقُوْلُوْنَ مَا لَا تَفْعَلُوْنَ ۔ اے لوگو جو ایمان لائے ہو کیوں کہتے ہو

پارہ	سورۃ	رکوع	
			جو کچھ کہ نہیں کرتے۔
٢٨	الصف	١	كَبُرَ مَقْتًا عِنْدَ اللّٰهِ أَنْ تَقُولُوا مَا لَا تَفْعَلُونَ ۝ بڑی ناخوشی ہے نزدیک [illegible]
〃	التغابن	٢	وَأَطِيعُوا اللّٰهَ وَأَطِيعُوا الرَّسُولَ ۚ اور فرمانبرداری کرو اسکی اور فرمانبرداری [illegible]
〃	〃	〃	فَإِنْ تَوَلَّيْتُمْ فَإِنَّمَا عَلَىٰ رَسُولِنَا الْبَلَاغُ الْمُبِينُ ۝ پس اگر پھر جاؤ تم [illegible] اوپر رسول ہمارے کے ہے پہنچا دینا ظاہر۔
〃	〃	〃	فَاتَّقُوا اللّٰهَ مَا اسْتَطَعْتُمْ وَاسْمَعُوا وَأَطِيعُوا (الآیہ) پس ڈرو اللہ سے [illegible] اور سنو اور فرمانبرداری کرو۔
〃	الطلاق	٢	وَكَأَيِّنْ مِنْ قَرْيَةٍ عَتَتْ عَنْ أَمْرِ رَبِّهَا وَرُسُلِهِ فَحَاسَبْنَاهَا حِسَابًا شَدِيدًا وَعَذَّبْنَاهَا عَذَابًا نُكْرًا ۝ اور بہت بستیاں ہیں کہ سرکشی کی انہوں نے [illegible] اور پیغمبر اسکے سے پس حساب لیا ہم نے انسے حساب سخت اور عذاب [illegible]
〃	〃	〃	رَسُولًا يَتْلُو عَلَيْكُمْ آيَاتِ اللّٰهِ مُبَيِّنَاتٍ لِيُخْرِجَ الَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ مِنَ الظُّلُمَاتِ إِلَى النُّورِ ۝ [illegible] نشانیاں اللہ کی بیان کرنے والیں تو کہ نکالے اُن لوگوں کو کہ ایمان [illegible] اندھیروں سے طرف روشنی کی۔
٢٩	الملک	٢	أَفَمَنْ يَمْشِي مُكِبًّا عَلَىٰ وَجْهِهِ أَهْدَىٰ أَمَّنْ يَمْشِي سَوِيًّا عَلَىٰ صِرَاطٍ مُسْتَقِيمٍ ۝ پس وہ شخص کہ چلتا ہے گرا ہوا اوپر منہ اپنے کے بہت راہ پانیوالا ہے یا وہ شخص کہ چلتا برابر اوپر راہ سیدھی کے۔
〃	الحاقہ	١	فَعَصَوْا رَسُولَ رَبِّهِمْ فَأَخَذَهُمْ أَخْذَةً رَابِيَةً ۝ پس نافرمانی کی انہوں نے پیغمبر پروردگار اپنے کی پس پکڑا انکو پکڑنا بلند۔
〃	الجن	٢	وَمَنْ يَعْصِ اللّٰهَ وَرَسُولَهُ فَإِنَّ لَهُ نَارَ جَهَنَّمَ خَالِدِينَ فِيهَا أَبَدًا ۝ اور جو کوئی نافرمانی کرے اللہ کی اور رسول اُسکے کی پس تحقیق واسطے اُسکے آگ ہے دوزخ کی ہمیشہ رہنے والے بیچ اُس کے ہمیشہ۔
〃	المزمل	١	فَعَصَىٰ فِرْعَوْنُ الرَّسُولَ فَأَخَذْنَاهُ أَخْذًا وَبِيلًا ۝ پس نافرمانی کی فرعون نے پیغمبر کی پس پکڑا ہم نے اُس کو پکڑنا بھاری۔

بیان عبادت حق سبحانہ و تعالی

پارہ	سورۃ	رکوع	
۱	البقرۃ	۳	یَا اَیُّهَا النَّاسُ اعْبُدُوْا رَبَّکُمُ الَّذِیْ خَلَقَکُمْ وَالَّذِیْنَ مِنْ قَبْلِکُمْ لَعَلَّکُمْ تَتَّقُوْنَ ۔ (تا ... آیات) اے لوگو عبادت کرو پروردگار اپنے کی جسنے پیدا کیا تمکو اور انکو جو پہلے تم سے تھے تو کہ تم
۱	"	۱۶	اَمْ کُنْتُمْ شُهَدَآءَ اِذْ حَضَرَ یَعْقُوْبَ الْمَوْتُ اِذْ قَالَ لِبَنِیْهِ مَا تَعْبُدُوْنَ مِنْ بَعْدِیْ ۔ کیا تہے تم حاضر جسوقت آئی یعقوب کو موت جسوقت کہا اُسنے واسطے بیٹوں اپنے کو کس چیز کی عبادت کروگے تم پیچھے میرے ۔
"	"	"	قَالُوْا نَعْبُدُ اِلٰهَکَ وَاِلٰهَ اٰبَآئِکَ اِبْرَاهِیْمَ وَاِسْمٰعِیْلَ وَاِسْحٰقَ اِلٰهًا وَّاحِدًا وَّنَحْنُ لَهٗ مُسْلِمُوْنَ ۔ کہا اُنہون نے عبادت کرینگے ہم معبود تیرے کو اور معبود باپون تیرے کو ابراہیم اور اسمعیل اور اسحق کے کو معبود ایک کو اور ہم واسطے اُسکے مطیع ہین ۔
"	"	"	صِبْغَةَ اللّٰهِ ۚ وَمَنْ اَحْسَنُ مِنَ اللّٰهِ صِبْغَةً ۫ وَّنَحْنُ لَهٗ عٰبِدُوْنَ ۔ [illegible] اور کون ہے بہتر خدا سے رنگ مین اور ہم اُسی کو عبادت کرنے والے ہین ۔
۳	آل عمران	۵	اِنَّ اللّٰهَ رَبِّیْ وَرَبُّکُمْ فَاعْبُدُوْهُ ؕ هٰذَا صِرَاطٌ مُّسْتَقِیْمٌ ۔ تحقیق اللہ پروردگار میرا ہے اور پروردگار تمہارا پس عبادت کرو اُسکو یہ ہے راہ سیدھی ۔
۵	النساء	۶	وَاعْبُدُوا اللّٰهَ وَلَا تُشْرِکُوْا بِهٖ شَیْئًا (الآیۃ) عبادت کرو اللہ کی اور مت شریک کرو ساتھ اُسکے کسی چیز کو
۶	"	۲۴	لَنْ یَّسْتَنْکِفَ الْمَسِیْحُ اَنْ یَّکُوْنَ عَبْدًا لِّلّٰهِ وَلَا الْمَلٰٓئِکَةُ الْمُقَرَّبُوْنَ ۔ ہرگز نہ عار کریگا مسیح اس سے کہ ہو بندہ واسطے اللہ کو اور نہ فرشتے مقرب ۔
"	"	"	وَمَنْ یَّسْتَنْکِفْ عَنْ عِبَادَتِهٖ وَیَسْتَکْبِرْ فَسَیَحْشُرُهُمْ اِلَیْهِ جَمِیْعًا ۔ (تا ... نصیرا) اور جو کوئی انکار کریگا بندگی اُسکی سے اور تکبر کریگا پس اکٹھا کریگا اُنکو طرف اپنی سب کو ۔
۶	المائدۃ	۱۰	وَقَالَ الْمَسِیْحُ یٰبَنِیْٓ اِسْرَآءِیْلَ اعْبُدُوا اللّٰهَ رَبِّیْ وَرَبَّکُمْ ۔ اور کہا مسیح نے اے بنی اسرائیل کے عبادت کرو اللہ کی جو پروردگار میرا ہے اور پروردگار تمہارا ۔
۷	"	۱۶	مَا قُلْتُ لَهُمْ اِلَّا مَآ اَمَرْتَنِیْ بِهٖٓ اَنِ اعْبُدُوا اللّٰهَ رَبِّیْ وَرَبَّکُمْ ۔ نہین کہا مین نے واسطے انکے مگر جو کچھ کہ حکم کیا تہا تو نے مجھکو ساتھ اُسکے یہ کہ عبادت کرو اللہ پروردگار میرے کو اور پروردگار تمہارے کو
۷	الانعام	۱۳	ذٰلِکُمُ اللّٰهُ رَبُّکُمْ ۚ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ خَالِقُ کُلِّ شَیْءٍ فَاعْبُدُوْهُ ۚ وَهُوَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ وَّکِیْلٌ

پاره	سورة	رکوع	
			یہ ہو اللہ پروردگار تمہارا نہین کوئی معبود مگر وہ پیدا کرنے والا ہر چیز کا پس عبادت کرو اسکو اور وہ اوپر ہر چیز کے کارساز ہے ۔
۸	الاعراف	۸	لَقَدْ اَرْسَلْنَا نُوْحًا اِلٰى قَوْمِهٖ فَقَالَ يٰقَوْمِ اعْبُدُوا اللّٰهَ مَا لَكُمْ مِّنْ اِلٰهٍ غَيْرُهٗ ؕ اِنِّيْۤ اَخَافُ عَلَيْكُمْ عَذَابَ يَوْمٍ عَظِيْمٍ ۔ البتہ تحقیق بھیجا ہمنے نوح کو طرف قوم اسکی کی پس کہا اے قوم میری عبادت کرو اللہ کو نہین واسطے تمہارے کوئی معبود سوائے اسکے تحقیق میں ڈرتا ہون اوپر تمہارے عذاب دن بڑے کے سے ۔
؍	؍	۹	وَاِلٰى عَادٍ اَخَاهُمْ هُوْدًا ؕ قَالَ يٰقَوْمِ اعْبُدُوا اللّٰهَ مَا لَكُمْ مِّنْ اِلٰهٍ غَيْرُهٗ ؕ اَفَلَا تَتَّقُوْنَ اور بھیجا طرف عاد کی بھائی انکے ہود کو کہا اے قوم میری عبادت کرو اللہ کی نہین واسطے تمہارے کوئی معبود سوائے اسکے کیا پس تم نہین ڈرتے ۔
؍	؍	۱۰	وَاِلٰى ثَمُوْدَ اَخَاهُمْ صٰلِحًا ؕ قَالَ يٰقَوْمِ اعْبُدُوا اللّٰهَ مَا لَكُمْ مِّنْ اِلٰهٍ غَيْرُهٗ ؕ (الآیہ) اور بھیجا طرف ثمود کی بھائی انکے صالح کو کہا اے قوم میری عبادت کرو اللہ کی نہین واسطے تمہارے کوئی معبود
؍	؍	۱۱	وَاِلٰى مَدْيَنَ اَخَاهُمْ شُعَيْبًا ؕ قَالَ يٰقَوْمِ اعْبُدُوا اللّٰهَ مَا لَكُمْ مِّنْ اِلٰهٍ غَيْرُهٗ ؕ الآیہ اور بھیجا طرف مدین کی بھائی انکے شعیب کو کہا اے قوم میری عبادت کرو اللہ کی نہین واسطے تمہارے کوئی معبود سوائے اسکے ۔
۹	؍	۲۴	اِنَّ الَّذِيْنَ عِنْدَ رَبِّكَ لَا يَسْتَكْبِرُوْنَ عَنْ عِبَادَتِهٖ وَيُسَبِّحُوْنَهٗ وَلَهٗ يَسْجُدُوْنَ ۔ تحقیق جو لوگ کہ نزدیک رب تیرے کے ہین نہین تکبر کرتے بندگی اسکی سے اور تسبیح کرتے ہین واسطے اسکے اور اسی کو سجدہ کرتے ہین ۔
۱۱	التوبہ	۱۴	اَلتَّآئِبُوْنَ الْعٰبِدُوْنَ الْحٰمِدُوْنَ السَّآئِحُوْنَ الرّٰكِعُوْنَ السّٰجِدُوْنَ (الآیہ) توبہ کرنے والے ہین عبادت کرنے والے ہین اللہ کی تعریف کرنے والے ہین خدا کے ۔ اور پھرنے والے ہین رکوع کرنے والے ہین سجدہ کرنے والے ہین ۔
؍	یونس	۱	ذٰلِكُمُ اللّٰهُ رَبُّكُمْ فَاعْبُدُوْهُ ؕ اَفَلَا تَذَكَّرُوْنَ ۔ یہ ہے اللہ پروردگار تمہارا پس بندگی کرو اسکی کیا پس نہین نصیحت پکڑتے تم ۔
؍	؍	۱۱	قُلْ يٰۤاَيُّهَا النَّاسُ اِنْ كُنْتُمْ فِيْ شَكٍّ مِّنْ دِيْنِيْ فَلَاۤ اَعْبُدُ الَّذِيْنَ تَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ وَلٰكِنْ اَعْبُدُ اللّٰهَ الَّذِيْ يَتَوَفّٰىكُمْ ۚ وَاُمِرْتُ اَنْ اَكُوْنَ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ ۔ کہہ اے لوگو اگر ہو تم بیچ شک کے دین میرے سے پس نہین عبادت کرتا ہون ان لوگون کو کہ عبادت کرتے ہو تم سوائے

پارہ	سورۃ	رکوع	
۱۶	مریم	۲	وَاِنَّ اللّٰهَ رَبِّيْ وَرَبُّكُمْ فَاعْبُدُوْهُ ؕ هٰذَا صِرَاطٌ مُّسْتَقِيْمٌ ۔ اور تحقیق اللہ پروردگار میرا ہے اور پروردگار تمہارا پس عبادت کرو اسکو یہ ہے راہ سیدھی ۔
〃	〃	۴	رَبُّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا فَاعْبُدْهُ وَاصْطَبِرْ لِعِبَادَتِهٖ ؕ هَلْ تَعْلَمُ لَهٗ سَمِيًّا ۔ پروردگار آسمانوں کا اور زمین کا اور اس چیز کا کہ درمیان انکے ہے پس عبادت کر اسکی اور صبر کر واسطے عبادت اسکی کو کیا جانتا ہے تو واسطے اسکے ہمنام ۔
〃	طٰہٰ	۱	اِنَّنِيْۤ اَنَا اللّٰهُ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّاۤ اَنَا فَاعْبُدْنِيْ ۙ وَاَقِمِ الصَّلٰوةَ لِذِكْرِيْ ۔ اِنَّ السَّاعَةَ اٰتِيَةٌ الآیہ ۔ تحقیق میں ہی ہوں اللہ نہیں کوئی معبود مگر میں پس عبادت کر میری اور قائم رکھ نماز کو واسطے یاد میری کے تحقیق قیامت آنے والی ہے ۔
۱۷	الانبیاء	۲	وَمَنْ عِنْدَهٗ لَا يَسْتَكْبِرُوْنَ عَنْ عِبَادَتِهٖ وَلَا يَسْتَحْسِرُوْنَ ۔ يُسَبِّحُوْنَ الَّيْلَ وَالنَّهَارَ لَا يَفْتُرُوْنَ ۔ اور جو نزدیک ہیں اسکے نہیں تکبر کرتے بندگی اسکی سے اور نہیں تھکتے پاکی بیان کرتے ہیں رات اور دن نہیں تھمتے ۔
〃	〃	〃	وَمَاۤ اَرْسَلْنَا مِنْ قَبْلِكَ مِنْ رَّسُوْلٍ اِلَّا نُوْحِيْۤ اِلَيْهِ اَنَّهٗ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّاۤ اَنَا فَاعْبُدُوْنِ ۔ اور نہیں بھیجا ہمنے پہلے تجھسے پیغمبر مگر وحی کرتے ہیں طرف اسکی کہ نہیں کوئی معبود مگر میں پس عبادت کرو میری
〃	〃	۵	وَجَعَلْنٰهُمْ اَئِمَّةً يَّهْدُوْنَ بِاَمْرِنَا وَاَوْحَيْنَاۤ اِلَيْهِمْ فِعْلَ الْخَيْرٰتِ وَاِقَامَ الصَّلٰوةِ وَاِيْتَآءَ الزَّكٰوةِ ۚ وَكَانُوْا لَنَا عٰبِدِيْنَ ۔ اور کیا ہمنے انکو پیشوا ہدایت کرتے تھے ساتھ حکم ہمارے کے اور وحی کی ہمنے طرف انکی کرنا بھلائیوں کا اور برپا رکھنا نماز کا اور دینا زکوۃ کا اور تھے واسطے ہمارے عبادت کرنے والے ۔
〃	〃	۶	فَاسْتَجَبْنَا لَهٗ فَكَشَفْنَا مَا بِهٖ مِنْ ضُرٍّ وَّاٰتَيْنٰهُ اَهْلَهٗ وَمِثْلَهُمْ مَّعَهُمْ رَحْمَةً مِّنْ عِنْدِنَا وَذِكْرٰى لِلْعٰبِدِيْنَ ۔ پس قبول کیا ہمنے واسطے اسکے پس کھولدی ہمنے جو کچھ تھی اسکو ایذا اور دی ہمنے اسکو اولاد اسکی اور مانند انکی ساتھ انکے مہربانی اپنی طرف سے اور نصیحت واسطے عبادت کرنیوالوں کے
〃	〃	〃	اِنَّ هٰذِهٖۤ اُمَّتُكُمْ اُمَّةً وَّاحِدَةً ۖ وَّاَنَا رَبُّكُمْ فَاعْبُدُوْنِ ۔ تحقیق یہ ہے امت تمہاری امت ایک اور میں ہوں پروردگار تمہارا پس عبادت کرو میری ۔
		٠	اِنَّ فِيْ هٰذَا لَبَلٰغًا لِّقَوْمٍ عٰبِدِيْنَ ۔ بیچ اسکے البتہ مطلب کو پہنچا دینا ہے واسطے قوم عبادت کرنیوالی کے
۱۷	الحج	۲	وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يَّعْبُدُ اللّٰهَ عَلٰى حَرْفٍ ۚ فَاِنْ اَصَابَهٗ خَيْرُ اطْمَاَنَّ بِهٖ ۚ وَاِنْ اَصَابَتْهُ فِتْنَةُ انْقَلَبَ عَلٰى وَجْهِهٖ ۚ خَسِرَ الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةَ ۚ ذٰلِكَ هُوَ الْخُسْرَانُ الْمُبِيْنُ ۔ اور بعض

آیت و ترجمہ	رکوع	سورۃ	پارہ
لوگوں میں سے وہ شخص کہ بندگی کرتا ہے اللہ کی اوپر کنارے کے پس اگر پہونچے اسکو بھلائی آرام پکڑا ساتھ عبادت کے اور اگر پہونچے اسکو فتنہ پلٹ جاوے اوپر منہ اپنے کے ٹوٹے میں دیا دنیا اور آخرت کو یہ ہے وہ ٹوٹا پانا ظاہر ۔			
اَلَمْ تَرَ اَنَّ اللّٰهَ يَسْجُدُ لَهٗ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَمَنْ فِي الْاَرْضِ وَالشَّمْسُ وَالْقَمَرُ وَالنُّجُوْمُ وَالْجِبَالُ وَالشَّجَرُ وَالدَّوَآبُّ وَكَثِيْرٌ مِّنَ النَّاسِ ۭ وَكَثِيْرٌ حَقَّ عَلَيْهِ الْعَذَابُ (الآیۃ) کیا نہیں دیکھا تونے یہ کہ اللہ کو سجدہ کرتے ہیں واسطے اسکے جو کوئی بیچ آسمانوں کے اور جو کوئی بیچ زمین کے ہیں اور سورج اور چاند اور تارے اور پہاڑ اور درخت اور جانور اور بہت آدمیوں میں سے اور بہت ہیں کہ ثابت ہوا اوپر انکے عذاب ۔	۲	الحج	۱۷
يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا ارْكَعُوْا وَاسْجُدُوْا وَاعْبُدُوْا رَبَّكُمْ وَافْعَلُوا الْخَيْرَ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ اے لوگو جو ایمان لائے ہو رکوع کرو اور سجدہ کرو اور عبادت کرو پروردگار اپنے کو اور کرو بھلائی تو کہ تم فلاح پاؤ ۔	۱۱	"	"
فَاَرْسَلْنَا فِيْهِمْ رَسُوْلًا مِّنْهُمْ اَنِ اعْبُدُوا اللّٰهَ مَا لَكُمْ مِّنْ اِلٰهٍ غَيْرُهٗ ۭ اَفَلَا تَتَّقُوْنَ پس بھیجا ہم نے بیچ انکے رسول انہیں میں سے یہ کہ عبادت کرو اللہ کو نہیں واسطے تمہارے کوئی معبود سوائے اسکے کیا پس نہیں ڈرتے ۔	۳	المؤمنون	۱۸
اَفَحَسِبْتُمْ اَنَّمَا خَلَقْنٰكُمْ عَبَثًا وَّاَنَّكُمْ اِلَيْنَا لَا تُرْجَعُوْنَ ۔ کیا پس گمان کیا ہے تم نے یہ کہ پیدا کیا ہے ہم نے تم کو بے فائدہ اور یہ کہ تم طرف ہماری نہیں پھر آؤ گے ۔	۶	"	"
اِنَّمَآ اُمِرْتُ اَنْ اَعْبُدَ رَبَّ هٰذِهِ الْبَلْدَةِ الَّذِيْ حَرَّمَهَا وَلَهٗ كُلُّ شَيْءٍ وَّاُمِرْتُ اَنْ اَكُوْنَ مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ ۔ وَاَنْ اَتْلُوَا الْقُرْاٰنَ ۚ فَمَنِ اهْتَدٰى فَاِنَّمَا يَهْتَدِيْ لِنَفْسِهٖ ۚ وَمَنْ ضَلَّ فَقُلْ اِنَّمَآ اَنَا مِنَ الْمُنْذِرِيْنَ ۔ سوائے اسکے نہیں کہ حکم کیا گیا ہوں میں یہ کہ عبادت کروں پروردگار اس شہر کے کو جسنے حرمت دی اسکو اور واسطے اسکے ہے ہر چیز اور حکم کیا گیا ہوں میں یہ کہ ہوؤں میں مسلمانوں سے اور یہ کہ پڑھوں میں قرآن پس جسنے راہ پائی پس سوائے اسکے نہیں ہے کہ راہ پاتا ہے واسطے جان اپنی کے اور جو کوئی گمراہ ہوا پس کہہ سوائے اسکے نہیں کہ میں ڈرانے والوں سے ہوں ۔	۷	النمل	۲۰
وَاِبْرٰهِيْمَ اِذْ قَالَ لِقَوْمِهِ اعْبُدُوا اللّٰهَ وَاتَّقُوْهُ ۭ ذٰلِكُمْ خَيْرٌ لَّكُمْ اِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ۔ اور بھیجا ہم نے ابراہیم کو جس وقت کہا اسنے واسطے قوم اپنی کے کہ عبادت کرو اللہ کو اور ڈرو اس	۲	العنکبوت	"

پارہ	سورۃ	رکوع	
			یہ بہتر ہے واسطے تمہارے اگر ہو تم جانتے ۔
۲۰	العنکبوت	۲	فَابْتَغُوا عِنْدَ اللّٰهِ الرِّزْقَ وَاعْبُدُوهُ وَاشْكُرُوا لَهُ إِلَيْهِ تُرْجَعُونَ ۔ پس ڈھونڈھو نزدیک خدا کے رزق اور عبادت کرو اسکو اور شکر کرو اسکا طرف اسی کی پھیرے جاؤ گے ۔
۔۔	۔۔	۴	وَإِلَىٰ مَدْيَنَ أَخَاهُمْ شُعَيْبًا فَقَالَ يَا قَوْمِ اعْبُدُوا اللّٰهَ وَارْجُوا الْيَوْمَ الْآخِرَ وَلَا تَعْثَوْا فِي الْأَرْضِ مُفْسِدِينَ ۔ اور طرف مدین کی بھائی انکے شعیب کو پس کہا اے قوم میری عبادت کرو اللہ کو اور امیدوار ہو دن پچھلے کے اور مت پھرو بیچ زمین کے فساد کرتے
۲۱	۔۔	۶	يَا عِبَادِيَ الَّذِينَ آمَنُوا إِنَّ أَرْضِي وَاسِعَةٌ فَإِيَّايَ فَاعْبُدُونِ ۔ (تا چند آیات سو یہ ہی مضمون) اے بندو میرے جو ایمان لائے ہو تحقیق زمین میری کشادہ ہے پس مجھ ہی کو عبادت کرو
۲۳	یٰس	۲	وَمَا لِيَ لَا أَعْبُدُ الَّذِي فَطَرَنِي وَإِلَيْهِ تُرْجَعُونَ ۔ اور کیا ہے مجھے نہیں کہ عبادت کروں میں اس شخص کی کہ پیدا کیا مجھکو اور طرف اسکی پھیرے جاؤ گے ۔
۔۔	۔۔	۴	وَأَنِ اعْبُدُونِي هٰذَا صِرَاطٌ مُسْتَقِيمٌ ۔ اور یہ کہ عبادت کرو میری یہ ہے راہ سیدھی ۔
۔۔	والصّٰفّٰت	۳	قَالَ أَتَعْبُدُونَ مَا تَنْحِتُونَ ۔ وَاللّٰهُ خَلَقَكُمْ وَمَا تَعْمَلُونَ ۔ کہا کیا عبادت کرتے ہو اسکی کہ آپ ہی تراشتے ہو اور اللہ نے پیدا کیا تمکو اور جو کچھ کرتے ہو تم ۔
۔۔	الزمر	۱	فَاعْبُدِ اللّٰهَ مُخْلِصًا لَهُ الدِّينَ ۔ پس بندگی کر اللہ کو خالص کر کر واسطے اسکے عبادت کو
۔۔	۔۔	۲	قُلْ إِنِّي أُمِرْتُ أَنْ أَعْبُدَ اللّٰهَ مُخْلِصًا لَهُ الدِّينَ ۔ کہہ تحقیق میں حکم کیا گیا ہوں یہ کہ عبادت کروں اللہ کو خالص کر کر واسطے اسکے عبادت ۔
۔۔	۔۔	۔۔	قُلِ اللّٰهَ أَعْبُدُ مُخْلِصًا لَهُ دِينِي ۔ کہہ اللہ ہی کو عبادت کرتا ہوں خالص کر کر واسطے اسکے عبادت اپنی
۲۴	۔۔	۷	بَلِ اللّٰهَ فَاعْبُدْ وَكُنْ مِنَ الشَّاكِرِينَ ۔ بلکہ اللہ ہی کو عبادت کر اور ہو شکر کرنے والوں سے ۔
۔۔	المؤمن	۶	إِنَّ الَّذِينَ يَسْتَكْبِرُونَ عَنْ عِبَادَتِي سَيَدْخُلُونَ جَهَنَّمَ دَاخِرِينَ ۔ تحقیق وہ لوگ کہ تکبر کرتے ہیں عبادت میری سے شتاب داخل ہونگے دوزخ میں ذلیل ہو کر ۔
۲۵	الزخرف	۶	إِنَّ اللّٰهَ هُوَ رَبِّي وَرَبُّكُمْ فَاعْبُدُوهُ هٰذَا صِرَاطٌ مُسْتَقِيمٌ ۔ تحقیق اللہ وہ ہی پروردگار میرا اور پروردگار تمہارا پس عبادت کرو اسکو یہ ہے راہ سیدھی ۔
۲۷	الذّٰریٰت	۳	وَمَا خَلَقْتُ الْجِنَّ وَالْإِنْسَ إِلَّا لِيَعْبُدُونِ ۔ مَا أُرِيدُ مِنْهُمْ مِنْ رِزْقٍ وَمَا أُرِيدُ أَنْ يُطْعِمُونِ ۔ إِنَّ اللّٰهَ هُوَ الرَّزَّاقُ ذُو الْقُوَّةِ الْمَتِينُ ۔ اور نہیں پیدا کیا میں نے جن کو اور آدمی کو مگر تو کہ عبادت کریں مجھکو نہیں چاہتا میں انسے کچھ رزق اور نہیں چاہتا یہ کہ کھلاویں

پارہ	سورۃ	رکوع	
			مجھکو تحقیق اللہ وہ ہے رزق دینے والا زور آور اور زبردست۔
۲۷	النجم	۳	فَاسْجُدُوا لِلّٰهِ وَاعْبُدُوا ۝ پس سجدہ کرو واسطے اللہ کے اور عبادت کرو اسکو۔
۲۸	التحریم	۱	عَسٰى رَبُّهٗۤ اِنْ طَلَّقَكُنَّ اَنْ يُّبْدِلَهٗۤ اَزْوَاجًا خَيْرًا مِّنْكُنَّ مُسْلِمٰتٍ مُّؤْمِنٰتٍ قٰنِتٰتٍ تٰۤئِبٰتٍ عٰبِدٰتٍ سٰۤئِحٰتٍ ثَيِّبٰتٍ وَّاَبْكَارًا ۝ شتاب ہے پروردگار اسکا اگر طلاق دے تمکو یہ کہ بدل دیوے اسکو بیبیان بہتر تم سے مسلمان مومنین ایمان والیان فرمانبرداری کرنے والیان توبہ کرنے والیان عبادت کرنے والیان روزہ رکھنے والیان خاوند دیکھی ہوئیان اور بن دیکھی ہوئیان۔
۲۹	نوح	۱	قَالَ يٰقَوْمِ اِنِّيْ لَكُمْ نَذِيْرٌ مُّبِيْنٌ ۝ اَنِ اعْبُدُوا اللّٰهَ وَاتَّقُوْهُ وَاَطِيْعُوْنِ ۝ کہا اے قوم میری تحقیق میں واسطے تمہارے ڈرانے والا ہون ظاہر یہ کہ عبادت کرو اللہ کو اور ڈرو اس سے اور فرمانبرداری کرو میری۔
۳۰	البینۃ	۱	وَمَاۤ اُمِرُوْۤا اِلَّا لِيَعْبُدُوا اللّٰهَ مُخْلِصِيْنَ لَهُ الدِّيْنَ ۝ اور نہیں حکم کیے گئے مگر یہ کہ عبادت کرین اسکو خالص کر کر واسطے اسکے دین کو۔
،،	القریش	۱	فَلْيَعْبُدُوْا رَبَّ هٰذَا الْبَيْتِ الَّذِيْۤ اَطْعَمَهُمْ مِّنْ جُوْعٍ وَّاٰمَنَهُمْ مِّنْ خَوْفٍ ۝ پس چاہیے کہ عبادت کرین پروردگار اس گھر کو جس نے کھلایا انکو بھوک سے اور امن دیا انکو ڈر سے۔

بیان نماز کا

پارہ	سورۃ	رکوع	
۱	البقرۃ	۱	ذٰلِكَ الْكِتٰبُ لَا رَيْبَ فِيْهِ هُدًى لِّلْمُتَّقِيْنَ ۝ الَّذِيْنَ يُؤْمِنُوْنَ بِالْغَيْبِ وَيُقِيْمُوْنَ الصَّلٰوةَ وَمِمَّا رَزَقْنٰهُمْ يُنْفِقُوْنَ ۝ یہ کتاب نہین شک بیچ اسکے راہ دکھاتی ہے واسطے پرہیزگارون کے وہ جو ایمان لاتے ہین ساتھ غیب کے اور قائم رکھتے ہین نماز کو اور اس چیز سے کہ دی ہے ہمنے انکو خرچ کرتے ہین۔
،،	،،	۵	وَاَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتُوا الزَّكٰوةَ وَارْكَعُوْا مَعَ الرّٰكِعِيْنَ ۝ اور قائم کرو نماز کو اور دو زکوۃ اور رکوع کرو ساتھ رکوع کرنے والون کے۔
،،	،،	،،	وَاسْتَعِيْنُوْا بِالصَّبْرِ وَالصَّلٰوةِ ۝ اور مدد چاہو ساتھ صبر کے اور نماز کے۔
،،	،،	،،	وَاِنَّهَا لَكَبِيْرَةٌ اِلَّا عَلَى الْخٰشِعِيْنَ ۝ الَّذِيْنَ يَظُنُّوْنَ اَنَّهُمْ مُّلٰقُوْا رَبِّهِمْ وَاَنَّهُمْ اِلَيْهِ رٰجِعُوْنَ ۝ اور البتہ تحقیق وہ بڑی ہے مگر اوپر عاجزی کرنے والون کے وہ لوگ کہ بیشک

پارہ	سورۃ	رکوع	متن
			ہین یہ کہ وہ ملنے والے ہین پروردگار اپنے سے اور یہ کہ وہ طرف اُسکی پہر جانے والے ہین۔
۱	البقرہ	۱۰	وَاَقِيمُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتُوا الزَّكٰوةَ (از پیش و پس در بیان میثاق بنی اسرائیل) اور قائم رکہو نماز کو اور دو زکوۃ۔
״	״	۱۳	وَاَقِيمُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتُوا الزَّكٰوةَ وَمَا تُقَدِّمُوا لِاَنْفُسِكُمْ مِّنْ خَيْرٍ تَجِدُوهُ عِنْدَ اللّٰهِ اِنَّ اللّٰهَ بِمَا تَعْمَلُونَ بَصِيرٌ اور قائم رکہو نماز کو اور دو زکوۃ اور جو کچہ آگے بہیجو واسطے جانون اپنی کو بہلائی سے پاؤگے اُسکو نزدیک اللہ کے تحقیق اللہ ساتہ اُسچیز کے کہ کرتے ہو تم دیکہنے والا ہے۔
۲	״	۱۷	وَمَا كَانَ اللّٰهُ لِيُضِيعَ اِيمَانَكُمْ اِنَّ اللّٰهَ بِالنَّاسِ لَرَءُوفٌ رَّحِيمٌ (نماز کو ایمان فرمایا) اور نہیں ہے اللہ کہ ضائع کرے ایمان تمہارا تحقیق اللہ ساتہ لوگون کے البتہ شفقت کرنیوالا مہربان ہے۔
״	״	״	فَوَلِّ وَجْهَكَ شَطْرَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ وَحَيْثُ مَا كُنْتُمْ فَوَلُّوا وُجُوهَكُمْ شَطْرَهُ پس پہیر منہ اپنے کو طرف مسجد حرام کی اور جہان کہین کہ ہو تم پس پہیرو منہ اپنے کو طرف اُس کی۔
״	״	۱۸	وَلِكُلٍّ وِجْهَةٌ هُوَ مُوَلِّيهَا فَاسْتَبِقُوا الْخَيْرَاتِ اور ہر کسی کو ایک طرف ہے کہ وہ منہ کرتا ہے اودہر پس دوڑو تم بہلائیون کو۔
״	״	״	وَمِنْ حَيْثُ خَرَجْتَ فَوَلِّ وَجْهَكَ شَطْرَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ اور جہان سے نکلے تو پس پہیرلے منہ اپنے کو طرف مسجد حرام کی۔
״	״	״	وَمِنْ حَيْثُ خَرَجْتَ فَوَلِّ وَجْهَكَ شَطْرَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ اور جہان سے نکلے تو پس پہیرلے منہ اپنے کو طرف مسجد حرام کی۔
״	״	״	وَحَيْثُ مَا كُنْتُمْ فَوَلُّوا وُجُوهَكُمْ شَطْرَهُ (از تکرار این کلمات تاکید نماز ہم معلوم میشود) اور جہان کہین ہو تم پس پہیرو منہ اپنے کو طرف اُسکی۔
״	״	۱۹	يَا اَيُّهَا الَّذِينَ اٰمَنُوا اسْتَعِينُوا بِالصَّبْرِ وَالصَّلٰوةِ اے لوگو جو ایمان لائے ہو مدد چاہو ساتہ صبر کے اور نماز کے۔
״	״	۲۲	وَاَقَامَ الصَّلٰوةَ وَاٰتَى الزَّكٰوةَ (از پیش و پس در بیان اقسام بر و صفت صادقان و متقیان) اور قائم کیا نماز کو اور دیا زکوۃ کو۔
״	״	۳۱	حَافِظُوا عَلَى الصَّلَوَاتِ وَالصَّلٰوةِ الْوُسْطٰى وَقُومُوا لِلّٰهِ قَانِتِينَ محافظت کرو اوپر نمازون کے اور اوپر نماز بیچ والی کے اور کہڑے ہو واسطے اللہ کے چپکے۔
״	״	״	فَاِنْ خِفْتُمْ فَرِجَالًا اَوْ رُكْبَانًا پس اگر ڈرو تم پس پیادے یا سوار۔

پارہ	سورۃ	رکوع	
۵	النساء	۱۵	اِنَّ الصَّلٰوةَ كَانَتْ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ كِتٰبًا مَّوْقُوْتًا ہ تحقیق نماز ہے اوپر مسلمانون کو لکھی ہوئی وقت مقرر کی ہوئی،
〃	〃	۲۱	وَاِذَا قَامُوْٓا اِلَى الصَّلٰوةِ قَامُوْا كُسَالٰى يُرَآءُوْنَ النَّاسَ وَلَا يَذْكُرُوْنَ اللّٰهَ اِلَّا قَلِيْلًا اور جب کہڑی ہوتے ہین طرف نماز کی کہڑے ہوتے ہین کاہلی سے دکھلاتے ہین لوگون کو اور نہین یاد کرتے ہین اللہ کو مگر تہوڑا۔
۶	〃	۲۲	وَالْمُقِيْمِيْنَ الصَّلٰوةَ وَالْمُؤْتُوْنَ الزَّكٰوةَ وَالْمُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ ؕ اُولٰٓئِكَ سَنُؤْتِيْهِمْ اَجْرًا عَظِيْمًا ہ اور قائم کرنے والے نماز کو اور دینے والے زکوۃ کے اور ایمان لانے والے ساتھ اللہ کے اور دن پچہلے کو یہ لوگ البتہ دینگے ہم اُن کو ثواب بڑا۔
〃	المائدہ	۲	يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِذَا قُمْتُمْ اِلَى الصَّلٰوةِ (تا تَشْكُرُوْنَ ہ بیان وضو و غسل و تیمم) اے لوگو جو ایمان لائے ہو جب کہڑے ہو تم واسطے نماز کے۔
〃	〃	〃	وَاذْكُرُوْا نِعْمَةَ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ (تا بِذَاتِ الصُّدُوْرِ تا یہ این مضمون) اور یاد کرو نعمت اللہ کی اپنے اوپر
〃	〃	۳	لَئِنْ اَقَمْتُمُ الصَّلٰوةَ وَاٰتَيْتُمُ الزَّكٰوةَ وَاٰمَنْتُمْ بِرُسُلِيْ وَعَزَّرْتُمُوْهُمْ وَاَقْرَضْتُمُ اللّٰهَ قَرْضًا حَسَنًا لَّاُكَفِّرَنَّ عَنْكُمْ سَيِّاٰتِكُمْ وَلَاُدْخِلَنَّكُمْ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ ۚ (از پیش و پس بیان میثاق بنی اسرائیل و عہد شکنی شان و وبال آن) اگر قائم رکہو تم نماز کو اور دو تم زکوۃ اور ایمان لاؤ تم ساتھ پیغمبرون میرے کے اور قوت دو انکو اور قرض دو تم اللہ کو قرض اچہا البتہ دور کرونگا مین تم سے برائیان تمہاری اور البتہ داخل کرونگا تم کو بہشتون مین کہ چلتی ہین نیچے اُنکے سے نہرین۔
〃	〃	۸	اِنَّمَا وَلِيُّكُمُ اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوا الَّذِيْنَ يُقِيْمُوْنَ الصَّلٰوةَ وَيُؤْتُوْنَ الزَّكٰوةَ وَهُمْ رٰكِعُوْنَ ہ سوا اسکے نہین کہ دوست تمہارا اللہ ہے اور رسول اُسکا اور وہ لوگ کہ ایمان لائے قائم رکہتے ہین نماز کو اور دیتے ہین زکوۃ اور وہ رکوع کرتے ہین۔
〃	〃	۹	وَاِذَا نَادَيْتُمْ اِلَى الصَّلٰوةِ اتَّخَذُوْهَا هُزُوًا وَّلَعِبًا ؕ ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ قَوْمٌ لَّا يَعْقِلُوْنَ ہ اور جب پکارتے ہو تم طرف نماز کی پکڑتے ہین اُسکو ٹہٹہا اور کہیل یہ بسبب اسکے ہے کہ وہ ایک قوم ہین کہ نہین سمجہتے۔
۷	〃	۱۲	اِنَّمَا يُرِيْدُ الشَّيْطٰنُ اَنْ يُّوْقِعَ بَيْنَكُمُ الْعَدَاوَةَ وَالْبَغْضَآءَ فِى الْخَمْرِ وَالْمَيْسِرِ وَيَصُدَّكُمْ عَنْ ذِكْرِ اللّٰهِ وَعَنِ الصَّلٰوةِ ۚ فَهَلْ اَنْتُمْ مُّنْتَهُوْنَ ہ سوا اسکے نہین کہ ارادہ کرتا ہے

شیطان یہ کہ ڈالے درمیان تمہارے عداوت اور بغض بیچ شراب کی اور جوئے کے اور منع کرے تم کو یاد خدا کی سے اور نماز سے پس ہو تم باز رہنے والے ۔

پارہ	سورۃ	رکوع	
۷	الانعام	۹	وَاَنْ اَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَاتَّقُوْهُ ۚ وَهُوَ الَّذِيْٓ اِلَيْهِ تُحْشَرُوْنَ ۔ اور یہ کہ قائم رکھو نماز کو اور ڈرو اس سے اور وہی ہے وہ شخص کہ طرف اسکی اکٹھے کیے جاؤ گے ۔
″	″	۱۱	وَالَّذِيْنَ يُؤْمِنُوْنَ بِالْاٰخِرَةِ يُؤْمِنُوْنَ بِهٖ وَهُمْ عَلٰى صَلَاتِهِمْ يُحَافِظُوْنَ ۔ اور جو لوگ کہ ایمان لاتے ہیں ساتھ آخرت کے ایمان لاتے ہیں ساتھ اسکے اور وہ اوپر نماز اپنی کے محافظت کرتے ہیں
۸	″	۲۰	قُلْ اِنَّ صَلَاتِيْ وَنُسُكِيْ وَمَحْيَايَ وَمَمَاتِيْ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۔ لَا شَرِيْكَ لَهٗ الآیۃ کہہ تحقیق نماز میری اور عبادتیں میری اور زندگی میری اور موت میری واسطے اللہ پروردگار عالموں کے ہے نہیں شریک واسطے اسکے
۸	الاعراف	۳	وَاَقِيْمُوْا وُجُوْهَكُمْ عِنْدَ كُلِّ مَسْجِدٍ وَّادْعُوْهُ مُخْلِصِيْنَ لَهُ الدِّيْنَ ۔ اور سیدھا کرو منہ اپنے کو نزدیک ہر نماز کے اور پکارو اسکو خالص کر کر واسطے اسکے عبادت ۔
″	″	″	يٰبَنِيْٓ اٰدَمَ خُذُوْا زِيْنَتَكُمْ عِنْدَ كُلِّ مَسْجِدٍ وَّكُلُوْا وَاشْرَبُوْا وَلَا تُسْرِفُوْا ۚ اِنَّهٗ لَا يُحِبُّ الْمُسْرِفِيْنَ ۔ اے بیٹو آدم کے لو زینت اپنی نزدیک ہر نماز کے اور کھاؤ اور پیو اور مت حد سے نکل جاؤ تحقیق وہ نہیں دوست رکھتا حد سے نکل جانے والوں کو ۔
۹	″	۲۱	وَالَّذِيْنَ يُمَسِّكُوْنَ بِالْكِتٰبِ وَاَقَامُوا الصَّلٰوةَ ۭ اِنَّا لَا نُضِيْعُ اَجْرَ الْمُصْلِحِيْنَ ۔ اور جو لوگ محکم پکڑتے ہیں کتاب کو اور قائم رکھتے ہیں نماز کو تحقیق ہم نہیں ضائع کرتے ثواب نیکی کرنے والوں کا
″	″	۲۴	وَاذْكُرْ رَّبَّكَ فِيْ نَفْسِكَ تَضَرُّعًا وَّخِيْفَةً وَّدُوْنَ الْجَهْرِ مِنَ الْقَوْلِ بِالْغُدُوِّ وَالْاٰصَالِ وَلَا تَكُنْ مِّنَ الْغٰفِلِيْنَ ۔ اور یاد کر پروردگار اپنے کو بیچ جی اپنے کے عاجزی سے اور ڈرتے اور کم آواز سے بات سے صبح اور شام کو اور مت ہو غافلوں سے ۔
″	″	″	اِنَّ الَّذِيْنَ عِنْدَ رَبِّكَ لَا يَسْتَكْبِرُوْنَ عَنْ عِبَادَتِهٖ وَيُسَبِّحُوْنَهٗ وَلَهٗ يَسْجُدُوْنَ ۔ تحقیق جو لوگ کہ نزدیک رب تیرے کے ہیں نہیں تکبر کرتے بندگی اسکی سے اور تسبیح کرتے ہیں واسطے اسکے اور اسی کو سجدہ کرتے ہیں ۔
۹	الانفال	۱	اِنَّمَا الْمُؤْمِنُوْنَ الَّذِيْنَ اِذَا ذُكِرَ اللّٰهُ وَجِلَتْ قُلُوْبُهُمْ وَاِذَا تُلِيَتْ عَلَيْهِمْ اٰيٰتُهٗ زَادَتْهُمْ اِيْمَانًا وَّعَلٰى رَبِّهِمْ يَتَوَكَّلُوْنَ ۔ الَّذِيْنَ يُقِيْمُوْنَ الصَّلٰوةَ وَمِمَّا رَزَقْنٰهُمْ يُنْفِقُوْنَ ۔ اُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُؤْمِنُوْنَ حَقًّا ۭ لَهُمْ دَرَجٰتٌ عِنْدَ رَبِّهِمْ وَمَغْفِرَةٌ وَّرِزْقٌ كَرِيْمٌ ۔

پارہ	سورۃ	رکوع	
			سوا اسکے نہین کہ ایمان والے وہ لوگ ہین کہ جب یاد کیا جاوے اللہ ڈر جاتے ہین دل اُنکے اور جب پڑہی جاتی ہین اوپر اُنکے نشانیان اُسکی زیادہ کرتی ہین انکو ایمان اور اوپر پروردگار اپنے کے توکل کرتے ہین وہ لوگ کہ قائم رکہتے ہین نماز کو اور اُس چیز سے کہ دیا ہے ہمنے انکو خرچ کرتے ہین یہ لوگ وہی ہین ایمان والے ساتہہ حق کے واسطے انکے درجے ہین نزدیک پروردگار اُنکے کے اور بخشش ہے اور رزق ہے باکرامت
۱۰	التوبة	۲	فَاِنْ تَابُوْا وَاَقَامُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتَوُا الزَّكٰوةَ فَاِخْوَانُكُمْ فِي الدِّيْنِ وَنُفَصِّلُ الْاٰيٰتِ لِقَوْمٍ يَّعْلَمُوْنَ ۝ پس اگر توبہ کرین اور قائم رکہین نماز کو اور دین زکوۃ کو پس بہائی تمہارے ہین بیچ دین کے اور مفصل بیان کرتے ہین ہم نشانیان واسطے اُس قوم کے کہ جانتے ہین
״	״	۳	اِنَّمَا يَعْمُرُ مَسٰجِدَ اللّٰهِ مَنْ اٰمَنَ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ وَاَقَامَ الصَّلٰوةَ وَاٰتَى الزَّكٰوةَ وَلَمْ يَخْشَ اِلَّا اللّٰهَ فَعَسٰۤى اُولٰٓئِكَ اَنْ يَّكُوْنُوْا مِنَ الْمُهْتَدِيْنَ ۝ سوائے اسکے نہین کہ آباد کرتے ہین مسجدین اللہ کی کو وہ لوگ کہ ایمان لائے ہین ساتہہ اللہ کے اور دن آخرت کے اور قائم رکہتے ہین نماز کو اور دیتے ہین زکوۃ کو اور نہین ڈرتے مگر اللہ سے پس نزدیک ہے یہ لوگ یہ کہ ہون راہ پانے والون سے ۔۔
״	״	۷	وَمَا مَنَعَهُمْ اَنْ تُقْبَلَ مِنْهُمْ نَفَقٰتُهُمْ اِلَّاۤ اَنَّهُمْ كَفَرُوْا بِاللّٰهِ وَبِرَسُوْلِهٖ وَلَا يَاْتُوْنَ الصَّلٰوةَ اِلَّا وَهُمْ كُسَالٰى وَلَا يُنْفِقُوْنَ اِلَّا وَهُمْ كٰرِهُوْنَ ۝ اور نہین منع کیا انکو اس بات سے کہ قبول کیے جاوین اُنسے خرچ اُنکے مگر یہ کہ انہون نے کفر کیا ساتہہ اللہ کے اور ساتہہ رسول اُسکے کے اور نہین آتے نماز کو مگر وہ کاہلی کرتے ہین اور نہین خرچ کرتے ہین مگر اور وہ ناخوش رکہتے ہین
״	״	״	فَلَا تُعْجِبْكَ اَمْوَالُهُمْ وَلَاۤ اَوْلَادُهُمْ اِنَّمَا يُرِيْدُ اللّٰهُ لِيُعَذِّبَهُمْ بِهَا فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَتَزْهَقَ اَنْفُسُهُمْ وَهُمْ كٰفِرُوْنَ ۝ پس نہ خوش لگین تجہکو مال اُنکے اور نہ اولاد اُنکی سوائے اسکے نہین کہ ارادہ کرتا ہے اللہ تو کہ عذاب کرے انکو ساتہہ ان چیزون کے بیچ زندگانی دنیا کے اور نکل جاوین جانین اُنکی اور وہ کافر ہون ۔
״	״	۹	وَالْمُؤْمِنُوْنَ وَالْمُؤْمِنٰتُ بَعْضُهُمْ اَوْلِيَآءُ بَعْضٍ يَاْمُرُوْنَ بِالْمَعْرُوْفِ وَيَنْهَوْنَ عَنِ الْمُنْكَرِ وَيُقِيْمُوْنَ الصَّلٰوةَ وَيُؤْتُوْنَ الزَّكٰوةَ وَيُطِيْعُوْنَ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ اُولٰٓئِكَ سَيَرْحَمُهُمُ اللّٰهُ اِنَّ اللّٰهَ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ ۝ اور ایمان والے اور ایمان والیان بعضے انکے دوست ہین بعض کے حکم کرتے ہین ساتہہ بہلائی کے اور منع کرتے ہین برائی سے اور قائم رکہتے ہین نماز کو اور دیتے ہین زکوۃ کو اور فرمانبرداری کرتے ہین اللہ کی اور رسول اُسکے کی یہ لوگ شتاب رحم

پارہ	سورۃ	رکوع	
۱۳	الرعد	۲	وَلِلّٰهِ يَسْجُدُ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ طَوْعًا وَّكَرْهًا وَّظِلٰلُهُمْ بِالْغُدُوِّ وَالْاٰصَالِ ۝ اور واسطے خدا کے سجدہ کرتا ہے جو کوئی بیچ آسمانون کے اور زمین کے ہے خوشی سے او ناخوشی سے اور پرچھایان انکی صبح اور شام کو۔
״	״	۳	وَالَّذِيْنَ صَبَرُوا ابْتِغَآءَ وَجْهِ رَبِّهِمْ وَاَقَامُوا الصَّلٰوةَ وَاَنْفَقُوْا مِمَّا رَزَقْنٰهُمْ سِرًّا وَّعَلَانِيَةً وَّيَدْرَءُوْنَ بِالْحَسَنَةِ السَّيِّئَةَ اُولٰٓئِكَ لَهُمْ عُقْبَى الدَّارِ ۝ جَنّٰتُ عَدْنٍ يَّدْخُلُوْنَهَا وَمَنْ صَلَحَ مِنْ اٰبَآئِهِمْ وَاَزْوَاجِهِمْ وَذُرِّيّٰتِهِمْ وَالْمَلٰٓئِكَةُ يَدْخُلُوْنَ عَلَيْهِمْ مِّنْ كُلِّ بَابٍ ۝ سَلٰمٌ عَلَيْكُمْ بِمَا صَبَرْتُمْ فَنِعْمَ عُقْبَى الدَّارِ ۝ اور وہ لوگ ہین کہ صبر کرتے ہین واسطے چاہنے رضامندی رب اپنے کے اور قائم رکھتے ہین نماز کو اور خرچ کرتے ہین اُس چیز سے کہ دی ہے ہمنے انکو پوشیدہ اور ظاہر اور دفع کرتے ہین ساتھ نیکی کے برائی کو یہ لوگ واسطے انہین کے ہے پچھاڑی گھر کی بہشتین ہمیشہ رہنے کی داخل ہونگے انہین اور وہ جو لائق ہین باپون انکے سے اور بیبیان انکی سے اور اولاد انکی سے اور فرشتے داخل ہونگے اوپر انکے ہر دروازے سے سلامتی ہے اوپر تمہارے یہ سبب اسکے کہ صبر کیا تمنے پس اچھی ہے پچھاڑی گھر کی۔
״	ابراہیم	۵	قُلْ لِّعِبَادِيَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا يُقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَيُنْفِقُوْا مِمَّا رَزَقْنٰهُمْ سِرًّا وَّعَلَانِيَةً مِّنْ قَبْلِ اَنْ يَّاْتِيَ يَوْمٌ لَّا بَيْعٌ فِيْهِ وَلَا خِلٰلٌ ۝ کہہ واسطے بندون میرے کے جو ایمان لائے قائم رکھین نماز کو اور خرچ کرین اُس چیز سے کہ دی ہمنے پوشیدہ اور ظاہر پہلے اس سے کہ آوے وہ دن کہ نہ بیچنا ہے بیچ اُسکے اور نہ دوستی۔
״	״	۶	رَبَّنَآ اِنِّيْٓ اَسْكَنْتُ مِنْ ذُرِّيَّتِيْ بِوَادٍ غَيْرِ ذِيْ زَرْعٍ عِنْدَ بَيْتِكَ الْمُحَرَّمِ رَبَّنَا لِيُقِيْمُوا الصَّلٰوةَ فَاجْعَلْ اَفْـِٕدَةً مِّنَ النَّاسِ تَهْوِيْٓ اِلَيْهِمْ وَارْزُقْهُمْ مِّنَ الثَّمَرٰتِ لَعَلَّهُمْ يَشْكُرُوْنَ ۝ اے رب میرے تحقیق مینے بسائی ہے بعضی اولاد اپنی بیچ میدان بن کھیتی والے کے نزدیک گھر تیرے باحرمت کے اے پروردگار میرے تو کہ قائم رکھین نماز کو پس کر دل کتنے لوگون کے کہ جھکتے ہون طرف انکی اور رزق دے انکو میوون سے تو کہ وہ شکر کرین۔
״	״	״	رَبِّ اجْعَلْنِيْ مُقِيْمَ الصَّلٰوةِ وَمِنْ ذُرِّيَّتِيْ رَبَّنَا وَتَقَبَّلْ دُعَآءِ ۝ اے رب میرے کر مجھکو قائم رکھنے والا نماز کا اور اولاد میری سے اے رب میرے اور قبول کر دعا میری۔
۱۴	الحجر	۶	فَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ وَكُنْ مِّنَ السّٰجِدِيْنَ ۝ وَاعْبُدْ رَبَّكَ حَتّٰى يَاْتِيَكَ الْيَقِيْنُ ۝ پس پاکی

پارہ	سورۃ	رکوع	
			بیان کر ساتھ تعریف رب اپنے کے اور ہو سجدہ کرنے والوں سے اور عبادت کر پروردگار اپنے کو یہانتک کہ آوے تجکو موت ۔
۱۴	النحل	۶	اَوَلَمْ يَرَوْا اِلٰى مَا خَلَقَ اللّٰهُ مِنْ شَيْءٍ يَّتَفَيَّؤُا ظِلٰلُهٗ عَنِ الْيَمِيْنِ وَالشَّمَآئِلِ سُجَّدًا لِّلّٰهِ وَهُمْ دٰخِرُوْنَ ۔ کیا نہیں دیکھا انہوں نے طرف اسکی کہ پیدا کیا ہے اللہ نے چیزسے پھرتے ہیں سایہ اُسکے داہنی طرف سے اور بائیں طرف سے سجدہ کرتے ہوئے واسطے اللہ کے اور وہ ذلیل ہیں آگے اسکے ۔
〃	〃		وَلِلّٰهِ يَسْجُدُ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ مِنْ دَآبَّةٍ وَّالْمَلٰٓئِكَةُ وَهُمْ لَا يَسْتَكْبِرُوْنَ يَخَافُوْنَ رَبَّهُمْ مِّنْ فَوْقِهِمْ وَيَفْعَلُوْنَ مَا يُؤْمَرُوْنَ ۔ اور واسطے اللہ کے سجدہ کرتے ہیں جو کچھ بیچ آسمانوں کے اور جو کچھ بیچ زمین کے ہیں چلنے والوں سے اور فرشتے اور نہیں تکبر کرتے ڈرتے ہیں پروردگار اپنے سے اوپر سے اور کرتے ہیں جو کچھ حکم کیے جاتے ہیں
۱۵	بنی اسرائیل	۹	اَقِمِ الصَّلٰوةَ لِدُلُوْكِ الشَّمْسِ اِلٰى غَسَقِ اللَّيْلِ وَقُرْاٰنَ الْفَجْرِ اِنَّ قُرْاٰنَ الْفَجْرِ كَانَ مَشْهُوْدًا ۔ قائم کر نماز کو وقت ڈھلنے سورج کے سے رات کے اندھیرے تک اور قرآن پڑھ فجر کا تحقیق قرآن پڑھنا فجر کا ہے حاضر کیا گیا ۔
〃	〃	〃	وَمِنَ اللَّيْلِ فَتَهَجَّدْ بِهٖ نَافِلَةً لَّكَ عَسٰٓى اَنْ يَّبْعَثَكَ رَبُّكَ مَقَامًا مَّحْمُوْدًا ۔ اور کچھ رات کو پس نماز تہجد کر ساتھ قرآن کو بڑہی ہے واسطے تیرے قریب ہے کہ کھڑا کرے تجکو رب تیرا مقام محمود میں
〃	〃	۱۲	وَلَا تَجْهَرْ بِصَلَاتِكَ وَلَا تُخَافِتْ بِهَا وَابْتَغِ بَيْنَ ذٰلِكَ سَبِيْلًا ۔ اور مت آواز بلند کر ساتھ نماز اپنی کے اور نہ بہت آہستہ کر ساتھ اُسکے اور ڈھونڈ درمیان اسکے راہ ۔
۱۶	مریم	۲	قَالَ اِنِّيْ عَبْدُ اللّٰهِ اٰتٰىنِيَ الْكِتٰبَ وَجَعَلَنِيْ نَبِيًّا وَّجَعَلَنِيْ مُبٰرَكًا اَيْنَ مَا كُنْتُ وَاَوْصٰنِيْ بِالصَّلٰوةِ وَالزَّكٰوةِ مَا دُمْتُ حَيًّا ۔ کہا تحقیق میں بندہ ہوں اللہ کا (یعنی بندہ ہوں) دی کتاب اور کیا ہے مجکو نبی اور کیا ہے مجکو برکت والا جہاں ہوں میں اور حکم کیا ہے مجکو ساتھ نماز کے اور زکوٰۃ کے جب تک رہوں میں جیتا ۔
〃	〃	۳	وَكَانَ يَاْمُرُ اَهْلَهٗ بِالصَّلٰوةِ وَالزَّكٰوةِ وَكَانَ عِنْدَ رَبِّهٖ مَرْضِيًّا ۔ اور تہا حکم کرتا اہل اپنے کو ساتھ نماز کے اور زکوٰۃ کے اور تہا نزدیک پروردگار اپنے کے پسندیدہ ۔
〃	〃	〃	فَخَلَفَ مِنْ بَعْدِهِمْ خَلْفٌ اَضَاعُوا الصَّلٰوةَ وَاتَّبَعُوا الشَّهَوٰتِ فَسَوْفَ يَلْقَوْنَ غَيًّا اِلَّا مَنْ تَابَ (چند آیات تا تقیا موید و مصادق این مضمون) پس جانشین ہوئے

پارہ	سورۃ	رکوع	
			پیچھے اُنکے بڑے لوگ کہ ضائع کیا اُنھون نے نماز کو اور پیروی کی اُنھون خواہشون کی پس البتہ ملاقات کرینگے غی کی مگر جس نے توبہ کی۔
۱۶	طٰہٰ	۱	مَآ اَنْزَلْنَا عَلَيْكَ الْقُرْاٰنَ لِتَشْقٰٓى ۝ (کثرت قیام سے آپکے قدم مبارک ورم کر گئے تھے آیات نازل ہوئین) نہین اُتارا ہمنے اوپر تیرے قرآن تو کہ رنج کھینچے۔
〃	〃	〃	اِنَّنِيْٓ اَنَا اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنَا فَاعْبُدْنِيْ وَاَقِمِ الصَّلٰوةَ لِذِكْرِيْ ۝ تحقیق مین ہی ہون اللہ نہین کوئی معبود مگر مین عبادت کر میری اور قائم رکھہ نماز کو واسطے یاد میری کے۔
〃	〃	۸	فَاصْبِرْ عَلٰى مَا يَقُوْلُوْنَ وَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ قَبْلَ طُلُوْعِ الشَّمْسِ وَقَبْلَ غُرُوْبِهَا ۚ وَمِنْ اٰنَآئِ الَّيْلِ فَسَبِّحْ وَاَطْرَافَ النَّهَارِ لَعَلَّكَ تَرْضٰى ۝ پس صبر کر اوپر اُسچیز کے کہ کہتے ہین اور تسبیح کر ساتھہ تعریف پروردگار اپنے کے پہلے نکلنے سورج کے اور پہلے ڈوبنے اُسکے سے اور گھڑیون رات کی سے پس تسبیح کر اور کنارون دن کے سے شاید کہ تو راضی ہو۔
〃	〃	〃	وَاْمُرْ اَهْلَكَ بِالصَّلٰوةِ وَاصْطَبِرْ عَلَيْهَا ۭ لَا نَسْـَٔلُكَ رِزْقًا ۭ نَحْنُ نَرْزُقُكَ ۭ وَالْعَاقِبَةُ لِلتَّقْوٰى ۝ اور حکم کر لوگون اپنے کو ساتھہ نماز کے اور صبر کر اوپر اُسکے نہین سوال کرتے ہم تجھ سے رزق ہم ہی رزق دیتے ہین تجھکو۔
۱۷	الانبیاء	۵	وَجَعَلْنٰهُمْ اَىِٕمَّةً يَّهْدُوْنَ بِاَمْرِنَا وَاَوْحَيْنَآ اِلَيْهِمْ فِعْلَ الْخَيْرٰتِ وَاِقَامَ الصَّلٰوةِ وَاِيْتَاۗءَ الزَّكٰوةِ ۚ وَكَانُوْا لَنَا عٰبِدِيْنَ ۝ اور کیا ہمنے انکو پیشوا ہدایت کرتے تھے ساتھہ حکم ہمارے کے اور وحی کی ہمنے طرف اُنکی کرنا بھلائیونکا اور برپا رکھنا نماز کا اور دینا زکوٰۃ کا اور تھے واسطے ہمارے عبادت کرنیوالے
〃	الحج	۲	وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يَّعْبُدُ اللّٰهَ عَلٰي حَرْفٍ ۚ فَاِنْ اَصَابَهٗ خَيْرُ اطْمَاَنَّ بِهٖ ۚ وَاِنْ اَصَابَتْهُ فِتْنَةُ انْقَلَبَ عَلٰي وَجْهِهٖ ۚ خَسِرَ الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةَ ۭ ذٰلِكَ هُوَ الْخُسْرَانُ الْمُبِيْنُ ۝ اور بعض لوگون مین سے وہ ہے کہ بندگی کرتا ہے اسکی اوپر کنارے کے پس اگر پہونچے اُسکو بھلائی آرام پکڑے ساتھہ اُس عبادت کو اگر پہونچے اُسکو فتنہ پلٹ جاوے اوپر مُنہ اپنے کے ٹوٹے مین دنیا اور آخرت کو یہہ ہے وہ ٹوٹا پانا ظاہر۔
〃	〃	〃	اَلَمْ تَرَ اَنَّ اللّٰهَ يَسْجُدُ لَهٗ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَمَنْ فِي الْاَرْضِ وَالشَّمْسُ وَالْقَمَرُ وَالنُّجُوْمُ وَالْجِبَالُ وَالشَّجَرُ وَالدَّوَاۗبُّ وَكَثِيْرٌ مِّنَ النَّاسِ ۭ وَكَثِيْرٌ حَقَّ عَلَيْهِ الْعَذَابُ ۭ کیا نہین دیکھا تو نے یہ کہ اللہ کو سجدہ کرتے ہین واسطے اُسکے جو کوئی بیچ آسمان کے اور جو کوئی بیچ زمین کے ہین۔ اور سورج اور چاند اور تارے اور پہاڑ اور درخت اور جانور اور بہت آدمیون سے

پاره	سورة	رکوع	
			اور بہت ہین کہ ثابت ہوا اُنپر عذاب
۱۷	الحج	۵	وَبَشِّرِ الْمُخْبِتِينَ ۔ الَّذِينَ إِذَا ذُكِرَ اللَّهُ وَجِلَتْ قُلُوبُهُمْ وَالصَّابِرِينَ عَلَىٰ مَا أَصَابَهُمْ وَالْمُقِيمِي الصَّلَاةِ وَمِمَّا رَزَقْنَاهُمْ يُنْفِقُونَ ۔ اور خوشخبری دیو عاجزی کرنیوالون کو جو جسوقت یاد کیا جاتا ہے اللہ ڈر جاتے ہین دل اُنکے اور صبر کرنیوالے [illegible] پہونچتی ہے اُنکو اور قائم رکھنے والے نماز کو اور [illegible] دیا ہمنے اُنکو خرچ کرتے ہین
〃	〃	۶	الَّذِينَ إِنْ مَكَّنَّاهُمْ فِي الْأَرْضِ أَقَامُوا الصَّلَاةَ وَآتَوُا الزَّكَاةَ وَأَمَرُوا بِالْمَعْرُوفِ وَنَهَوْا عَنِ الْمُنْكَرِ ۗ وَلِلَّهِ عَاقِبَةُ الْأُمُورِ ۔ وہ لوگ کہ اگر قدرت دین ہم اُنکو [illegible] قائم [illegible] نماز کو اور دین زکوۃ اور حکم کرین ساتھ بہلائی کے اور منع کرین [illegible] اللہ کے ہے آخر سب کامون کا۔
〃	〃	۱۰	يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا ارْكَعُوا وَاسْجُدُوا وَاعْبُدُوا رَبَّكُمْ وَافْعَلُوا الْخَيْرَ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُونَ ۔ اے لوگو جو ایمان لائے ہو رکوع کرو اور سجدہ کرو اور عبادت کرو پروردگار اپنے کو [illegible] تو کہ تم فلاح پاؤ۔
〃	〃	〃	هُوَ سَمَّاكُمُ الْمُسْلِمِينَ مِنْ قَبْلُ وَفِي هَٰذَا لِيَكُونَ الرَّسُولُ شَهِيدًا عَلَيْكُمْ وَتَكُونُوا شُهَدَاءَ عَلَى النَّاسِ ۚ فَأَقِيمُوا الصَّلَاةَ وَآتُوا الزَّكَاةَ وَاعْتَصِمُوا بِاللَّهِ هُوَ مَوْلَاكُمْ ۖ فَنِعْمَ الْمَوْلَىٰ وَنِعْمَ النَّصِيرُ ۔ اور اُسنے نام رکہا تمہارا مسلمان پہلے [illegible] تو کہ ہو پیغمبر گواہ اوپر تمہارے اور ہو تم گواہ اوپر لوگون کے پس قائم [illegible] نماز [illegible] اور محکم پکڑو ساتھ اللہ کو وہی ہے دوست تمہارا پس بہت اچھا دوست [illegible] اچھا مددگار۔
۱۸	المؤمنون	۱	قَدْ أَفْلَحَ الْمُؤْمِنُونَ ۔ الَّذِينَ هُمْ فِي صَلَاتِهِمْ خَاشِعُونَ ۔ [illegible] فلاح پائی ایمان والون نے وہ جو بیچ نماز اپنی کے عاجزی کرنے والے ہین۔
〃	〃	〃	وَالَّذِينَ هُمْ عَلَىٰ صَلَوَاتِهِمْ يُحَافِظُونَ ۔ أُولَٰئِكَ هُمُ الْوَارِثُونَ ۔ الَّذِينَ يَرِثُونَ الْفِرْدَوْسَ هُمْ فِيهَا خَالِدُونَ ۔ اور وہ جو اوپر نمازون اپنی کے محافظت کرنے والے ہین وہ لوگ وہی وارث جو لیوین گے بہشت وہ بیچ اُس کے ہمیشہ رہنے والے ہین۔
〃	النور	۵	رِجَالٌ لَا تُلْهِيهِمْ تِجَارَةٌ وَلَا بَيْعٌ عَنْ ذِكْرِ اللَّهِ وَإِقَامِ الصَّلَاةِ وَإِيتَاءِ الزَّكَاةِ يَخَافُونَ يَوْمًا تَتَقَلَّبُ فِيهِ الْقُلُوبُ وَالْأَبْصَارُ ۔ لِيَجْزِيَهُمُ اللَّهُ أَحْسَنَ مَا عَمِلُوا وَيَزِيدَهُمْ مِنْ فَضْلِهِ ۗ وَاللَّهُ يَرْزُقُ مَنْ يَشَاءُ بِغَيْرِ حِسَابٍ ۔ وہ مرد کہ نہین غافل کرتی [illegible]

پاره	سورة	رکوع	
			اور بہت ہین کہ ثابت ہوا اُنپر عذاب
۱۷	الحج	۵	وَبَشِّرِ الْمُخْبِتِيْنَ ۝ الَّذِيْنَ اِذَا ذُكِرَ اللّٰهُ وَجِلَتْ قُلُوْبُهُمْ وَالصّٰبِرِيْنَ عَلٰى مَا اَصَابَهُمْ وَالْمُقِيْمِي الصَّلٰوةِ وَمِمَّا رَزَقْنٰهُمْ يُنْفِقُوْنَ ۝ اور خوشخبری دیو عاجزی کرنیوالون کو وہ جو جسوقت یاد کیا جاتا ہے اللہ ڈر جاتے ہین دل اُنکے اور صبر کرنیوالے اوپر اُسچیز کے کہ پہونچتی ہے اُنکو اور قائم رکھنے والے نماز کو اور اُسچیز سے کہ دیا ہم نے اُنکو خرچ کرتے ہین ۔
۔۔	۔۔	۶	الَّذِيْنَ اِنْ مَّكَّنّٰهُمْ فِي الْاَرْضِ اَقَامُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتَوُا الزَّكٰوةَ وَاَمَرُوْا بِالْمَعْرُوْفِ وَنَهَوْا عَنِ الْمُنْكَرِ ؕ وَلِلّٰهِ عَاقِبَةُ الْاُمُوْرِ ۝ وہ لوگ اگر قدرت دین ہم اُنکو بیچ زمین کے قائم رکھین نماز کو اور دین زکوٰۃ اور حکم کرین ساتھ بھلای کے اور منع کرین نامعقول سے اور واسطے اللہ کے ہے آخر سب کامون کا ۔
۔۔	۔۔	۱۰	يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا ارْكَعُوْا وَاسْجُدُوْا وَاعْبُدُوْا رَبَّكُمْ وَافْعَلُوا الْخَيْرَ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ ۝ اے لوگو جو ایمان لائے ہو رکوع کرو اور سجدہ کرو اور عبادت کرو پروردگار اپنے کو اور کرو بھلای تو کہ تم فلاح پاؤ ۔
۔۔	۔۔	۔۔	هُوَ سَمّٰىكُمُ الْمُسْلِمِيْنَ ۙ مِنْ قَبْلُ وَفِيْ هٰذَا لِيَكُوْنَ الرَّسُوْلُ شَهِيْدًا عَلَيْكُمْ وَتَكُوْنُوْا شُهَدَآءَ عَلَى النَّاسِ ۚ فَاَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتُوا الزَّكٰوةَ وَاعْتَصِمُوْا بِاللّٰهِ ؕ هُوَ مَوْلٰىكُمْ ۚ فَنِعْمَ الْمَوْلٰى وَنِعْمَ النَّصِيْرُ ۝ اور اُسنے نام رکھا ہو تمہارا مسلمان پہلے سو اور بیچ اس کتاب کو بھی تو کہ ہو پیغمبر گواہ اوپر تمہارے اور ہو تم گواہ اوپر لوگون کے پس قائم رکھو نماز کو اور دو زکوٰۃ کو اور محکم پکڑو ساتھ اللہ کو وہی ہے دوست تمہارا پس بہت اچھا دوست ہے اور اچھا مددگار ۔
۱۸	المؤمنون	۱	قَدْ اَفْلَحَ الْمُؤْمِنُوْنَ ۝ الَّذِيْنَ هُمْ فِيْ صَلَاتِهِمْ خٰشِعُوْنَ ۝ (چند آیات) تحقیق فلاح پای ایمان والون نے وہ جو بیچ نماز اپنی کے زاری کرنیوالے ہین ۔
۔۔	۔۔	۱	وَالَّذِيْنَ هُمْ عَلٰى صَلَوٰتِهِمْ يُحَافِظُوْنَ ۝ اُولٰٓئِكَ هُمُ الْوٰرِثُوْنَ ۝ الَّذِيْنَ يَرِثُوْنَ الْفِرْدَوْسَ ؕ هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ۝ اور وہ جو اوپر نمازون اپنی کے محافظت کرنیوالے ہین یہ لوگ وہی ہین وارث جو لیوین گے بہشت وہ بیچ اُس کے ہمیشہ رہنے والے ہین ۔
۔۔	النور	۵	رِجَالٌ ۙ لَّا تُلْهِيْهِمْ تِجَارَةٌ وَّلَا بَيْعٌ عَنْ ذِكْرِ اللّٰهِ وَاِقَامِ الصَّلٰوةِ وَاِيْتَآءِ الزَّكٰوةِ ۙ يَخَافُوْنَ يَوْمًا تَتَقَلَّبُ فِيْهِ الْقُلُوْبُ وَالْاَبْصَارُ ۙ لِيَجْزِيَهُمُ اللّٰهُ اَحْسَنَ مَا عَمِلُوْا وَيَزِيْدَهُمْ مِّنْ فَضْلِهٖ ؕ وَاللّٰهُ يَرْزُقُ مَنْ يَّشَآءُ بِغَيْرِ حِسَابٍ ۝ وہ مرد کہ نہین غافل کرتی اُنکو سوداگری

پارہ	سورۃ	رکوع	
			اور نہ بیچنا یاد خدا کی سے اور قائم کرنے نماز کے سے اور دینے زکوۃ سے ڈرتے ہین اُس دن سے کہ پھر جاوین گے بیچ اُسکے دل اور آنکھین تو کہ جزا دیوے اُنکو اللہ بہتر اُس چیز سے کہ کی ہے اُنہون نے اور زیادہ دیوے اُن کو فضل اپنے سے اور اللہ رزق دیتا ہے جسکو چاہے بے شمار۔
۱۸	النور	۶	اَلَمْ تَرَ اَنَّ اللّٰهَ يُسَبِّحُ لَهٗ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَالطَّيْرُ صٰٓفّٰتٍ ۭ كُلٌّ قَدْ عَلِمَ صَلَاتَهٗ وَتَسْبِيْحَهٗ ۭ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌۢ بِمَا يَفْعَلُوْنَ ۝ کیا نہین دیکھا تو نے یہ کہ اللہ کو تسبیح کرتا ہے واسطے اُسکے جو کوئی بیچ آسمانون کے اور زمین کے ہے اور جانور پرندے پر کھولے ہوئے ہر ایک تحقیق جانتا ہے نماز اُسکی اور تسبیح اُسکی اور اللہ جانتا ہے جو کچھ کرتے ہین۔
״	״	۷	وَاَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتُوا الزَّكٰوةَ وَاَطِيْعُوا الرَّسُوْلَ لَعَلَّكُمْ تُرْحَمُوْنَ ۝ اور قائم رکھو نماز کو اور دو زکوۃ کو اور فرمانبرداری کرو رسول کی تو کہ تم رحم کیے جاؤ۔
۱۹	الفرقان	۶	وَالَّذِيْنَ يَبِيْتُوْنَ لِرَبِّهِمْ سُجَّدًا وَّقِيَامًا ۝ اور وہ لوگ کہ رات کاٹتے ہین واسطے پروردگار اپنے کے سجدہ کرتے ہوئے اور کھڑے ہوئے۔
״	النمل	۱	هُدًى وَّبُشْرٰى لِلْمُؤْمِنِيْنَ ۝ الَّذِيْنَ يُقِيْمُوْنَ الصَّلٰوةَ وَيُؤْتُوْنَ الزَّكٰوةَ وَهُمْ بِالْاٰخِرَةِ هُمْ يُوْقِنُوْنَ ۝ ہدایت ہے اور خوشخبری واسطے ایمان والون کے جو لوگ کہ قائم رکھتے ہین نماز کو اور دیتے ہین زکوۃ اور وہ ساتھ آخرت کے وہ یقین رکھتے ہین۔
۲۱	العنکبوت	۵	اُتْلُ مَآ اُوْحِيَ اِلَيْكَ مِنَ الْكِتٰبِ وَاَقِمِ الصَّلٰوةَ ۝ جو کچھ وحی کی جاتی ہے طرف تیری کتاب سے اور برپا رکھ نماز کو۔
״	״	״	اِنَّ الصَّلٰوةَ تَنْهٰى عَنِ الْفَحْشَاۗءِ وَالْمُنْكَرِ ۭ وَلَذِكْرُ اللّٰهِ اَكْبَرُ ۭ وَاللّٰهُ يَعْلَمُ مَا تَصْنَعُوْنَ ۝ تحقیق نماز منع کرتی ہے بے حیائی سے اور نامعقول سے اور البتہ یاد اللہ کی بہت بڑی ہے اور اللہ جانتا ہے جو کچھ کرتے ہو تم۔
״	الروم	۲	فَسُبْحٰنَ اللّٰهِ حِيْنَ تُمْسُوْنَ وَحِيْنَ تُصْبِحُوْنَ ۝ وَلَهُ الْحَمْدُ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَعَشِيًّا وَّحِيْنَ تُظْهِرُوْنَ ۝ پس پاک ہے اللہ کہ جس وقت کہ شام کرتے ہو تم اور جس وقت کہ صبح کرتے ہو تم اور واسطے اُسکے ہے سب تعریف بیچ آسمانون کے اور زمین کے اور تیسرے پہر اور جب ظہر کرو تم
״	״	۴	مُنِيْبِيْنَ اِلَيْهِ وَاتَّقُوْهُ وَاَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَلَا تَكُوْنُوْا مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ ۝ رجوع کرنیوالے بیچ طرف اُسکی اور ڈرو اُس سے اور برپا رکھو نماز کو اور مت ہو شریک لانے والون سے۔
״	لقمٰن	۱	تِلْكَ اٰيٰتُ الْكِتٰبِ الْحَكِيْمِ ۝ هُدًى وَّرَحْمَةً لِّلْمُحْسِنِيْنَ ۝ الَّذِيْنَ يُقِيْمُوْنَ الصَّلٰوةَ وَ

پاره	سورة	رکوع	
			يُؤْتُوْنَ الزَّكٰوةَ وَهُمْ بِالْاٰخِرَةِ هُمْ يُوْقِنُوْنَ ۝ اُولٰٓئِكَ عَلٰى هُدًى مِّنْ رَّبِّهِمْ وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ۝ یہ آیتین ہین کتاب حکمت والی کی راہ دکہانا اور مہربانی واسطے نیکی کرنیوالون کے وہ جو قائم رکہتے ہین نماز کو اور دیتے ہین زکوة اور وہ ساتہہ آخرت کو وہی ہین یقین لانے والے یہ لوگ اوپر ہدایت کی ہین پروردگار اپنے کی طرف سے اور یہ لوگ وہی ہین فلاح پانیوالے۔
۲۱	لقمن	۲	يٰبُنَيَّ اَقِمِ الصَّلٰوةَ وَاْمُرْ بِالْمَعْرُوْفِ وَانْهَ عَنِ الْمُنْكَرِ وَاصْبِرْ عَلٰى مَآ اَصَابَكَ ۭ اِنَّ ذٰلِكَ مِنْ عَزْمِ الْاُمُوْرِ ۝ اے چہوٹے بیٹے میرے قائم کر نماز کو اور حکم کر ساتہہ بہلائی کے اور منع کر برائی سے اور صبر کر اوپر اس چیز کے کہ پہونچی تجہکو تحقیق یہ بڑے کامون سے ہے ۔
״	السجدة	۲	تَتَجَافٰى جُنُوْبُهُمْ عَنِ الْمَضَاجِعِ يَدْعُوْنَ رَبَّهُمْ خَوْفًا وَّطَمَعًا وَّمِمَّا رَزَقْنٰهُمْ يُنْفِقُوْنَ ۝ فَلَا تَعْلَمُ نَفْسٌ مَّآ اُخْفِيَ لَهُمْ مِّنْ قُرَّةِ اَعْيُنٍ ۚ جَزَاۗءًۢ بِمَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ۝ دور ہوتی ہین کروٹین انکی بچہونون سے پکارتے ہین پروردگار اپنے کو ڈر سے اور طمع سے اور اوس چیز سے کہ دیا ہے ہمنے انکو خرچ کرتے ہین پس نہین جانتا کوئی جی کیا چہپائی گئی ہے واسطے انکے ٹہنڈک آنکہون سے بدلہ اس چیز کا کہ تہے کرتے۔
۲۲	الاحزاب	۴	وَاَقِمْنَ الصَّلٰوةَ وَاٰتِيْنَ الزَّكٰوةَ وَاَطِعْنَ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ ۭ اِنَّمَا يُرِيْدُ اللّٰهُ لِيُذْهِبَ عَنْكُمُ الرِّجْسَ اَهْلَ الْبَيْتِ وَيُطَهِّرَكُمْ تَطْهِيْرًا ۝ اور قائم کیا کرو نماز کو اور دیا کرو زکوة اور فرمانبرداری کرو اللہ کی اور رسول اسکے کی سوائے اسکے نہین کہ ارادہ کرتا ہے اللہ تو کہ دور کرے تمسے پلیدی اے اس گہر والو اور پاک کرے تم کو خوب پاک کرنا۔
״	فاطر	۴	اِنَّ الَّذِيْنَ يَتْلُوْنَ كِتٰبَ اللّٰهِ وَاَقَامُوا الصَّلٰوةَ وَاَنْفَقُوْا مِمَّا رَزَقْنٰهُمْ سِرًّا وَّعَلَانِيَةً يَّرْجُوْنَ تِجَارَةً لَّنْ تَبُوْرَ ۝ لِيُوَفِّيَهُمْ اُجُوْرَهُمْ وَيَزِيْدَهُمْ مِّنْ فَضْلِهٖ ۭ اِنَّهٗ غَفُوْرٌ شَكُوْرٌ ۝ تحقیق وہ لوگ کہ پڑہتے ہین کتاب اللہ کی اور قائم رکہتے ہین نماز کو اور خرچ کرتے ہین اس چیز سے کہ دیا ہمنے انکو پوشیدہ اور ظاہر امید رکہتے ہین سوداگری کی ہرگز نہ ہلاک ہوگی تو کہ پورا دیوے انکو ثواب انکا اور زیادہ دیوے انکو فضل اپنے سے تحقیق وہ ہے بخشنے والا قدردان ۔
۲۳	الزمر	۱	اَمَّنْ هُوَ قَانِتٌ اٰنَاۗءَ الَّيْلِ سَاجِدًا وَّقَاۗىِٕمًا يَّحْذَرُ الْاٰخِرَةَ وَيَرْجُوْا رَحْمَةَ رَبِّهٖ ۭ قُلْ هَلْ يَسْتَوِي الَّذِيْنَ يَعْلَمُوْنَ وَالَّذِيْنَ لَا يَعْلَمُوْنَ ۭ اِنَّمَا يَتَذَكَّرُ اُولُوا الْاَلْبَابِ ۝ کیا جو شخص کہ وہ کرے بندگی وقت رات کے سجدہ مین اور کہڑے ڈرتا ہو آخرت سے اور امید رکہتا ہے رحمت پروردگار اپنے کی کہہ کیا برابر ہوتے ہین وہ لوگ کہ جانتے ہین اور وہ لوگ کہ نہین جانتے سوائے اسکے نہین

پارہ	سورۃ	رکوع	
			نصیحت پکڑتے ہین صاحب عقل خالص کے۔
۲۵	الشوریٰ	۴	وَالَّذِيْنَ اسْتَجَابُوْا لِرَبِّهِمْ وَاَقَامُوا الصَّلٰوةَ وَاَمْرُهُمْ شُوْرٰى بَيْنَهُمْ وَمِمَّا رَزَقْنٰهُمْ يُنْفِقُوْنَ ۝ (دو آیت از ما قبل با بدو بید) اور وہ لوگ کہ قبول کیا انہون نے واسطے پروردگار اپنے کے اور قائم رکھتے ہین نماز کو اور کام انکا مشورت ہی درمیان انکے اور اس چیز سے کہ دی ہے ہمنے انکو خرچ کرتے ہین۔
۲۶	الفتح	۱	وَتُسَبِّحُوْهُ بُكْرَةً وَّاَصِيْلًا ۝ اور تسبیح کرو اللہ کو صبح اور شام۔
〃	ق	۳	وَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ قَبْلَ طُلُوْعِ الشَّمْسِ وَقَبْلَ الْغُرُوْبِ ۝ وَمِنَ الَّيْلِ فَسَبِّحْهُ وَاَدْبَارَ السُّجُوْدِ ۝ اور تسبیح کر ساتھ تعریف رب اپنے کے پہلے نکلنے سورج کے اور رات کو پس تسبیح کر اسکو یعنے بعد از نماز مغرب اور پیچھے سجدہ کے
〃	الذاریات	۱	كَانُوْا قَلِيْلًا مِّنَ الَّيْلِ مَا يَهْجَعُوْنَ ۝ وہ کہ تھوڑی رات سوتے تہے۔
۲۷	الطور	۲	وَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ حِيْنَ تَقُوْمُ ۝ وَمِنَ الَّيْلِ فَسَبِّحْهُ وَاِدْبَارَ النُّجُوْمِ ۝ اور پاکی بیان کر ساتھ تعریف رب اپنے کے جس وقت کھڑا ہوتو اور رات کو پس تسبیح کیا کر اسکو اور پیچھے جانے تارون کے۔
۲۸	المجادلۃ	۲	فَاَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتُوا الزَّكٰوةَ وَاَطِيْعُوا اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ ۝ وَاللّٰهُ خَبِيْرٌ بِمَا تَعْمَلُوْنَ ۝ پس قائم رکھو نماز کو اور دو زکوۃ کو اور فرمانبرداری کرو اللہ کو اور رسول اسکے کی اور اللہ خبردار ہے ساتھ اس چیز کے کہ کرتے ہو تم۔
〃	الجمعۃ	۲	يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْۤا اِذَا نُوْدِيَ لِلصَّلٰوةِ مِنْ يَّوْمِ الْجُمُعَةِ فَاسْعَوْا اِلٰى ذِكْرِ اللّٰهِ وَذَرُوا الْبَيْعَ ۝ ذٰلِكُمْ خَيْرٌ لَّكُمْ اِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ۝ اے لوگو جو ایمان لائے ہو جس وقت کہ پکارا جاوے واسطے نماز کے دن جمعہ کے پس شتاب کرو طرف یاد خدا کی اور چھوڑ دو سودا کرنا یہ بہتر ہے واسطے تمہارے اگر ہو تم جانتے۔
۲۹	المعارج	۱	اِلَّا الْمُصَلِّيْنَ ۝ الَّذِيْنَ هُمْ عَلٰى صَلَاتِهِمْ دَآئِمُوْنَ ۝ مگر نماز پڑھنے والے وہ جو اوپر نماز اپنی کے ہمیشہ رہنے والے ہین۔
〃	〃	〃	وَالَّذِيْنَ هُمْ عَلٰى صَلَاتِهِمْ يُحَافِظُوْنَ ۝ اُولٰٓئِكَ فِيْ جَنّٰتٍ مُّكْرَمُوْنَ ۝ اور وہ لوگ کہ وہ اوپر نماز اپنی کے محافظت کرنیوالے ہین یہ لوگ بیچ بہشتون کے ہین تعظیم کیے گئے۔
〃	المزمل	۱	يٰۤاَيُّهَا الْمُزَّمِّلُ ۝ قُمِ الَّيْلَ اِلَّا قَلِيْلًا ۝ نِّصْفَهٗۤ اَوِ انْقُصْ مِنْهُ قَلِيْلًا ۝ اَوْ زِدْ عَلَيْهِ وَ

پارہ	سورۃ	رکوع	
			رَتِّلِ الْقُرْاٰنَ تَرْتِيْلًا ۝ اِنَّا سَنُلْقِيْ عَلَيْكَ قَوْلًا ثَقِيْلًا ۝ اے کپڑا اوڑھنے والے کھڑا رہا کر رات کو مگر تھوڑا آدھی اسکی یا کم کر لے اسمین سے تھوڑا سا یا زیادہ کر لے اوپر اسکے اور آہستہ آہستہ بینے واضح پڑھ قرآن آہستہ پڑھنا تحقیق ہم اب ڈالینگے اوپر تیرے بات بہاری
۲۹	المزمل	۱	اِنَّ نَاشِئَةَ الَّيْلِ هِيَ اَشَدُّ وَطْاً وَّاَقْوَمُ قِيْلًا ۝ تحقیق اٹھنا رات کا وہ بہت سخت ہے کچلنے نفس کے مین اور بہت سیدھا کرنے والی بات کو۔
〃	〃	۲	اِنَّ رَبَّكَ يَعْلَمُ اَنَّكَ تَقُوْمُ اَدْنٰى مِنْ ثُلُثَيِ الَّيْلِ وَنِصْفَهٗ وَثُلُثَهٗ وَطَآئِفَةٌ مِّنَ الَّذِيْنَ مَعَكَ (تا آخر) تحقیق پروردگار تیرا جانتا ہے یہ کہ تو کھڑا رہتا ہے نزدیک دو تہائی رات کی اور آدھی اسکی کو اور تہائی اسکی کو اور ایک جماعت ان لوگون مین سے کہ ساتھ تیرے مین
ایضاً	ایضاً	۹	اِذْ قَالَ لَهُمْ اَخُوْهُمْ لُوْطٌ اَلَا تَتَّقُوْنَ ۚ جبوقت کہا واسطے انکو لوط نے کیا نہیں ڈرتے ہو تم
			قادر مطلق و عالم الغیب نبودن حضرات انبیاء علیہم السلام
۴	آل عمران	۳	لَیْسَ لَكَ مِنَ الْاَمْرِ شَیْءٌ نہیں واسطے تیرے اس کام مین سے کچھ ۔
۷	الانعام	۴	وَاِنْ كَانَ كَبُرَ عَلَیْكَ (معجزہ فعل اختیاری انبیاء علیہم السلام نیست) اور اگر گران ہوا اوپر تیرے
ایضاً	ایضاً	۵	قُلْ لَّاۤ اَقُوْلُ لَكُمْ عِنْدِیْ خَزَآئِنُ اللّٰهِ وَلَاۤ اَعْلَمُ الْغَیْبَ کہہ نہیں کہتا مین تمکو نزدیک میرے خزانے خدا کے ہین اور نہ مین جانتا ہون غیب کو ۔
۹	الاعراف	۲۳	قُلْ اِنَّمَا عِلْمُهَا عِنْدَ اللّٰهِ کہہ سوائے اسکے نہیں کہ علم اسکا نزدیک اللہ کے ہے ۔
ایضاً	ایضاً	ایضاً	قُلْ لَّاۤ اَمْلِكُ لِنَفْسِیْ نَفْعًا وَّلَا ضَرًّا اِلَّا مَا شَآءَ اللّٰهُ کہہ نہیں اختیار رکھتا مین واسطے جان اپنی کے نفع کا اور نہ ضرر کا مگر جو چاہے اللہ ۔
ایضاً	ایضاً	ایضاً	وَلَوْ كُنْتُ اَعْلَمُ الْغَیْبَ لَاسْتَكْثَرْتُ مِنَ الْخَیْرِ (یُؤْمِنُوْنَ ۔) اور اگر ہوتا مین جانتا غیب کو البتہ بہت لیتا مین بھلائی سے ۔
۱۰	التوبۃ	۱۰	اِنْ تَسْتَغْفِرْ لَهُمْ سَبْعِیْنَ مَرَّةً فَلَنْ یَّغْفِرَ اللّٰهُ لَهُمْ اگر بخشش مانگے واسطے اُنکے ستر بار

پارہ	سورۃ	رکوع	
			پس ہرگز نہ بخشیگا اللہ واسطے انکے۔
۱۱	یونس	۵	قُلْ لَّآ اَمْلِكُ لِنَفْسِيْ ضَرًّا وَّلَا نَفْعًا اِلَّا مَا شَآءَ اللّٰهُ کہہ نہین اختیار رکھتا مین واسطے جان اپنی کے ضرر کا اور نہ فائدہ کا مگر جو چاہے اللہ۔
۱۲	ھود	۳	وَلَآ اَقُوْلُ لَكُمْ عِنْدِيْ خَزَآئِنُ اللّٰهِ وَلَآ اَعْلَمُ الْغَيْبَ اور نہین کہتا ہون مین تم سے کہ نزدیک میرے خزانے خدا کے ہین اور نہین جانتا مین غیب کو۔
〃	〃	〃	وَلَا يَنْفَعُكُمْ نُصْحِيْٓ اِنْ اَرَدْتُّ اَنْ اَنْصَحَ لَكُمْ اِنْ كَانَ اللّٰهُ يُرِيْدُ اَنْ يُّغْوِيَكُمْ اور نہین فائدہ دیگی تمکو نصیحت میری اگر ارادہ کرون مین کہ نصیحت کرون مین تمکو اگر ہو اللہ ارادہ کرتا یہ کہ گمراہ کرے تمکو
〃	〃	۴	فَلَا تَسْـَٔلْنِ مَا لَيْسَ لَكَ بِهٖ عِلْمٌ پس مت سوال کر مجھ سے اس چیز کا کہ نہین واسطے تیرے ساتھ اسکے علم
۱۳	الرعد	۶	وَمَا كَانَ لِرَسُوْلٍ اَنْ يَّاْتِيَ بِاٰيَةٍ اِلَّا بِاِذْنِ اللّٰهِ اور نہ تھا واسطے کسی پیغمبر کے یہ کہ لے آوے کوئی نشانی مگر ساتھ حکم اللہ کے۔
۱۵	بنی اسرائیل	۱۰	وَقَالُوْا لَنْ نُّؤْمِنَ لَكَ (تا چند آیات فعل اختیاری ہونا معجزہ) اور کہا انہون نے ہرگز نہ ایمان لاوینگے ہم واسطے تیرے۔
۲۰	النمل	۵	قُلْ لَّا يَعْلَمُ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ الْغَيْبَ اِلَّا اللّٰهُ وَمَا يَشْعُرُوْنَ اَيَّانَ يُبْعَثُوْنَ کہہ نہین جانتا کوئی بیچ آسمانون کے اور زمین کے غیب کو مگر اللہ۔ اور وہ نہین جانتے کب اٹھائے جاوینگے
〃	القصص	۶	اِنَّكَ لَا تَهْدِيْ مَنْ اَحْبَبْتَ تحقیق تو نہین ہدایت کرتا جسکو چاہے۔
۲۱	العنکبوت	۵	قُلْ اِنَّمَا الْاٰيٰتُ عِنْدَ اللّٰهِ وَاِنَّمَآ اَنَا نَذِيْرٌ مُّبِيْنٌ کہہ سوا اسکے نہین کہ نشانیان نزدیک اللہ کے ہین اور سوا اسکے نہین کہ مین ڈر سنانے والا ہون ظاہر۔
۲۵	الزخرف	۴	اَفَاَنْتَ تُسْمِعُ الصُّمَّ اَوْ تَهْدِي الْعُمْيَ وَمَنْ كَانَ فِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ کیا پس تو سناتا ہے بہرون کو اور راہ دکھاتا ہے اندھون کو اور انکو جو ہین بیچ گمراہی ظاہر کے۔
۲۶	الاحقاف	۱	وَمَآ اَدْرِيْ مَا يُفْعَلُ بِيْ وَلَا بِكُمْ اور نہین جانتا مین جو کچھ کیا جاویگا ساتھ میرے اور نہ ساتھ تمہارے
۲۸	الممتحنہ	۱	وَمَآ اَمْلِكُ لَكَ مِنَ اللّٰهِ مِنْ شَيْءٍ (قول ابراہیم علیہ السلام) اور نہین اختیار مین رکھتا مین واسطے تیرے اللہ سے کچھ۔
〃	المنافقون	۱	سَوَآءٌ عَلَيْهِمْ اَسْتَغْفَرْتَ لَهُمْ اَمْ لَمْ تَسْتَغْفِرْ لَهُمْ لَنْ يَّغْفِرَ اللّٰهُ لَهُمْ برابر ہے اوپر انکے بخشش مانگے واسطے انکے یا نہ بخشش مانگے تو واسطے انکے ہرگز نہ بخشیگا اللہ واسطے انکے۔
۲۹	الجن	۲	قُلْ اِنِّيْ لَآ اَمْلِكُ لَكُمْ ضَرًّا وَّلَا رَشَدًا کہہ تحقیق مین نہین اختیار مین رکھتا واسطے تمہارے

پارہ	سورۃ	رکوع	
			ضرر کو اور نہ بھلائی کو ۔

باوجود نص قیاس کردن

پارہ	سورۃ	رکوع	
۴	آل عمران	۱۷	وَعَصَيْتُمْ مِّنْ بَعْدِ مَا أَرَاكُمْ مَّا تُحِبُّونَ ط (حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے جنگ احد میں پچاس سوار تیر انداز ایک ناکے پر کھڑے کیے اور فرمایا کہ یہاں سے کسی حال میں مت ٹلنا۔ انہوں نے جب غلبہ اسلام کا دیکھا اکثر نے یہ قیاس کیا کہ اب یہاں کھڑے رہنے کی حاجت نہیں کافروں پر تعاقب کیا اور پیچھے سے اور کافر چلے آئے یہ قیاس باوجود نص کے کیا برا کیا ظاہر حکم پر عمل نہ کیا) اور نافرمانی کی تم نے پیچھے اس کے کہ دکھلا یا تمکو جو چاہتے تھے ۔
۸	الاعراف	۲	قَالَ أَنَا خَيْرٌ مِّنْهُ خَلَقْتَنِي مِن نَّارٍ وَخَلَقْتَهُ مِن طِينٍ ۔ (ابلیس باوجود نص قیاس کر کے ملعون شد) کہا میں بہتر ہوں اس سے پیدا کیا تو نے مجھکو آگ سے اور پیدا کیا اسکو مٹی سے ۔
۱۴	الحجر	۳	قَالَ لَمْ أَكُن لِّأَسْجُدَ لِبَشَرٍ خَلَقْتَهُ مِن صَلْصَالٍ مِّنْ حَمَإٍ مَّسْنُونٍ ۔ کہا کہ میں نہیں لائق اس بات کو کہ سجدہ کروں واسطے بشر کے کہ پیدا کیا اسکو مٹی بجنے والی سے جو بنی تھی کیچڑ سڑے ہوئے سے ۔
۱۵	بنی اسرائیل	۷	قَالَ أَأَسْجُدُ لِمَنْ خَلَقْتَ طِينًا ۔ کہا کیا سجدہ کروں میں واسطے اس شخص کے کہ پیدا کیا ہے تو نے مٹی
۲۳	ص	۵	قَالَ أَنَا خَيْرٌ مِّنْهُ خَلَقْتَنِي مِن نَّارٍ وَخَلَقْتَهُ مِن طِينٍ ۔ کہا میں بہتر ہوں اس سے پیدا کیا تو نے مجھکو آگ سے اور پیدا کیا ہے اسکو مٹی سے ۔
۲۷	النجم	۱	إِن يَتَّبِعُونَ إِلَّا الظَّنَّ وَمَا تَهْوَى الْأَنفُسُ وَلَقَدْ جَاءَهُم مِّن رَّبِّهِمُ الْهُدَىٰ ۔ نہیں پیروی کرتے مگر گمان کی اور اس چیز کی کہ چاہتے ہیں جی اور البتہ تحقیق آئی انکے پاس پروردگار انکے سے ہدایت ۔

استقامت محافظت اعمال

پارہ	سورۃ	رکوع	
۳	البقرۃ	۳۶	يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا لَا تُبْطِلُوا صَدَقَاتِكُم بِالْمَنِّ وَالْأَذَىٰ (تا آیات تا تتفکرون) اے لوگو جو ایمان لائے ہو مت باطل کرو خیرات اپنی کو ساتھ احسان رکھنے کے اور ایذا کے ۔
۱۰	التوبۃ	۲	فَمَا اسْتَقَامُوا لَكُمْ فَاسْتَقِيمُوا لَهُمْ إِنَّ اللَّهَ يُحِبُّ الْمُتَّقِينَ ۔ پس جب تک سیدھے رہیں واسطے تمہارے پس سیدھے رہو تم واسطے انکے تحقیق اللہ دوست رکھتا ہے پرہیزگاروں کو ۔
۱۲	ہود	۱۰	فَاسْتَقِمْ كَمَا أُمِرْتَ وَمَن تَابَ مَعَكَ وَلَا تَطْغَوْا ۔ پس سیدھا رہ جس طرح سے حکم کیا گیا تجھ

پارہ	سورۃ	رکوع	آیت و ترجمہ
			اور جس نے توبہ کی ساتھہ تیرے اور مت سرکشی کرو۔
۱۴	الحجر	۶	وَاعْبُدْ رَبَّكَ حَتّٰى يَأْتِيَكَ الْيَقِيْنُ ٥ اور عبادت کر پروردگار اپنے کی یہانتک کہ آئے تجھکو موت
۔	النحل	۱۳	وَاَوْفُوْا بِعَهْدِ اللّٰهِ اِذَا عَاهَدْتُّمْ وَلَا تَنْقُضُوا الْاَيْمَانَ بَعْدَ تَوْكِيْدِهَا وَقَدْ جَعَلْتُمُ اللّٰهَ عَلَيْكُمْ كَفِيْلًا ۚ اِنَّ اللّٰهَ يَعْلَمُ مَا تَفْعَلُوْنَ ٥ اور پورا کرو عہد اللہ کا جب عہد باندہو تم اور مت توڑو قسمون کو پیچھے مضبوطی انکی کے اور تحقیق کیا ہے تمنے اللہ کو اوپر اپنے ضامن تحقیق اللہ جانتا ہے جو کچھ کہ کرتے ہو تم۔
۔	۔	۔	وَلَا تَكُوْنُوْا كَالَّتِيْ نَقَضَتْ غَزْلَهَا مِنْ بَعْدِ قُوَّةٍ اَنْكَاثًا ۚ (تا تَخْتَلِفُوْنَ م) اور مت ہو تم اُس عورت کی کہ توڑ ڈالا کاتا اپنی کو پیچھے قوت کے ریزہ ریزہ۔
۲۴	حٰمٓ السجدۃ	۴	اِنَّ الَّذِيْنَ قَالُوْا رَبُّنَا اللّٰهُ ثُمَّ اسْتَقَامُوْا تَتَنَزَّلُ عَلَيْهِمُ الْمَلٰٓئِكَةُ اَلَّا تَخَافُوْا وَلَا تَحْزَنُوْا وَاَبْشِرُوْا بِالْجَنَّةِ الَّتِيْ كُنْتُمْ تُوْعَدُوْنَ ٥ تحقیق اُن لوگون نے کہ کہا انہون نے پروردگار ہمارا اللہ ہے پہر ثابت رہے اوپر اُسی کے اُترتے ہین اوپر اُنکے فرشتے یعنے وقت موت کے یہ کہ مت ڈرو اور مت غم کہاؤ اور خوشخبری اُس بہشت کی جو تم وعدہ دیے جاتے۔
۲۵	الشورٰی	۲	فَلِذٰلِكَ فَادْعُ وَاسْتَقِمْ كَمَآ اُمِرْتَ ۚ وَلَا تَتَّبِعْ اَهْوَآءَهُمْ ۚ (الآیۃ) پس اُسی کی پکار تو اونکو اور قائم رہ جیسا کہ حکم کیا گیا ہے تو اور مت پیروی کر خواہشون اُنکی کی۔
۲۶	الاحقاف	۲	اِنَّ الَّذِيْنَ قَالُوْا رَبُّنَا اللّٰهُ ثُمَّ اسْتَقَامُوْا فَلَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ ٥ تحقیق جن لوگون نے کہا کہ پروردگار ہمارا اللہ ہے پہر قائم رہے اُسی پر پس نہین ڈر اوپر اُنکے اور نہ وہ غمگین ہونگے
۔	محمد	۴	يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَطِيْعُوا اللّٰهَ وَاَطِيْعُوا الرَّسُوْلَ وَلَا تُبْطِلُوْٓا اَعْمَالَكُمْ ٥ اے لوگو جو ایمان لائے ہو کہا مانو اللہ کا اور کہا مانو رسول کا اور مت باطل کرو عملون اپنون کو۔
۲۷	الحدید	۴	فَمَا رَعَوْهَا حَقَّ رِعَايَتِهَا پس نہ رعایت کی اُنکی حق نگاہ رکہنے اُسکے کا۔

پندار وغرور وغفلت وضلال واستدراج

پارہ	سورۃ	رکوع	آیت و ترجمہ
۲	البقرۃ	۲۶	زُيِّنَ لِلَّذِيْنَ كَفَرُوا الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا وَيَسْخَرُوْنَ مِنَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا زینت دی گئی واسطے اُن لوگون کے کہ کافر ہوئے زندگانی دنیا کی اور ٹھٹھا کرتے ہین اُن لوگون سے جو ایمان لائے
۴	اٰل عمران	۱۹	وَمَا الْحَيٰوةُ الدُّنْيَآ اِلَّا مَتَاعُ الْغُرُوْرِ ٥ اور نہین زندگانی دنیا کی مگر فائدہ اُٹہانا فریب کا۔
۷	الانعام	۵	فَلَمَّا نَسُوْا مَا ذُكِّرُوْا بِهٖ فَتَحْنَا عَلَيْهِمْ اَبْوَابَ كُلِّ شَيْءٍ (تا دو آیت) ف غافل ہو کر عذاب پایا

پارہ	سورۃ	رکوع	عبارت
			پس جب بھول گئے جو کچھ کہ نصیحت کیے گئے تھے ساتھ اسکے کھول دیے ہمنے اوپر انکے دروازے ہر چیز کے
۷	الانعام	۸	وَذَرِ الَّذِينَ اتَّخَذُوا دِينَهُمْ لَعِبًا وَلَهْوًا وَغَرَّتْهُمُ الْحَيَاةُ الدُّنْيَا اور چھوڑ دے ان لوگوں کو کہ پکڑتے ہیں دین اپنے کو کھیل اور تماشا اور فریب دیا ہے انکو زندگانی دنیا کی نے۔
۹	الاعراف	۲۴	وَلَا تَكُنْ مِنَ الْغَافِلِينَ ۝ اور مت ہو غافلون سے۔
۱۱	یونس	۱	وَالَّذِينَ هُمْ عَنْ آيَاتِنَا غَافِلُونَ ۝ أُولَٰئِكَ مَأْوَاهُمُ النَّارُ (دو آیت از پیش و پس) اور جو لوگ کہ وہ نشانیوں ہماری سے غافل ہیں یہ لوگ جگہ رہنے انکے کی آگ ہے۔
۱۶	الکہف	۱۱	وَعَرَضْنَا جَهَنَّمَ يَوْمَئِذٍ لِلْكَافِرِينَ عَرْضًا ۝ الَّذِينَ كَانَتْ أَعْيُنُهُمْ فِي غِطَاءٍ عَنْ ذِكْرِي وَكَانُوا لَا يَسْتَطِيعُونَ سَمْعًا ۝ اور روبرو لاوینگے ہم دوزخ کو اسدن واسطے کافرون کے روبرو لانا وہ لوگ کہ تھیں آنکھیں انکی بیچ پردے کے یاد میری سے اور نہیں تھے سن سکتے
"	"	۱۲	الَّذِينَ ضَلَّ سَعْيُهُمْ فِي الْحَيَاةِ الدُّنْيَا وَهُمْ يَحْسَبُونَ أَنَّهُمْ يُحْسِنُونَ صُنْعًا ۝ (از پیش و پس بادید) وہ لوگ کہ کھوئی گئی سعی انکی بیچ زندگانی دنیا کے اور وہ گمان کرتے ہین یہ کہ وہ اچھا کرتے ہین کام۔
"	مریم	۲	أَسْمِعْ بِهِمْ وَأَبْصِرْ يَوْمَ يَأْتُونَنَا لَٰكِنِ الظَّالِمُونَ الْيَوْمَ فِي ضَلَالٍ مُبِينٍ ۝ کیا خوب سنتے ہونگے اور کیا خوب دیکھتے ہونگے جسدن آوینگے ہمارے پاس لیکن ظالم آج کے دن بیچ گمراہی ظاہر کے ہین
"	"	"	وَأَنْذِرْهُمْ يَوْمَ الْحَسْرَةِ إِذْ قُضِيَ الْأَمْرُ وَهُمْ فِي غَفْلَةٍ وَهُمْ لَا يُؤْمِنُونَ ۝ اور ڈرا انکو دن پچھتانے کے سے جس وقت مقرر کیا جاویگا کام اور وہ بیچ غفلت کے ہین اور وہ نہین ایمان لانے والے۔
۲۰	القصص	۸	إِنَّ اللَّهَ لَا يُحِبُّ الْفَرِحِينَ ۝ تحقیق اللہ نہین دوست رکھتا بہت خوش ہونے والون کو۔
۲۱	الروم	۱	يَعْلَمُونَ ظَاهِرًا مِنَ الْحَيَاةِ الدُّنْيَا وَهُمْ عَنِ الْآخِرَةِ هُمْ غَافِلُونَ ۝ جانتے ہین ظاہر کو زندگانی دنیا کی سے اور وہ آخرت سے وہی ہین غافل۔
"	لقمان	۴	إِنَّ وَعْدَ اللَّهِ حَقٌّ فَلَا تَغُرَّنَّكُمُ الْحَيَاةُ الدُّنْيَا وَلَا يَغُرَّنَّكُمْ بِاللَّهِ الْغَرُورُ ۝ تحقیق وعدہ اللہ کا سچ ہے پس نہ فریب دے تمکو زندگانی دنیا کی اور نہ فریب دے تمکو ساتھ اللہ کے فریب دینے والا
"	الم سجدہ	۲	رَبَّنَا أَبْصَرْنَا وَسَمِعْنَا فَارْجِعْنَا نَعْمَلْ صَالِحًا إِنَّا مُوقِنُونَ ۝ (ف اسوقت غفلت کی آنکھ کھلی) اے رب ہمارے دیکھا ہمنے اور سنا ہمنے پس پھیر ہمکو کہ عمل کرین اچھے تحقیق ہم یقین لانے والے ہین
۲۲	فاطر	۱	فَلَا تَغُرَّنَّكُمُ الْحَيَاةُ الدُّنْيَا وَلَا يَغُرَّنَّكُمْ بِاللَّهِ الْغَرُورُ ۝ پس نہ فریب دے تمکو زندگانی دنیا کی

پارہ	سورۃ	رکوع	آیت و ترجمہ
			اور نہ فریب دے تمکو ساتھ اللہ کے فریب دینے والا۔
۲۲	یٰسٓ	۱	لِتُنْذِرَ قَوْمًا مَّا اُنْذِرَ اٰبَآؤُهُمْ فَهُمْ غٰفِلُوْنَ ۔ تو کہ ڈراوے تو اس قوم کو کہ نہیں ڈرائے گئے ہیں باپ انکے پس وہ بے خبر ہین۔
״	״	״	اِنَّا جَعَلْنَا فِیْٓ اَعْنَاقِهِمْ اَغْلٰلًا (دو آیت تا لَا یُؤْمِنُوْنَ ۔) تحقیق کیا ہمنے بیچ گردنون انکی کے طوق۔
۲۵	الجاثیۃ	۴	ذٰلِكُمْ بِاَنَّكُمُ اتَّخَذْتُمْ اٰیٰتِ اللّٰهِ هُزُوًا وَّغَرَّتْكُمُ الْحَیٰوةُ الدُّنْیَا ۚ فَالْیَوْمَ لَا یُخْرَجُوْنَ مِنْهَا وَلَا هُمْ یُسْتَعْتَبُوْنَ ۔ یہ بسبب کے ہے کہ پکڑا تھا تمنے نشانیون اللہ کی کو ٹھٹھا اور فریب دیا تمکو زندگانی دنیا کی نے پس آج نہ نکالے جاوینگے اس سے اور نہ وہ عذر قبول کیے جاوینگے
۲۶	قٓ	۲	لَقَدْ كُنْتَ فِیْ غَفْلَةٍ مِّنْ هٰذَا فَكَشَفْنَا عَنْكَ غِطَآءَكَ فَبَصَرُكَ الْیَوْمَ حَدِیْدٌ ۔ تحقیق تھا تو بیچ غفلت کے اس سے پس کھول دیا ہمنے تجھ سے پردہ تیرا پس نظر تیری آج تیز ہے۔
۲۷	الحدید	۲	وَغَرَّتْكُمُ الْاَمَانِیُّ حَتّٰی جَآءَ اَمْرُ اللّٰهِ وَغَرَّكُمْ بِاللّٰهِ الْغَرُوْرُ ۔ (از ماقبل باید دید) اور فریب مین دیا تھا تمکو آرزوؤن نے یہانتک کہ آیا حکم خدا کا اور فریب دیا تھا تمکو ساتھ اللہ کے فریب دینے والے نے
״	״	۳	اِنَّمَا الْحَیٰوةُ الدُّنْیَا (تا مَتَاعُ الْغُرُوْرِ) سوا اسکے نہیں کہ زندگانی دنیا کی۔
۲۸	الجمعۃ	۱	وَاِنْ كَانُوْا مِنْ قَبْلُ لَفِیْ ضَلٰلٍ مُّبِیْنٍ ۔ اور تحقیق تھے پہلے اس سے البتہ بیچ گمراہی ظاہر کے۔
״	״	״	مَثَلُ الَّذِیْنَ حُمِّلُوا التَّوْرٰىةَ ثُمَّ لَمْ یَحْمِلُوْهَا كَمَثَلِ الْحِمَارِ یَحْمِلُ اَسْفَارًا ۔ (اس آیت سے علماء بہت غافل ہین) مثال ان لوگون کی کہ اٹھوائے گئے توریت پھر نہ اٹھایا انہون نے اسکو مانند گدہے کی ہے کہ اٹھاتا ہے کتابون کو۔
״	المنافقون	۲	لَا تُلْهِكُمْ اَمْوَالُكُمْ وَلَآ اَوْلَادُكُمْ عَنْ ذِكْرِ اللّٰهِ ۚ وَمَنْ یَّفْعَلْ ذٰلِكَ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْخٰسِرُوْنَ ۔ نہ غافل کرین تمکو مال تمہارے اور نہ اولاد تمہاری یاد خدا کی سے اور جو کوئی کریگا یہ کام پس یہ لوگ وہی ہین ٹوٹا پانے والے۔
۳۰	الانفطار	۱	یٰٓاَیُّهَا الْاِنْسَانُ مَا غَرَّكَ بِرَبِّكَ الْكَرِیْمِ ۔ اے آدمی کس چیز نے فریب دیا تجھکو ساتھ پروردگار تیرے کرم کرنیوالے کے

جہل مرکب سے اچھے کو برا اور سچے کو جھوٹا کہنا

پارہ	سورۃ	رکوع	آیت و ترجمہ
۱۴	الحجر	۱	وَقَالُوْا یٰٓاَیُّهَا الَّذِیْ نُزِّلَ عَلَیْهِ الذِّكْرُ اِنَّكَ لَمَجْنُوْنٌ ۔ اور کہا کافرون نے اے وہ شخص

پارہ	سورۃ	رکوع	
			کر اتارا گیا ہو اوپر اُسکے ذکر تحقیق تو البتہ دیوانہ ہے ۔
۱۷	الانبیاء	۱	اَفَتَاْتُوْنَ السِّحْرَ وَاَنْتُمْ تُبْصِرُوْنَ ۔ کیا پس آتے ہو سحر کے پاس اور تم دیکھتے ہو ۔
۱۸	المؤمنون	۲	اِنْ هُوَ اِلَّا رَجُلٌۢ بِهٖ جِنَّةٌ فَتَرَبَّصُوْا بِهٖ حَتّٰى حِيْنٍ ۔ (ف یعنے نوح علیہ السلام) نہیں وہ مگر ایک مرد کہ اُسکو جنون ہو پس انتظار کرو اُسکو ایک مدت تک ۔
〃	〃	۴	اَمْ يَقُوْلُوْنَ بِهٖ جِنَّةٌ ۭ بَلْ جَاۗءَهُمْ بِالْحَقِّ وَاَكْثَرُهُمْ لِلْحَقِّ كٰرِهُوْنَ ۔ یا کہتے ہیں کہ اُسکو جنون ہے بلکہ لایا ہو اُنکے پاس حق اور اکثر اُنکے حق کو ناخوش رکھتے ہیں ۔
〃	الفرقان	۱	وَقَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اِنْ هٰذَآ اِلَّآ اِفْكُ ۨافْتَرٰىهُ وَاَعَانَهٗ عَلَيْهِ قَوْمٌ اٰخَرُوْنَ ۚ فَقَدْ جَاۗءُوْ ظُلْمًا وَّزُوْرًا ۔ اور کہا اون لوگون نے جو کافر ہوئے نہیں یہ مگر طوفان کہ باندہ لیا ہے اُسکو اور مدد کی ہو اُسکی اوپر اُسکے قوم اور نے پس تحقیق لائے ظلم اور جھوٹ ۔
〃	〃	〃	وَقَالُوْٓا اَسَاطِيْرُ الْاَوَّلِيْنَ اكْتَتَبَهَا فَهِيَ تُمْلٰى عَلَيْهِ بُكْرَةً وَّاَصِيْلًا ۔ اور کہا اُنہوں نے یہ کہانیاں ہیں پہلون کی کہ لکھ لیا ہے اُنکو پس وہ پڑہی جاتی ہیں اُسپر صبح اور شام
〃	〃	〃	وَقَالُوْا مَالِ هٰذَا الرَّسُوْلِ يَاْكُلُ الطَّعَامَ وَيَمْشِيْ فِي الْاَسْوَاقِ ۭ لَوْلَآ اُنْزِلَ اِلَيْهِ مَلَكٌ فَيَكُوْنَ مَعَهٗ نَذِيْرًا ۔ اَوْ يُلْقٰٓى اِلَيْهِ كَنْزٌ اَوْ تَكُوْنُ لَهٗ جَنَّةٌ يَّاْكُلُ مِنْهَا ۔ اور کہا اُنہوں نے کیا ہے اس پیغمبر کو کہ کہاتا ہو کہانا اور چلتا ہو بیچ بازارون کے کیوں نہ اتارا گیا طرف اُسکی فرشتہ پس ہوتا ساتھ اُسکے ڈرانے والا یا ڈالا جاوے طرف اُسکی گنج یا ہووے واسطے اُسکے باغ کہ کہاوے اُسمیں سے ۔
〃	〃	〃	وَقَالَ الظّٰلِمُوْنَ اِنْ تَتَّبِعُوْنَ اِلَّا رَجُلًا مَّسْحُوْرًا ۔ اور کہا ظالمون نے نہیں پیروی کرتے تم مگر ایک مرد جادو کیے گئے کی ۔
۱۹	الشعراء	۸	قَالُوْٓا اِنَّمَآ اَنْتَ مِنَ الْمُسَحَّرِيْنَ ۔ (ف یعنے صالح علیہ السلام) کہا اُنہون نے سوائے اسکے نہیں کہ تو جادو کیے گیون سے ہے ۔
〃	〃	۱۰	قَالُوْٓا اِنَّمَآ اَنْتَ مِنَ الْمُسَحَّرِيْنَ ۔ (ف یعنے شعیب علیہ السلام) کہا اُنہون نے سوائے اسکے نہیں کہ تو جادو کیے گیون سے ہے ۔
۲۲	السبا	۱	اَفْتَرٰى عَلَي اللّٰهِ كَذِبًا اَمْ بِهٖ جِنَّةٌ ۔ کیا باندہ لیا ہے اُسنے اوپر اللہ کے جھوٹ یا اُسکو جنون ہے
۲۶	الاحقاف	۱	وَاِذَا تُتْلٰى عَلَيْهِمْ اٰيٰتُنَا بَيِّنٰتٍ قَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لِلْحَقِّ لَمَّا جَاۗءَهُمْ ۙ هٰذَا سِحْرٌ مُّبِيْنٌ ۔ اور جب پڑہی جاتی ہیں اوپر اُنکے نشانیاں ہماری ظاہر کہتے ہیں وہ لوگ کہ کافر ہوئے واسطے حق کے جب آیا اُنکے پاس یہ جادو ہے ظاہر ۔

پارہ	سورۃ	رکوع	
۲۶	الذّٰریٰت	۳	کَذٰلِکَ مَآ اَتَی الَّذِیْنَ مِنْ قَبْلِہِمْ مِّنْ رَّسُوْلٍ اِلَّا قَالُوْا سَاحِرٌ اَوْ مَجْنُوْنٌ ہ اَتَوَاصَوْا بِہٖ ج بَلْ ہُمْ قَوْمٌ طَاغُوْنَ ہ اسیطرح نہین آیا تہا اُن لوگون کو کہ پہلے اُنسے تہے کوئی پیغمبر مگر کہا اُنہون نے جادوگر ہے یا دیوانہ کیا ایک دوسرے کو نصیحت کرتے آئے ہین ساتہہ اُسکے ۔
۲۷	الطور	۲	اَمْ یَقُوْلُوْنَ شَاعِرٌ نَّتَرَبَّصُ بِہٖ رَیْبَ الْمَنُوْنِ کیا کہتے ہین کہ شاعر ہے انتظار رکہتے ہین ہم ساتہہ اسکے حادثے موت کو کا ۔
″	″	″	اَمْ یَقُوْلُوْنَ تَقَوَّلَہٗ ج بَلْ لَّا یُؤْمِنُوْنَ ہ کیا کہتے ہین اُسنے بنایا ہے اس قرآن کو بلکہ نہین ایمان لاتے

مبادلہ اعلیٰ با ادنی

پارہ	سورۃ	رکوع	
۱	البقرۃ	۵	وَلَا تَشْتَرُوْا بِاٰیٰتِیْ ثَمَنًا قَلِیْلًا وَّاِیَّایَ فَاتَّقُوْنِ ہ اور مت مول لو بدلے آیتون میری کے مول تہوڑا اور مجہسے بس ڈرو ۔
″	″	۷	قَالَ اَتَسْتَبْدِلُوْنَ الَّذِیْ ہُوَ اَدْنٰی بِالَّذِیْ ہُوَ خَیْرٌ کہا کیا بدلتے ہو وہ چیز جو ناقص ہے بدلے اُسچیز کے کہ وہ بہتر ہے ۔
″	″	۱۰	اُولٰٓئِکَ الَّذِیْنَ اشْتَرَوُا الْحَیٰوۃَ الدُّنْیَا بِالْاٰخِرَۃِ ز فَلَا یُخَفَّفُ عَنْہُمُ الْعَذَابُ وَلَا ہُمْ یُنْصَرُوْنَ ہ یہ لوگ وہ ہین کہ مول لیا زندگانی دنیا کو بدلے آخرت کے پس نہ ہلکا کیا جاویگا اُنسے عذاب اور نہ وہ مدد کیے جاوینگے ۔
۴	النساء	۱	وَلَا تَتَبَدَّلُوا الْخَبِیْثَ بِالطَّیِّبِ (الآیۃ) اور مت بدل ڈالو ناپاک کو بدلے پاک کے ۔
۱۰	التوبۃ	۶	اَرَضِیْتُمْ بِالْحَیٰوۃِ الدُّنْیَا مِنَ الْاٰخِرَۃِ ج فَمَا مَتَاعُ الْحَیٰوۃِ الدُّنْیَا فِی الْاٰخِرَۃِ اِلَّا قَلِیْلٌ ہ کیا راضی ہوگئے ہو تم ساتہہ زندگانی دنیا کے آخرت سے پس نہین فائدہ زندگانی دنیا کا بیچ آخرت کے مگر تہوڑا
۱۲	یوسف	۲	وَشَرَوْہُ بِثَمَنٍۢ بَخْسٍ دَرَاہِمَ مَعْدُوْدَۃٍ ج اور بیچا اُسکو بہائیون نے ساتہہ قیمت ناقص کے درم تہے کئی ایک گنے ہوئے ۔
۱۵	الکہف	۷	اَفَتَتَّخِذُوْنَہٗ وَذُرِّیَّتَہٗٓ اَوْلِیَآءَ مِنْ دُوْنِیْ وَہُمْ لَکُمْ عَدُوٌّ ط بِئْسَ لِلظّٰلِمِیْنَ بَدَلًا ہ کیا پس پکڑتے ہو اُسکو اور اولاد اُسکی کو دوست سوای میرے اور وہ واسطے تمہارے دشمن ہے بُرا ہے واسطے ظالمون کے بدلہ ۔
۲۹	القیٰمۃ	۱	کَلَّا بَلْ تُحِبُّوْنَ الْعَاجِلَۃَ ہ وَتَذَرُوْنَ الْاٰخِرَۃَ ہ ہرگز نہین یون بلکہ دوست رکہتے ہو تم جلدی کو اور چہوڑ دیتے ہو آخرت کو ۔

پارہ	سورۃ	رکوع	
۳۰	الاعلی	۱	بَلْ تُؤْثِرُوْنَ الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا ۝ وَالْاٰخِرَةُ خَيْرٌ وَّاَبْقٰى (تا آخر سورت) بلکہ اختیار کرتے ہو تم زندگانی دنیا کو اور آخرت بہت بہتر ہے باقی رہنے والی۔

بیان حسد کا

پارہ	سورۃ	رکوع	
۱	البقرۃ	۱۳	مَا يَوَدُّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ وَلَا الْمُشْرِكِيْنَ اَنْ يُّنَزَّلَ عَلَيْكُمْ مِّنْ خَيْرٍ مِّنْ رَّبِّكُمْ ۝ وَاللّٰهُ يَخْتَصُّ بِرَحْمَتِهٖ مَنْ يَّشَآءُ ۝ وَاللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيْمِ ۝ نہیں دوست رکھتے وہ لوگ جو کافر ہیں اہل کتاب سے اور نہ مشرکون سے یہ کہ اوتاری جاوے اوپر تمہارے کچھ بھلائی پروردگار تمہارے سے اور اللہ خاص کرتا ہے ساتھ رحمت اپنی جسکو چاہتا ہے اور اللہ صاحب فضل بڑے کا ہے
〃	〃	〃	وَدَّ كَثِيْرٌ مِّنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ لَوْ يَرُدُّوْنَكُمْ مِّنْ بَعْدِ اِيْمَانِكُمْ كُفَّارًا ۚ حَسَدًا مِّنْ عِنْدِ اَنْفُسِهِمْ مِّنْ بَعْدِ مَا تَبَيَّنَ لَهُمُ الْحَقُّ ۚ فَاعْفُوْا وَاصْفَحُوْا حَتّٰى يَاْتِيَ اللّٰهُ بِاَمْرِهٖ ۝ اِنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ۝ دوست رکھتے ہیں بہت اہل کتاب مین سے کاش کہ پھیر دیوین تمکو پیچھے ایمان تمہارے کے کافر حسد سے پاس ہی اپنے کے سے پیچھے اسکے کہ ظاہر ہوا واسطے انکے حق پس معاف کرو اور درگذرو یہانتک کہ لاوے اللہ حکم اپنا تحقیق اللہ اوپر ہر چیز کے قادر ہے۔
۵	النساء	۸	اَمْ يَحْسُدُوْنَ النَّاسَ عَلٰى مَآ اٰتٰهُمُ اللّٰهُ مِنْ فَضْلِهٖ ۝ (الایۃ) کیا حسد کرتے ہیں لوگون کا اوپر اس چیز کے کہ دیا ہے انکو اللہ نے فضل اپنے سے۔
۱۲	یوسف	۲	اِذْ قَالُوْا لَيُوْسُفُ وَاَخُوْهُ اَحَبُّ اِلٰٓى اَبِيْنَا مِنَّا (ف حسد سبب ہے ظلم اور قطع رحم اور عقوق والدین کا) جبوقت کہا انہون نے البتہ یوسف اور بھائی اسکا بہت پیارے ہیں باپ ہمارے کو ہم سے
۱۵	بنی اسرائیل	۷	قَالَ اَرَءَيْتَكَ هٰذَا الَّذِيْ كَرَّمْتَ عَلَيَّ (ف حسد اور کبر وجہ کفر ہوا) کہا دیکھا تو نے اس شخص کو کہ بڑائی دی اوپر میرے۔
۳۰	الفلق	۱	وَمِنْ شَرِّ حَاسِدٍ اِذَا حَسَدَ ۝ اور برائی حسد کرنے والے کی سے جب حسد کرے۔

بیان کبر و فخر و رعونت کا

پارہ	سورۃ	رکوع	
۱	البقرۃ	۴	اَبٰى وَاسْتَكْبَرَ وَكَانَ مِنَ الْكٰفِرِيْنَ ۝ نہ مانا اور تکبر کیا اور تھا کافرون سے۔
〃	〃	۱۱	اَفَكُلَّمَا جَآءَكُمْ رَسُوْلٌۢ بِمَا لَا تَهْوٰٓى اَنْفُسُكُمُ اسْتَكْبَرْتُمْ ۚ فَفَرِيْقًا كَذَّبْتُمْ وَفَرِيْقًا تَقْتُلُوْنَ ۝ (ف ہوائی نفس اور تکبر کا نتیجہ کفر ہوا) کیا جب آیا تمہارے پاس پیغمبر ساتھ اس چیز کے کہ نہیں چاہتے

			جی تمہارا سو تکبر کیا تمنے پس ایک فرقے کو جھٹلایا تمنے اور ایک فرقے کو مار ڈالتے ہو۔
۲	البقرۃ	۲۵	أَخَذَتْهُ الْعِزَّةُ بِالْإِثْمِ فَحَسْبُهُ جَهَنَّمُ وَلَبِئْسَ الْمِهَادُ ○ پکڑتی ہے اُسکو عزت ساتھ گناہ کے پس کفایت ہے اُسکو دوزخ اور البتہ بُرا ہے بچھونا۔
۵	النساء	۶	إِنَّ اللَّهَ لَا يُحِبُّ مَنْ كَانَ مُخْتَالًا فَخُورًا ○ تحقیق اللہ نہیں دوست رکھتا اُس شخص کو کہ ہے تکبر کرنے والا شیخی کرنے والا۔
"	"	۷	أَلَمْ تَرَ إِلَى الَّذِينَ يُزَكُّونَ أَنْفُسَهُمْ (دو آیت تا مُبِينًا ○) کیا نہ دیکھا تو نے طرف اُن لوگوں کی کہ پاک کہتے ہیں جانوں اپنی کو۔
۶	"	۲۴	وَمَنْ يَسْتَنْكِفْ عَنْ عِبَادَتِهِ وَيَسْتَكْبِرْ فَسَيَحْشُرُهُمْ إِلَيْهِ جَمِيعًا ○ اور جو کوئی انکار کریگا بندگی اُسکی سے اور تکبر کرے گا پس اکٹھا کریگا اُن کو طرف اپنی سب کو۔
"	"	"	وَأَمَّا الَّذِينَ اسْتَنْكَفُوا وَاسْتَكْبَرُوا فَيُعَذِّبُهُمْ عَذَابًا أَلِيمًا وَلَا يَجِدُونَ لَهُمْ مِنْ دُونِ اللَّهِ وَلِيًّا وَلَا نَصِيرًا ○ اور جن لوگوں نے انکار کیا اور تکبر کیا پس عذاب کریگا اُنکو عذاب دکھ دینے والا اور نہ پاوینگے واسطے اپنے سوای اللہ کے دوست اور نہ مددگار۔
"	المائدۃ	۱۱	ذَٰلِكَ بِأَنَّ مِنْهُمْ قِسِّيسِينَ وَرُهْبَانًا وَأَنَّهُمْ لَا يَسْتَكْبِرُونَ ○ یہ اسواسطے ہے کہ بعضے اُنمیں سے پڑھے ہیں اور عبادت کرنے والے ہیں اور یہ کہ وہ نہیں تکبر کرتے۔
"	الانعام	۴	وَكَذَٰلِكَ فَتَنَّا بَعْضَهُمْ بِبَعْضٍ لِيَقُولُوا أَهَٰؤُلَاءِ مَنَّ اللَّهُ عَلَيْهِمْ مِنْ بَيْنِنَا ○ اور اسیطرح فتنہ میں ڈالا ہمنے بعضے اُنکے کو بعضے آزمایا ہے ساتھ بعض کے تو کہیں کیا یہی ہیں کہ احسان کیا ہے اللہ نے اوپر اُنکے ہم میں سے۔
۸	الاعراف	۲	قَالَ أَنَا خَيْرٌ مِنْهُ خَلَقْتَنِي مِنْ نَارٍ وَخَلَقْتَهُ مِنْ طِينٍ ○ (تکبر سنت شیطان ست) کہا میں بہتر ہوں اُس سے پیدا کیا تو نے مجھکو آگ سے اور پیدا کیا اسکو مٹی سے۔
"	"	"	قَالَ فَاهْبِطْ مِنْهَا فَمَا يَكُونُ لَكَ أَنْ تَتَكَبَّرَ فِيهَا فَاخْرُجْ إِنَّكَ مِنَ الصَّاغِرِينَ ○ (ف ثمرہ تکبر ذلت ست کفرست) کہا پس اُتر اُسمیں سے پس نہیں لائق واسطے تیرے یہ کہ تکبر کرے بیچ اُسکے پس نکل تحقیق تو ذلیلوں سے ہے۔
"	"	۴	وَالَّذِينَ كَذَّبُوا بِآيَاتِنَا وَاسْتَكْبَرُوا عَنْهَا أُولَٰئِكَ أَصْحَابُ النَّارِ هُمْ فِيهَا خَالِدُونَ ○ اور جن لوگوں نے جھٹلایا نشانیوں ہماری کو اور تکبر کیا اُنسے یہ لوگ رہنے والے ہیں آگ کے وہ بیچ اُسکے ہمیشہ رہنے والے ہیں۔

پاره	سورة	رکوع	
۸	الاعراف	۵	اِنَّ الَّذِیْنَ کَذَّبُوْا بِاٰیٰتِنَا وَاسْتَکْبَرُوْا عَنْهَا (دو آیت تا الظّٰلِمِیْنَ٭) تحقیق جن لوگون نے جھٹلایا نشانیون ہماری کو اور تکبر کیا اُنسے ۔
〃	〃	۱۰	قَالَ الْمَلَاُ الَّذِیْنَ اسْتَکْبَرُوْا مِنْ قَوْمِهٖ (بیان حال مستکبران قوم صالح علیہ السلام) کہا سردارون نے جو تکبر کرتے تہے قوم اُسکی سے ۔
〃	〃	〃	قَالَ الَّذِیْنَ اسْتَکْبَرُوْا اِنَّا بِالَّذِیْۤ اٰمَنْتُمْ بِهٖ کٰفِرُوْنَ٭ (چہار آیات تا النّٰصِحِیْنَ٭ ف تکبر سبب کفر و عذاب است) کہا اُن لوگون نے کہ تکبر کرتے تہے تحقیق ہم ساتہہ اُس چیز کے کہ ایمان لاتے ہو ساتہہ اُسکے کفر کرنے والے ہین ۔
۹	〃	۱۱	قَالَ الْمَلَاُ الَّذِیْنَ اسْتَکْبَرُوْا (تا آخر رکوع بیان حال متکبران قوم شعیب علیہ السلام) کہا سردارون نے جو تکبر کرتے تہے ۔
〃	〃	۱۶	فَاسْتَکْبَرُوْا وَکَانُوْا قَوْمًا مُّجْرِمِیْنَ٭ (از پیش و پس بیان حال متکبران قوم فرعون) پس تکبر کیا اور تہے قوم گناہگار ۔
〃	〃	۱۷	سَاَصْرِفُ عَنْ اٰیٰتِیَ الَّذِیْنَ یَتَکَبَّرُوْنَ فِی الْاَرْضِ بِغَیْرِ الْحَقِّ البتہ پہیرونگا مین نشانیون اپنی سے اُن لوگون کو کہ تکبر کرتے ہین بیچ زمین کے ناحق ۔
〃	〃	۲۴	اِنَّ الَّذِیْنَ عِنْدَ رَبِّکَ لَا یَسْتَکْبِرُوْنَ عَنْ عِبَادَتِهٖ وَیُسَبِّحُوْنَهٗ وَلَهٗ یَسْجُدُوْنَ٭ تحقیق جو لوگ کہ نزدیک رب تیرے کے ہین نہین تکبر کرتے بندگی اُسکی سے اور تسبیح کرتے ہین واسطے اُسکی اور اُسی کو سجدہ کرتے ہین ۔
۱۰	الانفال	۶	وَلَا تَکُوْنُوْا کَالَّذِیْنَ خَرَجُوْا مِنْ دِیَارِهِمْ بَطَرًا وَّرِئَآءَ النَّاسِ وَیَصُدُّوْنَ عَنْ سَبِیْلِ اللّٰهِ٭ اور مت ہو مانند اُن لوگون کی کہ نکلے گہرون اپنے سے اترا کر اور دکہانے کو لوگون کے اور بند کرتے
〃	التوبة	۴	اِذْ اَعْجَبَتْکُمْ کَثْرَتُکُمْ فَلَمْ تُغْنِ عَنْکُمْ شَیْئًا وَّضَاقَتْ عَلَیْکُمُ الْاَرْضُ بِمَا رَحُبَتْ ثُمَّ وَلَّیْتُمْ مُّدْبِرِیْنَ٭ جسوقت خوش لگی تمکو بہتایت تمہاری پس نہ کفایت کیا تمسے کچہ اور تنگ ہوگئی اوپر تمہارے زمین باوصف اُسکے کہ کشادہ تہی پہر پہر گئے تم پیٹھ پہیر کر ۔
۱۱	یونس	۸	فَاسْتَکْبَرُوْا وَکَانُوْا قَوْمًا مُّجْرِمِیْنَ٭ پس تکبر کیا اُنہون نے اور تہے وہ قوم گناہگار ۔
۱۲	هود	۲	اِنَّهٗ لَفَرِحٌ فَخُوْرٌ٭ (از پیش و پس سہ آیات تا کَبِیْرٌ٭) تحقیق وہ خوشیان کرنیوالا شیخی خوار ہے
〃	〃	〃	مَنْ کَانَ یُرِیْدُ الْحَیٰوةَ الدُّنْیَا وَزِیْنَتَهَا (ف تکبر جاہ و کبر اعظم لذات دنیاست) جو کوئی ہے ارادہ کرتا زندگانی دنیا کا اور آرایش اُسکی کا ۔

پارہ	سورۃ	رکوع	
۱۳	ابراهیم	۳	وَخَابَ كُلُّ جَبَّارٍ عَنِيدٍ ۝ (ستہ آیات تا غلیظ ۔ عذاب گوناگون جباران) اور نامراد ہوا ہر ایک سرکش عناد کرنے والا یعنے دشمن ۔
"	"	"	فَقَالَ الضُّعَفَاءُ لِلَّذِينَ اسْتَكْبَرُوا (گفتگو ضعیفان با متکبران روز قیامت) پس کہینگے ناتوان واسطے اُن لوگون کے جو تکبر کرتے تہے ۔
۱۴	النحل	۳	فَالَّذِينَ لَا يُؤْمِنُونَ بِالْآخِرَةِ قُلُوبُهُمْ مُنْكِرَةٌ وَهُمْ مُسْتَكْبِرُونَ ۝ پس جو لوگ کہ نہین ایمان لاتے ساتہہ آخرت کے دل اُنکے انکار کرتے ہین اور وہ تکبر کرنے والے ہین ۔
"	"	"	لَا جَرَمَ أَنَّ اللَّهَ يَعْلَمُ مَا يُسِرُّونَ وَمَا يُعْلِنُونَ ۝ إِنَّهُ لَا يُحِبُّ الْمُسْتَكْبِرِينَ ۔ نہین شک کہ اللہ جانتا ہے جو چہپاتے ہین اور جو کچہہ ظاہر کرتے ہین تحقیق وہ نہین دوست رکہتا تکبر کرنیوالونکو
"	"	۶	وَهُمْ لَا يَسْتَكْبِرُونَ ۝ يَخَافُونَ رَبَّهُمْ (از میش و بیش ستہ آیات) اور وہ نہین تکبر کرتے ڈرتے ہین رب اپنے سے ۔
۱۵	بنی اسرائیل	۴	وَلَا تَمْشِ فِي الْأَرْضِ مَرَحًا ۝ إِنَّكَ لَنْ تَخْرِقَ الْأَرْضَ وَلَنْ تَبْلُغَ الْجِبَالَ طُولًا ۝ (تا ستہ آیات) اور مت چل بیچ زمین کے اکڑتا ہوا تحقیق تو ہرگز نہ پہاڑ یگا زمین کو اور ہرگز نہ پہونچیگا پہاڑون کو لمبائی مین ۔
"	"	۷	قَالَ أَأَسْجُدُ لِمَنْ خَلَقْتَ طِينًا ۝ کہا کیا سجدہ کرون مین واسطے اُس شخص کے کہ پیدا کیا تو نے مٹی سے ۔
۱۶	الکہف	۱۲	الَّذِينَ ضَلَّ سَعْيُهُمْ فِي الْحَيَاةِ الدُّنْيَا (ف صدقہ و تقسیم طعام برائے نام آوری کردن) وہ لوگ کہوئی سعی اُنکی بیچ زندگانی دنیا کے ۔
۱۷	الانبیاء	۲	وَمَنْ عِنْدَهُ لَا يَسْتَكْبِرُونَ عَنْ عِبَادَتِهِ وَلَا يَسْتَحْسِرُونَ ۝ اور وہ جو نزدیک اُسکے ہین نہین تکبر کرتے بندگی اُسکی سے اور نہین تہکتے
۱۸	المومنون	۱	وَلَقَدْ خَلَقْنَا الْإِنْسَانَ (تا ستہ آیات بیان اصل الشان) اور تحقیق پیدا کیا ہے ہمنے آدمی کو
"	"	۳	فَاسْتَكْبَرُوا وَكَانُوا قَوْمًا عَالِينَ ۝ فَقَالُوا أَنُؤْمِنُ لِبَشَرَيْنِ مِثْلِنَا وَقَوْمُهُمَا لَنَا عَابِدُونَ ۝ پس تکبر کیا اُنہون نے اور تہے قوم سرکش پس کہا اُنہون نے کیا ایمان لاوین ہم واسطے اِس آدمی کے کہ مانند ہماری ہے اور قوم اُنکی واسطے ہمارے بندگی کرنے والے ہین ۔
"	"	"	فَكَذَّبُوهُمَا فَكَانُوا مِنَ الْمُهْلَكِينَ ۝ (ف کہ بسبب کفر ہلاکت شدند) پس جہٹلایا اُنہون نے دو نونکو پس ہو گئے ہلاک کیے گیون سے

پارہ	سورۃ	رکوع	
۱۹	الفرقان	۳	لَقَدِ اسْتَكْبَرُوْا فِيْٓ اَنْفُسِهِمْ وَعَتَوْا عُتُوًّا كَبِيْرًا ۝ تحقیق تکبر کیا انہون نے بیچ جیون اپنے کے اور سرکشی کی انہون نے سرکشی بڑی ۔
״	״	۴	اَهٰذَا الَّذِيْ بَعَثَ اللّٰهُ رَسُوْلًا ۝ کیا یہی ہے جسکو بھیجا اللہ نے پیغمبر کر کر ۔
״	النمل	۱	وَجَحَدُوْا بِهَا وَاسْتَيْقَنَتْهَآ اَنْفُسُهُمْ ظُلْمًا وَّعُلُوًّا ط (ف لغطی نے کافر کیا) اور انکار کیا انکا اور یقین جان لیا تھا انکو جی انکے نے ظلم اور تکبر سے ۔
۲۰	القصص	۴	وَاسْتَكْبَرَ هُوَ وَجُنُوْدُهٗ (چہار آیات تا لَا يُبْصِرُوْنَ ۝ ف بیان منتہائے متکبران) اور تکبر کیا اُسنے اور لشکرون اُسکے نے ۔
״	״	۸	اِذْ قَالَ لَهٗ قَوْمُهٗ لَا تَفْرَحْ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُحِبُّ الْفَرِحِيْنَ ۝ جسوقت کہ کہا واسطے اُسکے قوم اُسکی نے مت خوش ہو تحقیق اللہ نہین دوست رکھتا بہت خوش ہونے والون کو ۔
״	״	۹	تِلْكَ الدَّارُ الْاٰخِرَةُ نَجْعَلُهَا لِلَّذِيْنَ لَا يُرِيْدُوْنَ عُلُوًّا فِي الْاَرْضِ وَلَا فَسَادًا ۭ وَالْعَاقِبَةُ لِلْمُتَّقِيْنَ ۝ یہ گھر پچھلا کرتے ہین ہم اوسکو واسطے اُن لوگون کے کہ نہین چاہتے بلندی بیچ زمین کے اور نہ فساد اور آخرت واسطے پرہیزگارون کے ہے ۔
״	العنکبوت	۴	فَاسْتَكْبَرُوْا فِي الْاَرْضِ وَمَا كَانُوْا سٰبِقِيْنَ ۝ فَكُلًّا اَخَذْنَا بِذَنْۢبِهٖ ۚ فَمِنْهُمْ مَّنْ اَرْسَلْنَا عَلَيْهِ حَاصِبًا ۚ وَمِنْهُمْ مَّنْ اَخَذَتْهُ الصَّيْحَةُ ۚ وَمِنْهُمْ مَّنْ خَسَفْنَا بِهِ الْاَرْضَ ۚ وَمِنْهُمْ مَّنْ اَغْرَقْنَا ۚ وَمَا كَانَ اللّٰهُ لِيَظْلِمَهُمْ وَلٰكِنْ كَانُوْٓا اَنْفُسَهُمْ يَظْلِمُوْنَ ۝ پس تکبر کیا انہون نے بیچ زمین کے اور نہین تھے ہمسے آگے نکل جانے والے پس ہر ایک کو پکڑا ہمنے ساتھ گناہون اُسکے کے پس بعض اُنہین سے وہ شخص ہے کہ بھیجا ہمنے اوپر اُسکے مینہ پتھرون کا اور بعض اُنہین سے وہ کہ پکڑا اُسکو آواز سخت نے اور بعض اُنہین سے وہ ہے کہ دھسایا ہمنے اُسکو زمین مین اور بعض اُنہین سے وہ ہے کہ ڈبو دیا ہمنے اُسکو اور نہ تھا اللہ کہ ظلم کرے اُنکو ولیکن تھے جانون اپنی کو ظلم کرتے ۔
۲۱	لقمن	۱	وَلَا تُصَعِّرْ خَدَّكَ لِلنَّاسِ وَلَا تَمْشِ فِي الْاَرْضِ مَرَحًا ۭ اور مت موڑ گال اپنی کو لوگون سے اور مت چل بیچ زمین کے اترا کر ۔
״	״	״	اِنَّ اللّٰهَ لَا يُحِبُّ كُلَّ مُخْتَالٍ فَخُوْرٍ ۝ تحقیق اللہ نہین دوست رکھتا ہر تکبر کرنیوالے شیخی کرنے والے کو
״	״	״	وَاقْصِدْ فِيْ مَشْيِكَ وَاغْضُضْ مِنْ صَوْتِكَ ۭ اِنَّ اَنْكَرَ الْاَصْوَاتِ لَصَوْتُ الْحَمِيْرِ ۝ اور بیچ کی راہ لے بیچ چال اپنی کے اور نرم کر آواز اپنی کو تحقیق بہت ناپسندیدہ آواز البتہ آواز گدہے کی ہے ۔

پارہ	سورۃ	رکوع	بیان
۲۱	السجدۃ	۱	وَبَدَاَ خَلْقَ الْاِنْسَانِ مِنْ طِيْنٍ ۔ ثُمَّ جَعَلَ نَسْلَهٗ مِنْ سُلٰلَةٍ مِّنْ مَّآءٍ مَّهِيْنٍ ۔ اور شروع کیا پیدا کرنا انسان کا مٹی سے پھر کی اولاد اسکی خلاصے پانی حقیر سے ۔
″	″	″	اِنَّمَا يُؤْمِنُ بِاٰيٰتِنَا الَّذِيْنَ اِذَا ذُكِّرُوْا بِهَا خَرُّوْا سُجَّدًا وَّسَبَّحُوْا بِحَمْدِ رَبِّهِمْ وَهُمْ لَا يَسْتَكْبِرُوْنَ ۔ سوا اسکے نہین کہ ایمان لاتی ہین ساتھہ نشانیون ہماری کے وہ لوگ کہ جب یاد دلائی جاتی ہین انکو گر پڑتے ہین سجدہ مین اور پاکی بیان کرتے ہین ساتھہ تعریف پروردگار اپنے کو اور وہ نہین تکبر کرتے ۔
۲۲	السبا	۴	يَقُوْلُ الَّذِيْنَ اسْتُضْعِفُوْا لِلَّذِيْنَ اسْتَكْبَرُوْا (ستہ آیات تا يَعْمَلُوْنَ ۔ گفتگوی ضعیفان و متکبران در قیامت) کہین گے وہ لوگ کہ ناتوان کیے گئے تھے واسطے انکے جو تکبر کرتے تھے ۔
″	″	″	وَمَآ اَرْسَلْنَا فِيْ قَرْيَةٍ مِّنْ نَّذِيْرٍ اِلَّا قَالَ مُتْرَفُوْهَآ اِنَّا بِمَآ اُرْسِلْتُمْ بِهٖ كٰفِرُوْنَ ۔ اور نہین بھیجا ہمنے بیچ کسی بستی کے کوئی ڈرانے والا مگر کہا دولتمندون اسکے نے تحقیق ہم ساتھہ اسچیز کے کہ بھیجے گئے ہو تم ساتھہ اسکے کافر ہین ۔
″	″	″	وَقَالُوْا نَحْنُ اَكْثَرُ اَمْوَالًا وَّاَوْلَادًا ۙ وَّمَا نَحْنُ بِمُعَذَّبِيْنَ ۔ قُلْ اِنَّ رَبِّيْ يَبْسُطُ الرِّزْقَ لِمَنْ يَّشَآءُ وَيَقْدِرُ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَعْلَمُوْنَ ۔ وَمَآ اَمْوَالُكُمْ وَلَآ اَوْلَادُكُمْ بِالَّتِيْ تُقَرِّبُكُمْ عِنْدَنَا زُلْفٰٓى (تا آخر) اور کہا انہون نے ہم زیادہ تر ہین مال و اولاد مین اور نہین ہم عذاب کیے گئے کہہ کہ تحقیق پروردگار میرا کھولتا ہے رزق واسطے جسکے چاہتا ہے اور بند کرتا ہے ولیکن بہت لوگ نہین جانتے اور نہین مال تمہارے اور نہ اولاد تمہاری وہ چیز کہ نزدیک کرے تمکو نزدیک ہمارے نزدیک کر کر ۔
۲۳	الصافات	۲	اِنَّا كَذٰلِكَ نَفْعَلُ بِالْمُجْرِمِيْنَ ۔ اِنَّهُمْ كَانُوْٓا اِذَا قِيْلَ لَهُمْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ يَسْتَكْبِرُوْنَ ۔ تحقیق ہم اسی طرح کرتے ہین ساتھہ گناہگارون کے تحقیق یہہ جسوقت کہا جاتا واسطے انکے نہین کوئی معبود مگر اللہ تکبر کرتے ۔
″	ص	۵	اِسْتَكْبَرَ وَكَانَ مِنَ الْكٰفِرِيْنَ ۔ (۱۱ - آیات بیان ثمرۂ تکبر و حال ابلیس ملعون) تکبر کیا اور تہا کافرون سے ۔
۲۴	الزمر	۶	بَلٰى قَدْ جَآءَتْكَ اٰيٰتِيْ فَكَذَّبْتَ بِهَا وَاسْتَكْبَرْتَ وَكُنْتَ مِنَ الْكٰفِرِيْنَ ۔ یہ نہین بلکہ تحقیق آچکین تیرے پاس نشانیان میری پس جہٹلایا انکو اور تکبر کیا تو نے اور تہا تو کافرون سے
″	″	″	اَلَيْسَ فِيْ جَهَنَّمَ مَثْوًى لِّلْمُتَكَبِّرِيْنَ ۔ کیا نہین بیچ دوزخ کے جگہ رہنے کی واسطے تکبر کرنیوالون کے

پارہ	سورۃ	رکوع	
۲۴	الزمر	۸	فبئس مثوى المتكبرين ۔ پس بری ہے جگہ رہنے تکبر کرنے والوں کی۔
"	المؤمن	۴	كذلك يطبع الله على كل قلب متكبر جبار ۔ اسی طرح مہر کرتا ہے اللہ اوپر دل ہر تکبر کرنے والے سرکش کے۔
"	"	۶	إن الذين يجادلون في آيات الله بغير سلطان أتاهم إن في صدورهم إلا كبر ما هم ببالغيه فاستعذ بالله إنه هو السميع البصير ۔ تحقیق وہ لوگ کہ جھگڑتے ہیں بیچ نشانیوں اللہ کے بغیر دلیل سے کہ آئی ہو انکے پاس نہیں بیچ سینوں انکے مگر تکبر نہیں وہ پہونچنے والے اسکے پس پناہ پکڑ ساتھ اللہ کے تحقیق وہی ہے سننے والا دیکھنے والا
"	"	"	إن الذين يستكبرون عن عبادتي سيدخلون جهنم داخرين ۔ تحقیق وہ لوگ کہ تکبر کرتے ہیں عبادت میری سے شتاب داخل ہونگے دوزخ میں ذلیل ہو کر۔
"	"	۸	ذلكم بما كنتم تفرحون في الأرض بغير الحق وبما كنتم تمرحون ۔ (ہفت آیات از پیش و پس بیان رسوائی عذاب متکبرات) یہ بسبب اسکے ہے کہ تھے تم خوش ہوتے بیچ زمین کے ناحق اور بسبب اسکے کہ تھے تم اتراتے۔
"	"	"	ادخلوا أبواب جهنم خالدين فيها فبئس مثوى المتكبرين ۔ داخل ہو دروازوں دوزخ کے ہمیشہ رہنے والے بیچ اسکے پس بری ہے جگہہ تکبر کرنے والوں کی۔
"	حٰم السجدہ	۲	فأما عاد فاستكبروا في الأرض بغير الحق وقالوا من أشد منا قوة (تا آخر [illegible]) پس جو عاد تھے پس تکبر کیا انہوں نے بیچ زمین کے ناحق اور کہا انہوں نے کون ہے زیادہ ہم سے قوت میں
"	"	۵	فإن استكبروا فالذين عند ربك يسبحون له بالليل والنهار وهم لا يسأمون ۔ پس اگر تکبر کریں پس جو کوئی کہ نزدیک پروردگار تیرے کے ہیں تسبیح کرتے ہیں واسطے اسکے رات اور دن اور وہ نہیں تھکتے۔
۲۵	زخرف	۳	وقالوا لولا نزل هذا القرآن على رجل من القريتين عظيم ۔ اور کہا انہوں نے کیوں نہ اتارا گیا یہ قرآن اوپر ایک بڑے مرد کے ان دونو بستیوں میں سے یعنی مکہ اور طائف۔
"	الجاثیہ	۴	أفلم تكن آياتي تتلى عليكم فاستكبرتم وكنتم قوما مجرمين ۔ (چند آیات از پیش و پس [illegible]) پس کیا نہیں آیتیں میری پڑھی جاتی اوپر تمہارے پس تکبر کیا تم نے اور تھے تم قوم گنہگار۔
"	"	"	وله الكبرياء في السماوات والأرض وهو العزيز الحكيم ۔ اور واسطے اسی کو ہے بزرگی بیچ آسمانوں کے اور زمین کے اور وہی ہے غالب حکمت والا۔

پارہ	سورۃ	رکوع	
۲۶	الاحقاف	۱	فَاٰمَنَ وَاسْتَكْبَرْتُمْ ۔ (از بیش وبیس) پس ایمان لایا اور تکبر کیا تمنے ۔
۲۷	النجم	۲	هُوَ اَعْلَمُ بِكُمْ اِذْ اَنْشَاَكُمْ مِّنَ الْاَرْضِ وَاِذْ اَنْتُمْ اَجِنَّةٌ فِيْ بُطُوْنِ اُمَّهٰتِكُمْ ۚ فَلَا تُزَكُّوْٓا اَنْفُسَكُمْ ۭ هُوَ اَعْلَمُ بِمَنِ اتَّقٰى ۔ وہ خوب جانتا ہے تمکو جسوقت کہ پیدا کیا تہا تمکو زمین سے اور جسوقت کہ تم بچے تہے بیچ پیٹون ماؤن اپنی کے پس مت پاک کہو تم جانون اپنی کو وہ خوب جانتا ہے اُس شخص کو کہ پرہیزگاری کرتا ہے ۔
۲۸	الحشر	۱	وَظَنُّوْٓا اَنَّهُمْ مَّانِعَتُهُمْ حُصُوْنُهُمْ مِّنَ اللّٰهِ فَاَتٰىهُمُ اللّٰهُ مِنْ حَيْثُ لَمْ يَحْتَسِبُوْا (تا آخر) اور گمان کرتے تہے وہ کہ بچا لیوینگے انکو قلعے اُنکے عذاب خدا کے سے پس آیا اُنپر عذاب خدا کا اُس جگہہ سے کہ نہ جانتا تہا ۔
۲۹	نوح	۱	وَاَصَرُّوْا وَاسْتَكْبَرُوا اسْتِكْبَارًا ۔ اور ستادگی کی اُنہوں نے اور تکبر کیا اُنہوں نے تکبر کرنا بڑا ۔
۳۰	عبس	۱	قُتِلَ الْاِنْسَانُ مَآ اَكْفَرَهٗ ۔ مِنْ اَيِّ شَيْءٍ خَلَقَهٗ ۔ مِنْ نُّطْفَةٍ ۭ خَلَقَهٗ فَقَدَّرَهٗ ۔ ثُمَّ السَّبِيْلَ يَسَّرَهٗ ۔ ثُمَّ اَمَاتَهٗ فَاَقْبَرَهٗ ۔ ثُمَّ اِذَا شَاۗءَ اَنْشَرَهٗ ۔ كَلَّا لَمَّا يَقْضِ مَآ اَمَرَهٗ ۔ مارا جایو آدمی کیا ناشکر ہے کس چیز سے پیدا کیا ہے اسکو نطفے سے پیدا کیا ہے اسکو پہر اندازہ کیا اسکو پہر راہ آسان کی اُسکی پہر مارا اسکو پہر گاڑا اُسکو پہر جب چاہیگا جلا اُٹھاویگا اُسکو ہرگز نہین پورا ابہی نہین ادا کی وہ چیز کہ حکم کیا اُسکو ۔

حال جہال وعوام کالانعام وملحدان وبیدینان

۱	البقرۃ	۸	قَالَ اَعُوْذُ بِاللّٰهِ اَنْ اَكُوْنَ مِنَ الْجٰهِلِيْنَ ۔ کہا پناہ پکڑتا ہون مین ساتہہ اللہ کو یہ کہ ہون مین جاہلون سے ۔
″	″	۱۱	وَقَالُوْا قُلُوْبُنَا غُلْفٌ ۭ بَلْ لَّعَنَهُمُ اللّٰهُ بِكُفْرِهِمْ فَقَلِيْلًا مَّا يُؤْمِنُوْنَ ۔ اور کہا اُنہون نے دل ہمارے غلاف مین ہین بلکہ لعنت کی اُنکو اللہ نے بسبب کفر اُنکے کے پس تہوڑے ہی ایمان لاتے ہین
۳	آل عمران	۱	فَاَمَّا الَّذِيْنَ فِيْ قُلُوْبِهِمْ زَيْغٌ فَيَتَّبِعُوْنَ مَا تَشَابَهَ مِنْهُ ابْتِغَاۗءَ الْفِتْنَةِ وَابْتِغَاۗءَ تَاْوِيْلِهٖ پس وہ لوگ کہ بیچ دلون اُنکے کے کجی ہے پس پیروی کرتے ہین اُسچیز کی کہ مشتبہ الّتی ہوئی اُس مین سے واسطے چاہنے گمراہی کے اور واسطے چاہنے حقیقت اُسکی کے
۵	النساء	۱۱	فَمَالِ هٰٓؤُلَاۗءِ الْقَوْمِ لَا يَكَادُوْنَ يَفْقَهُوْنَ حَدِيْثًا ۔ پس کیا ہے واسطے اُس قوم کے کہ نزدیک نہین کہ سمجہین یہ بات ۔

پارہ	سورۃ	رکوع	
٥	النساء	٢٠	إِذَا سَمِعْتُمْ آيَاتِ اللَّهِ يُكْفَرُ بِهَا وَيُسْتَهْزَأُ بِهَا فَلَا تَقْعُدُوا مَعَهُمْ (تا جَمِيعًا) جب سنو تم نشانیان اللہ کی کو کفر کیا جاتا ہے ساتھ انکے اور ٹھٹھا کیا جاتا ہے ساتھ انکے پس مت بیٹھو ساتھ ان کے۔
٦	"	٢١	وَيُرِيدُونَ أَنْ يُفَرِّقُوا بَيْنَ اللَّهِ وَرُسُلِهِ اور ارادہ کرتے ہین یہ کہ جدائی ڈالین درمیان اللہ کے اور رسول اسکے کے
"	"	٢٣	إِنَّ الَّذِينَ كَفَرُوا وَصَدُّوا عَنْ سَبِيلِ اللَّهِ قَدْ ضَلُّوا ضَلَالًا بَعِيدًا تحقیق جو لوگ کہ کافر ہوئے اور بند کیا انہون نے راہ خدا کے تحقیق گمراہ ہوئے گمراہی دور۔
"	المائدہ	١٠	كُلَّمَا جَاءَهُمْ رَسُولٌ بِمَا لَا تَهْوَى أَنْفُسُهُمْ فَرِيقًا كَذَّبُوا وَفَرِيقًا يَقْتُلُونَ جو وقت آیا انکے پاس پیغمبر ساتھ اس چیز کے کہ نہین چاہتے تھے جی انکے ایک فرقہ کو جھٹلایا اور ایک فرقہ کو مار ڈالتے تہین
"	الانعام	١	وَمَا تَأْتِيهِمْ مِنْ آيَةٍ مِنْ آيَاتِ رَبِّهِمْ إِلَّا كَانُوا عَنْهَا مُعْرِضِينَ اور نہین آتی انکے پاس کوئی نشانی نشانیون پروردگار انکے سے مگر ہوتے ہین اُسنے منہ پھیرنے والے۔
"	"	"	فَقَدْ كَذَّبُوا بِالْحَقِّ لَمَّا جَاءَهُمْ فَسَوْفَ يَأْتِيهِمْ أَنْبَاءُ مَا كَانُوا بِهِ يَسْتَهْزِئُونَ پس تحقیق جھٹلایا انہون نے حق کو جب آیا انکے پاس پس آوینگی انکے پاس خبرین اُس چیز کی کہ تھے وہ ساتھ اسکے ٹھٹھا کرتے
"	"	"	وَلَقَدِ اسْتُهْزِئَ بِرُسُلٍ مِنْ قَبْلِكَ فَحَاقَ بِالَّذِينَ سَخِرُوا مِنْهُمْ مَا كَانُوا بِهِ يَسْتَهْزِئُونَ اور البتہ ٹھٹھا کیا گیا ساتھ پیغمبرون کے پہلے تجھ سے پس گھیر لیا ان لوگون کو کہ ٹھٹھا کرتے تھے انمین سے اُس چیز نے کہ تھے ٹھٹھا کرتے۔
"	"	٤	فَإِنَّهُمْ لَا يُكَذِّبُونَكَ وَلَٰكِنَّ الظَّالِمِينَ بِآيَاتِ اللَّهِ يَجْحَدُونَ پس تحقیق وہ نہین جھٹلاتے ولیکن ظالم نشانیون اللہ کی کو انکار کرتے ہین۔
"	"	١٨	سَيَقُولُ الَّذِينَ أَشْرَكُوا لَوْ شَاءَ اللَّهُ مَا أَشْرَكْنَا وَلَا آبَاؤُنَا وَلَا حَرَّمْنَا مِنْ شَيْءٍ (تا يَخْرُصُونَ) البتہ کہین گے وہ لوگ کہ شریک لاتے ہین اگر چاہتا اللہ نہ شریک کرتے ہم اور نہ باپ ہمارے اور نہ حرام کرتے ہم کچھ۔
٩	الاعراف	١٧	وَإِنْ يَرَوْا سَبِيلَ الرُّشْدِ لَا يَتَّخِذُوهُ سَبِيلًا وَإِنْ يَرَوْا سَبِيلَ الْغَيِّ يَتَّخِذُوهُ سَبِيلًا اور اگر دیکھین راہ بھلائی کی نہ پکڑین اسکو راہ اور اگر دیکھین راہ گمراہی کی پکڑین اسکو راہ۔
"	"	٢٢	لَهُمْ قُلُوبٌ لَا يَفْقَهُونَ بِهَا وَلَهُمْ أَعْيُنٌ لَا يُبْصِرُونَ بِهَا وَلَهُمْ آذَانٌ لَا يَسْمَعُونَ بِهَا

پاره	سورة	رکوع	آیت و ترجمہ
			أُولَـٰئِكَ كَالْأَنْعَامِ بَلْ هُمْ أَضَلُّ ۚ أُولَـٰئِكَ هُمُ الْغَافِلُونَ ۝ واسطے اُنکے دل ہین کہ نہین سمجھتے ساتھہ اُنکے اور واسطے اُنکے آنکھین ہین کہ نہین دیکھتے ساتھہ اُنکے اور واسطے اُنکے کان ہین کہ نہین سنتے ساتھہ اُنکے یہ لوگ مانند چارپایون کی ہین بلکہ وہ زیادہ تر گمراہ ہین یہ لوگ وہ ہین غافل۔
۹	الاعراف	۲۲	وَذَرُوا الَّذِينَ يُلْحِدُونَ فِي أَسْمَائِهِ ۚ سَيُجْزَوْنَ مَا كَانُوا يَعْمَلُونَ ۝ اور چھوڑ دو اُنکو جو کجراہی کرتے ہین بیچ نامون اُسکے کے البتہ جزا دیے جاوینگے جو کچھ کرتے تھے۔
〃	〃	۲۴	خُذِ الْعَفْوَ وَأْمُرْ بِالْعُرْفِ وَأَعْرِضْ عَنِ الْجَاهِلِينَ ۝ پکڑ درگذر کو اور حکم کر ساتھہ بہتر کے اور مُنہ پھیر لے جاہلون سے
〃	الانفال	۳	إِنَّ شَرَّ الدَّوَابِّ عِندَ اللَّهِ الصُّمُّ الْبُكْمُ الَّذِينَ لَا يَعْقِلُونَ ۝ تحقیق بدتر چلنے والون کے نزدیک اللہ کے بہرے گونگے ہین وہ جو نہین سمجھتے۔
〃	〃	〃	وَلَوْ عَلِمَ اللَّهُ فِيهِمْ خَيْرًا لَّأَسْمَعَهُمْ ۖ وَلَوْ أَسْمَعَهُمْ لَتَوَلَّوا وَّهُم مُّعْرِضُونَ ۝ اور اگر جانتا اللہ بیچ اُنکے بھلائی البتہ سُناتا اُنکو اور اگر اب سُناوے اُنکو البتہ پھر جاوین اور وہ اس سے مُنہ پھیرنے والے ہوکر
〃	〃	۴	وَإِذْ قَالُوا اللَّهُمَّ إِن كَانَ هَـٰذَا هُوَ الْحَقَّ مِنْ عِندِكَ فَأَمْطِرْ عَلَيْنَا حِجَارَةً مِّنَ السَّمَاءِ أَوِ ائْتِنَا بِعَذَابٍ أَلِيمٍ ۝ اور جب کہا اُنہون نے یا اللہ اگر ہے یہ حق نزدیک تیرے سے پس برسا اوپر ہمارے پتھر آسمان سے یا لے آ ہمپر عذاب درد دینے والا۔
〃	〃	〃	وَمَا كَانَ صَلَاتُهُمْ عِندَ الْبَيْتِ إِلَّا مُكَاءً وَتَصْدِيَةً ۚ فَذُوقُوا الْعَذَابَ بِمَا كُنتُمْ تَكْفُرُونَ ۝ اور نہین ہے نماز اُنکی نزدیک کعبے کے مگر سیٹیان بجانی اور تالیان پس چکھو عذاب کو بسبب اُسکے کہ تھے تم کفر کرتے۔
۱۰	التوبة	۸	قُلِ اسْتَهْزِئُوا إِنَّ اللَّهَ مُخْرِجٌ مَّا تَحْذَرُونَ ۝ کہہ ٹھٹھا کرو تحقیق اللہ نکالنے والا ہے اُس چیز کا کہ ڈرتے ہو نکالنے اُسکے سے۔
〃	〃	〃	وَلَئِن سَأَلْتَهُمْ لَيَقُولُنَّ إِنَّمَا كُنَّا نَخُوضُ وَنَلْعَبُ ۚ قُلْ أَبِاللَّهِ وَآيَاتِهِ وَرَسُولِهِ كُنتُمْ تَسْتَهْزِئُونَ ۝ اور البتہ اگر پوچھے تو اُنسے البتہ کہین گے سوا اسکے نہین کہ ہم بحث کرتے تھے اور کھیلتے تھے کہہ کیا ساتھہ اللہ کے اور نشانیون اُسکی کے اور رسول اُسکے تھے ہو ٹھٹھا کرنیوالے
〃	〃	〃	يَأْمُرُونَ بِالْمُنكَرِ وَيَنْهَوْنَ عَنِ الْمَعْرُوفِ ۝ حکم کرتے ہین ساتھہ نامعقول کے اور منع کرتے ہین معقول سے۔

پارہ	سورۃ	رکوع	
۱۱	یونس	۲	قَالَ الَّذِيْنَ لَا يَرْجُوْنَ لِقَآءَنَا ائْتِ بِقُرْاٰنٍ غَيْرِ هٰذَآ اَوْ بَدِّلْهُ ؕ کہتے ہین وہ لوگ کہ نہین امید رکہتے ملاقات ہماری کی لے آ، قرآن سوای اسکے یا بدل ڈال اسکو۔
۱۲	ھود	۸	قَالُوْا يٰشُعَيْبُ اَصَلٰوتُكَ تَاْمُرُكَ اَنْ نَّتْرُكَ مَا يَعْبُدُ اٰبَآؤُنَآ اَوْ اَنْ نَّفْعَلَ فِيْٓ اَمْوَالِنَا مَا نَشٰٓؤُا ؕ اِنَّكَ لَاَنْتَ الْحَلِيْمُ الرَّشِيْدُ ۰ کہا انہون نے ای شعیب کیا نماز تیری حکم کرتی ہے تجہکو یہ کہ چہوڑدین ہم اسچیز کو کہ عبادت کرتے تہے باپ ہمارے یا یہ کہ کرین ہم بیچ مالون اپنے کے جو کچہ چاہین تحقیق تو البتہ تحمل والا بہلائی والا ہے
۱۳	الرعد	۵	وَلَقَدِ اسْتُهْزِئَ بِرُسُلٍ مِّنْ قَبْلِكَ فَاَمْلَيْتُ لِلَّذِيْنَ كَفَرُوْا ثُمَّ اَخَذْتُهُمْ ۫ فَكَيْفَ كَانَ عِقَابِ ۰ اور البتہ تحقیق ٹہٹہا کیا گیا ساتہہ پیغمبرون کے پہلے تجہ سے پس ڈہیل دی مینے واسطے اُن لوگون کے جو کافر ہوئے تہے پہر پکڑ لیا مینے انکو پہر کیونکر تہا عذاب میرا۔
۱۴	الحجر	۱	وَقَالُوْا يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْ نُزِّلَ عَلَيْهِ الذِّكْرُ اِنَّكَ لَمَجْنُوْنٌ ۰ اور کہا کافرون نے ای وہ شخص کہ اتارا گیا ہے اوپر اُسکے ذکر تحقیق تو البتہ دیوانہ ہے۔
"	"	"	وَمَا يَاْتِيْهِمْ مِّنْ رَّسُوْلٍ اِلَّا كَانُوْا بِهٖ يَسْتَهْزِءُوْنَ ۰ اور نہین آتا تہا اُنکے پاس کوئی پیغمبر مگر تہے ساتہہ اُسکے ٹہٹہا کرتے۔
"	"	۶	اِنَّا كَفَيْنٰكَ الْمُسْتَهْزِءِيْنَ ۰ تحقیق ہمنے کفایت کیا ہے تجہکو ٹہٹہا کرنے والون سے۔
"	النحل	۵	وَقَالَ الَّذِيْنَ اَشْرَكُوْا لَوْ شَآءَ اللّٰهُ مَا عَبَدْنَا مِنْ دُوْنِهٖ مِنْ شَيْءٍ نَّحْنُ وَلَآ اٰبَآؤُنَا وَلَا حَرَّمْنَا مِنْ دُوْنِهٖ مِنْ شَيْءٍ ؕ کہا ان لوگون نے جو شریک لاتے ہین اگر چاہتا اللہ نہ عبادت کرتے ہم سوای اُسکے کسی چیز کو ہم اور نہ باپ ہمارے اور نہ حرام کر ڈالتے ہم سوا ہو اُسکے بن کہے اُسکے کسی چیز کو۔
"	"	"	كَذٰلِكَ فَعَلَ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ ۚ فَهَلْ عَلَى الرُّسُلِ اِلَّا الْبَلٰغُ الْمُبِيْنُ ۰ اسیطرح کیا اُن لوگون نے جو پہلے اُنسے تہے پس آیا ہی اوپر پیغمبرون کے مگر پہونچا دینا ظاہر۔
۱۵	بنی اسرائیل	۵	وَاِذَا ذَكَرْتَ رَبَّكَ فِي الْقُرْاٰنِ وَحْدَهٗ وَلَّوْا عَلٰٓى اَدْبَارِهِمْ نُفُوْرًا ۰ اور جسوقت کہ یاد کرتا ہے تو پروردگار اپنے کو بیچ قرآن کے اکیلا پہر جاتے ہین اوپر پیٹہون اپنی کے بہاگتے ہوے
۱۷	الانبیاء	۳	وَاِذَا رَاٰكَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اِنْ يَّتَّخِذُوْنَكَ اِلَّا هُزُوًا ؕ اور جسوقت کہ دیکہتے ہین تجہکو وہ لوگ کہ کافر ہوئے نہین پکڑتے تجہکو مگر ٹہٹہا۔

پارہ	سورۃ	رکوع	
١٧	الانبیا	٣	وَلَقَدِ اسْتُهْزِئَ بِرُسُلٍ مِّنْ قَبْلِكَ فَحَاقَ بِالَّذِيْنَ سَخِرُوْا مِنْهُمْ مَّا كَانُوْا بِهٖ يَسْتَهْزِءُوْنَ ۔ اور البتہ تحقیق ٹھٹھا کیا گیا تھا ساتھ پیغمبرون کے پہلے تجھ سے پس گھیر لیا ان لوگون کو کہ ٹھٹھا کرتے تھے انمین سے اُس چیز نے کہ تھے ساتھ اُسکے ٹھٹھا کرتے ۔
〃	الحج	١	وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يُّجَادِلُ فِي اللّٰهِ بِغَيْرِ عِلْمٍ وَّيَتَّبِعُ كُلَّ شَيْطٰنٍ مَّرِيْدٍ ۔ اور بعضے لوگ وہ شخص ہین کہ جھگڑتے ہین بیچ توحید خدا کے بغیر علم کے اور پیروی کرتے ہین ہر شیطان سرکش کی
〃	〃	〃	وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يُّجَادِلُ فِي اللّٰهِ بِغَيْرِ عِلْمٍ وَّلَا هُدًى وَّلَا كِتٰبٍ مُّنِيْرٍ ۔ (تا آیات لِلْعَبِيْدِ) اور بعض لوگون سے وہ ہے جو جھگڑتا ہے بیچ خدا کے بغیر علم کے اور بغیر ہدایت کے اور نہ کتاب روشن کے ۔
〃	〃	٩	وَاِذَا تُتْلٰى عَلَيْهِمْ اٰيٰتُنَا بَيِّنٰتٍ تَعْرِفُ فِيْ وُجُوْهِ الَّذِيْنَ كَفَرُوا الْمُنْكَرَ ... اَلْمَصِيْرُ ۔ ف قرآن و حدیث کو سنکر چین بجبین ہونا اور خشمناک ہونا کافرون کی خصلت ہی اور جسوقت پڑھی جاتی ہین اوپر اُنکے نشانیان ہماری روشن پہچانتا ہے تو بیچ موہون ان لوگون کے کہ کافر ہوئے ناخوشی کو ۔
١٩	الفرقان	٤	وَاِذَا رَاَوْكَ اِنْ يَّتَّخِذُوْنَكَ اِلَّا هُزُوًا اَهٰذَا الَّذِيْ بَعَثَ اللّٰهُ رَسُوْلًا ۔ (دو آیت) اور جس وقت کہ دیکھتے ہین تجھکو نہین پکڑتے تجھکو مگر ٹھٹھا کیا یہی ہو جسکو بھیجا اللہ نے پیغمبر کر ۔
〃	الشعرا	٧	قَالُوْا سَوَآءٌ عَلَيْنَآ اَوَعَظْتَ اَمْ لَمْ تَكُنْ مِّنَ الْوٰعِظِيْنَ ۔ (تا آیات) کہا اُنہون نے برابر ہے اوپر ہمارے کیا تو نصیحت کرے یا نہ ہو تو نصیحت کرنے والون سے ۔
〃	〃	٨	قَالَ اِنَّمَآ اَنْتَ مِنَ الْمُسَحَّرِيْنَ ۔ (ف قول ثمود) کہا اُنہون نے سوا اسکے نہین کہ تو جادو کیے ہوؤن سی ہے
〃	〃	٩	قَالُوْا لَئِنْ لَّمْ تَنْتَهِ يٰلُوْطُ لَتَكُوْنَنَّ مِنَ الْمُخْرَجِيْنَ ۔ کہا اُنہون نے اگر نہ باز رہیگا تو اے لوط البتہ ہوگا نکالے گیون سے ۔
〃	〃	١٠	قَالُوْٓا اِنَّمَآ اَنْتَ مِنَ الْمُسَحَّرِيْنَ ۔ (تا سہ آیات قول اصحاب الایکہ) کہا اُنہون نے سوا اس کے نہین کہ تو جادو کیے گیون سے ہے ۔
٢٠	القصص	٦	سَلٰمٌ عَلَيْكُمْ لَا نَبْتَغِى الْجٰهِلِيْنَ ۔ (از ماقبل بیان قول صلحا) سلام رخصت کا ہی اوپر تمہارے نہین چاہتے ہم جاہلون کو ۔
٢٢	سبا	٢	وَقَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا هَلْ نَدُلُّكُمْ عَلٰى رَجُلٍ يُّنَبِّئُكُمْ اِذَا مُزِّقْتُمْ كُلَّ مُمَزَّقٍ اِنَّكُمْ لَفِيْ خَلْقٍ جَدِيْدٍ ۔ اَفْتَرٰى عَلَى اللّٰهِ كَذِبًا اَمْ بِهٖ جِنَّةٌ ۔ اور کہا ان لوگون نے کہ کافر ہوئے کیا راہ

پارہ	سورۃ	رکوع	متن
			بتاویں ہم تمکو اوپر اُس شخص کے کہ خبر دیتا ہے تمکو جب ریزہ ریزہ ہو جاؤ گے تم نہایت ریزہ ریزہ ہو جانا تحقیق تم البتہ بیچ پیدایش نئی کے ہو کیا باندہ لیا ہے اُسنے اوپر اللہ کے جھوٹ یا اسکو جنون ہے
۲۳	یٰس	۲	یٰحَسْرَةً عَلَى الْعِبَادِ مَا يَأْتِيهِمْ مِنْ رَسُولٍ إِلَّا كَانُوا بِهِ يَسْتَهْزِئُونَ ۝ اے ارمان اوپر اُن بندوں کے کہ نہیں آیا اُنکے پاس کوئی پیغمبر مگر تھے ساتھ اُسکے ٹھٹھا کرتے۔
۲۴	الزمر	۵	وَحَاقَ بِهِمْ مَا كَانُوا بِهِ يَسْتَهْزِئُونَ ۝ اور گھیر لیا جو کچھ کہ تھے ساتھ اُسکے ٹھٹھا کرتے۔
〃	المؤمن	۶	إِنَّ الَّذِينَ يُجَادِلُونَ فِي آيَاتِ اللَّهِ بِغَيْرِ سُلْطَانٍ أَتَاهُمْ إِنْ فِي صُدُورِهِمْ إِلَّا كِبْرٌ مَا هُمْ بِبَالِغِيهِ فَاسْتَعِذْ بِاللَّهِ إِنَّهُ هُوَ السَّمِيعُ الْبَصِيرُ ۝ تحقیق وہ لوگ کہ جھگڑتے ہیں بیچ نشانیوں اللہ کے بغیر دلیل کے کہ آئی ہوں اُنکے پاس نہیں بیچ سینے اُنکی کے مگر تکبر نہیں وہ پہونچنے والے اُسکے پس پناہ پکڑ ساتھ اللہ کے تحقیق وہی ہے سننے والا دیکھنے والا
〃	حم السجدہ	۱	فَأَعْرَضَ أَكْثَرُهُمْ فَهُمْ لَا يَسْمَعُونَ ۝ پس منہ پھیر لیا بہتوں اُنکو نے پس وہ نہیں سنتے۔
〃	〃	〃	وَقَالُوا قُلُوبُنَا فِي أَكِنَّةٍ مِمَّا تَدْعُونَا إِلَيْهِ وَفِي آذَانِنَا وَقْرٌ وَمِنْ بَيْنِنَا وَبَيْنِكَ حِجَابٌ فَاعْمَلْ إِنَّنَا عَامِلُونَ ۝ اور کہا انہوں نے دل ہمارے بیچ پردوں کے ہیں اُس چیز سے کہ پکارتا ہے تو ہمکو طرف اُسکی اور بیچ کانوں ہمارے کے بوجھ ہے اور درمیان ہمارے اور درمیان تیرے پردہ ہے پس عمل کر تو تحقیق ہم عمل کرنے والے ہیں۔
〃	〃	۴	وَقَالَ الَّذِينَ كَفَرُوا لَا تَسْمَعُوا لِهَذَا الْقُرْآنِ وَالْغَوْا فِيهِ لَعَلَّكُمْ تَغْلِبُونَ ۝ اور کہا اُن لوگوں نے جو کافر ہوئے مت سنو اس قرآن کو اور بک بک کرو بیچ اُسکے تو کہ تم غالب ہو۔
۲۵	الزخرف	۱	وَمَا يَأْتِيهِمْ مِنْ نَبِيٍّ إِلَّا كَانُوا بِهِ يَسْتَهْزِئُونَ ۝ اور نہ آتا تھا اُنکے پاس کوئی نبی مگر تھے ساتھ اُسکے ٹھٹھا کرتے۔
〃	〃	۳	وَقَالُوا لَوْلَا نُزِّلَ هَذَا الْقُرْآنُ عَلَى رَجُلٍ مِنَ الْقَرْيَتَيْنِ عَظِيمٍ ۝ اور کہا انہوں نے کیوں نہ اتارا گیا یہ قرآن اوپر ایک بڑے کے ان دونوں بستیوں میں سے یعنے مکہ اور طائف۔
〃	الجاثیہ	۱	يَسْمَعُ آيَاتِ اللَّهِ تُتْلَى عَلَيْهِ ثُمَّ يُصِرُّ مُسْتَكْبِرًا كَأَنْ لَمْ يَسْمَعْهَا فَبَشِّرْهُ بِعَذَابٍ أَلِيمٍ ۝ سنتا ہے نشانیوں اللہ کی کو پڑھی جاتی ہیں اوپر اُسکے پھر اصرار کرتا ہے تکبر کرتا ہوا گویا کہ نہیں سنا اُنکو پس خبر دے اُسکو ساتھ عذاب درد دینے والے کے۔
〃	〃	〃	وَإِذَا عَلِمَ مِنْ آيَاتِنَا شَيْئًا اتَّخَذَهَا هُزُوًا أُولَئِكَ لَهُمْ عَذَابٌ مُهِينٌ ۝ اور جب جانتا ہے نشانیوں ہماریوں میں سے کوئی چیز پکڑتا ہے اُسکو ٹھٹھا یہ لوگ واسطے اُنکے ہے عذاب سوا کرنیوالا

پارہ	سورۃ	رکوع	عبارت
۲۵	الجاثیۃ	۴	قلتم ما ندری ما الساعۃ ان نظن الا ظنا وما نحن بمستیقنین ۰ کہتے تھے تم نہیں جانتے ہم کیا ہے قیامت نہیں گمان کرتے ہم مگر گمان تھوڑا اور نہیں ہم یقین لانے والے۔
۲۶	الاحقاف	۱	ام یقولون افترٰہ ۰ کیا کہتے ہیں کہ باندھ لیا اسکو۔
〃	〃	۲	وقال الذین کفروا للذین امنوا لو کان خیرا ما سبقونا الیہ اور کہا ان لوگوں نے کہ کافر تھے واسطے ان لوگوں کے کہ ایمان لائے اگر ہوتا یہ دین بہتر نہ آگے نکلجاتے ہم سے طرف اسکی۔
〃	〃	〃	واذ لم یہتدوا بہ فسیقولون ھذا افک قدیم ۰ اور جسوقت کہ نہ راہ پائی ساتھ اسکے پس البتہ کہیں گے یہ جھوٹ ہے قدیم۔
〃	〃	〃	فیقول ما ھذا الا اساطیر الاولین ۰ پس کہتا ہے نہیں یہ مگر کہانیاں پہلوں کی۔
〃	〃	۳	وحاق بہم ما کانوا بہ یستہزءون ۰ اور گھیر لیا انکو اس چیز نے کہ تھے ساتھ اسکے ہنسٹھا کرتے
۲۷	الذٰریٰت	۳	کذلک ما اتی الذین من قبلہم من رسول الا قالوا ساحر او مجنون ۰ اسی طرح نہیں آیا تھا ان لوگوں کو کہ پہلے ان سے تھے کوئی پیغمبر مگر کہا انہوں نے جادوگر ہے یا دیوانہ۔
〃	الطور	۲	ام یقولون شاعر نتربص بہ ریب المنون ۰ کیا کہتے ہیں کہ شاعر ہے انتظار رکھتے ہیں ہم ساتھ اسکے حادثے موت کے کا

بیان ابلیس اور شیاطین کا

پارہ	سورۃ	رکوع	عبارت
۱	البقرۃ	۱	واذا خلوا الی شیٰطینہم قالوا انا معکم اور جب اکیلے ہوتے ہیں طرف سرداروں اپنے کی کہتے ہیں تحقیق ہم ساتھ تمہارے ہیں۔
〃	〃	۴	فسجدوا الا ابلیس ابی واستکبر وکان من الکٰفرین ۰ پس سجدہ کیا مگر شیطان نے نہ مانا اور تکبر کیا اور تھا کافروں سے۔
〃	〃	〃	فازلہما الشیطٰن عنہا فاخرجہما مما کانا فیہ ۰ پس پھسلا دیا انکو شیطان نے اس سے پس نکالا ان دونوں کو کہ تھے بیچ اسکے۔
〃	〃	〃	وقلنا اھبطوا بعضکم لبعض عدو ۰ اور کہا ہم نے اترو بعضے تمہارے واسطے بعض کے دشمن ہیں
〃	〃	۱۲	واتبعوا ما تتلوا الشیٰطین علی ملک سلیمٰن ۰ اور پیروی کرتے ہیں اس چیز کی کہ پڑھتے تھے شیطان بیچ وقت سلیمان کے۔
〃	〃	〃	ولٰکن الشیٰطین کفروا یعلمون الناس السحر (تا آخر) ولیکن شیطانوں نے کفر کیا تھا

پارہ	سورۃ	رکوع	
			سکہاتے ہتے لوگون کو جادو۔
۲	البقرۃ	۲۱	وَلَا تَتَّبِعُوْا خُطُوٰتِ الشَّيْطٰنِ اِنَّهٗ لَكُمْ عَدُوٌّ مُّبِيْنٌ ۔ اور مت پیروی کرو شیطان کی تحقیق وہ واسطے تمہارے دشمن ہے ظاہر۔
〃	〃	〃	اِنَّمَا يَاْمُرُكُمْ بِالسُّوْٓءِ وَالْفَحْشَآءِ وَاَنْ تَقُوْلُوْا عَلَى اللّٰهِ مَا لَا تَعْلَمُوْنَ ۔ سوا اسکے نہین کہ حکم کرتا ہے تمکو ساتہہ برائی کے اور بیحیائی کے یعنے گناہ صغیرہ اور یہ کہ کہو اوپر اللہ کے وہ کچھ کہ نہین جانتے ہو۔
〃	〃	۲۵	وَلَا تَتَّبِعُوْا خُطُوٰتِ الشَّيْطٰنِ اِنَّهٗ لَكُمْ عَدُوٌّ مُّبِيْنٌ ۔ اور مت پیروی کرو قدمون شیطان کی تحقیق وہ واسطے تمہارے دشمن ہے ظاہر۔
۳	〃	۳۴	فَمَنْ يَّكْفُرْ بِالطَّاغُوْتِ وَيُؤْمِنْ بِاللّٰهِ فَقَدِ اسْتَمْسَكَ بِالْعُرْوَةِ الْوُثْقٰى لَا انْفِصَامَ لَهَا وَاللّٰهُ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ۔ پس جو کوئی کفر کرے ساتہہ شیطان کے اور ایمان لاوے ساتہہ اللہ کے پس تحقیق پکڑ رکہا اُسنے کڑا مضبوط نہین ٹوٹنا واسطے اُسکے اور اللہ سننے والا جاننے والا ہے
〃	〃	〃	وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اَوْلِيٰٓـئُهُمُ الطَّاغُوْتُ يُخْرِجُوْنَهُمْ مِّنَ النُّوْرِ اِلَى الظُّلُمٰتِ ۔ اور جو لوگ کہ کافر ہوئے دوست اُنکے شیطان ہین نکالتے ہین اُنکو روشنی سے طرف اندہیرون کی۔
〃	〃	۳۷	اَلشَّيْطٰنُ يَعِدُكُمُ الْفَقْرَ وَيَاْمُرُكُمْ بِالْفَحْشَآءِ ۔ (تا آخر) شیطان وعدہ دیتا ہے تمکو فقر کا اور حکم کرتا ہے تمکو ساتہہ بے حیائی کے۔
〃	〃	۳۸	اَلَّذِيْنَ يَاْكُلُوْنَ الرِّبٰوا لَا يَقُوْمُوْنَ اِلَّا كَمَا يَقُوْمُ الَّذِيْ يَتَخَبَّطُهُ الشَّيْطٰنُ مِنَ الْمَسِّ ۔ جو لوگ کہ کہاتے ہین سود نہین کہڑے ہونگے قبرون سے مگر جیسا کہڑا ہوتا ہے وہ شخص کہ باولا کرتا ہے اُسکو شیطان [illegible]
〃	آل عمران	۴	وَاِنِّيْٓ اُعِيْذُهَا بِكَ وَذُرِّيَّتَهَا مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ ۔ اور تحقیق مینے پناہ دی اُسکو ساتہہ تیرے اور اولاد اُسکی کو شیطان راندے ہوئے سے
۴	〃	۱۶	اِنَّمَا اسْتَزَلَّهُمُ الشَّيْطٰنُ بِبَعْضِ مَا كَسَبُوْا ۔ سوا اسکے نہین کہ ڈگایا اُسکو شیطان نے بعض اُس چیز سے کہ کمایا تہا اونہون نے
